مجموعہ تحقیقات علمیہ

کلیہ جامعہ عثمانیہ

مجریہ
محمد عبد الرحمن خان
عبد الحق
سید عبد اللطیف

جلد دوم

من جانب
مجلس تحقیقات علمیہ کلیۂ جامعۂ عثمانیہ
حیدرآباد دکن
سنہ ۱۹۳۴ ع

فہرست مضامین

(۱) پیش نامہ منجانب صدر کلیہ (الف)

(۲) فہرست ارکان مجلس تحقیقات کلیہ (ج)

(۳) سیف الدولہ حمدانی ۱

از محمد جمیل الرحمن مددگار پروفیسر تاریخ

(۴) اردو مرثیوں کے ابتدائی گہوارے ۴۹

از سید محی الدین قادری مددگار پروفیسر اردو

(۵) خبر رویتہ الہلال ۷۶

از محمد عبد القدیر صدیقی صدر شعبۂ دینیات

(۶) ہندوستان میں مغلوں کا قانونی نظم و نسق ۸۴

از ابن حسن مددگار پروفیسر تاریخ

(۷) اردو شاعری میں ایہام گوئی ۱۰۹

از عبد الحق صدر شعبۂ اردو

مجلس تحقیقات علمیہ (ریسرچ بورڈ) کلیہ جامعہ عثمانیہ

صدر نشین

پرنسپل محمد عبدالرحمن خان بی، اے (مدراس) اے، ار، سی یس-بی، یس سی (لندن)
ایف، ار، اے، یس

متعمد اعزازی

پروفیسر سید عبداللطیف۔ پی ایچ، ڈی (لندن)

اراکین

پروفیسر قاضی محمد حسین یم، اے۔ ال ال، بی (کیمبرج) بار، اٹ، لا
,, مرزا حسین علی خان بی، اے (اکسن) بار، اٹ، لا
,, مولوی عبدالحق بی، اے
,, هارون خان شروانی یم، اے (اکسن) بار، اٹ، لا
,, رائے کشن چند یم، اے (کیمبرج)
,, مظفر الدین قریشی یم، اے (پنجاب) پی ایچ، ڈی (برلن)
,, محمد عبدالقدیر صدیقی مولوی فاضل
,, حسین علی مرزا بار، اٹ، لا
,, محمد نظام الدین پی ایچ، ڈی (کیمبرج)
,, عبدالحق بی، لٹ، ڈی، فل (اکسن)
,, وحید الرحمن بی یس، سی (کلکته)
,, خلیفه عبدالحکیم یم، اے (پنجاب) پی ایچ، ڈی (هیڈل برگ)
,, سید حسین یم، یس سی (علیگ) پی ایچ، ڈی (لندن)
,, میر سیادت علی خان یم، اے۔ ال، ال، بی (عثمانیه) بی،سی، ال، بار، اٹ، لا۔ ڈی فل (اکسن)

پروفیسر آر سبا راؤ

،، ٹی۔ آر۔ راما راؤ بی، اے (مدراس)

،، سید جعفر حسن پی ایچ، ڈی (ہیڈل برگ)

،، سی، ین جوشی یم، اے (بمبئی)

،، میر ولی الدین یم۔ اے (علیگ) پی ایچ۔ ڈی (لندن) بار۔ اٹ۔ لا

،، یوسف حسن خان ڈی لٹ (پیرس)

،، سید محمد علی خان بی۔ اے (عثمانیہ) اے۔ ار۔ سی۔ یس۔ بی۔ ایس۔ سی (لندن)

،، محمد رضی الدین صدیقی۔ یم۔ اے (کیمبرج) پی ایچ۔ ڈی (لائپ زگ)

،، قاری سید کلیم اللہ حسینی۔ یم۔ اے۔ ال۔ ال۔ بی (عثمانیہ) پی ایچ۔ ڈی (لندن)

،، ظہیر الدین احمد ڈاکٹر ز ڈیپلوما (قاہرہ)

،، سید غلام محی الدین۔ یم۔ اے (عثمانیہ) پی ایچ۔ ڈی (لندن)

،، ابن حسن۔ یم۔ اے (الہ آباد) پی۔ ایچ ڈی (لندن)

،، محمد سعید الدین۔ بی۔ یس سی (بمبئی) یم۔ اے (اڈنبرا)

،، بی۔ کے داس۔ ڈی۔ یس سی (لندن)

مطبوعہ یقین پریس گنشمہ روڈ حیدرآباد دکن

سیف الدولہ حمدانی

از

جناب محمد جمیل الرحمن صاحب۔ ایم اے۔ پروفیسر۔ کلیہ جامعۂ عثمانیہ

کان بنو حمدان ملوکا و امراء اوجههم للصباحة والسنتهم للفصاحة و ایدیهم للسماحة و عقولهم للرجاحة ؛ و سیف الدولة مشهور بسیادتهم ، و واسطة قلادتهم ؛ و کان رضی الله عنه و ارضاه و جعل الجنة ماواه : غرة الزمان وعماد الاسلام ، و من به سداد الثغور و سداد الامور ؛ وکانت وقائعه فی عصاة العرب یکفف باسها و تفل انیابها وتذل صعابها و تکفی الرعیة سوء آدابها ؛ وغزواته تدرك من طاغیة الناس و تحسم شر النار و تحس فی الاسلام الآثار ؛ و حضرته مقصد الوفود و مطلع الجود ؛ و قبلة الآمال و محط الرحال ، و موسم الادباء و حلبة الشعراء [۱] ۔

(۱)

خلفاء عباسیہ ایرانیوں ، خصوصاً خراسانیوں کو اپنا سب سے بڑا مددگار سمجھتے تھے ، اور شروع سے ہی ان کی حکمت عملی یہ رہی تھی کہ جہاں تک ہو سکے عربوں کو بے دخل کرکے ایرانیوں کو دربار میں ، اور دوسری ملازمتوں میں زیادہ جگہ دی جائے ۔ مگر عربوں کو یہ گوارا نہ تھا کہ وہی قوم جسے چند سال قبل وہ اس قدر ذلیل و خوار سمجھتے تھے ، اب ان پر حاوی ہو جائے اور وہ اپنی برتری قائم رکھنے کی کوئی کوشش نہ کریں ۔ یہی وجہ تھی کہ شروع سے ہی بنی عباس کا دربار عربوں اور ایرانیوں کی سیاسی جنگ کا اکھاڑا بن گیا تھا ۔ مگر عربوں کی کوششیں بارآور نہ ہوئیں ۔

---

[۱] ثعالبی : یتیمۃ الدہر ۔ مطبوعہ دمشق ۔ ج ا ۔ ص ۹ ۔

خلیفہ ہارون الرشید کے عہد میں عجمی اثرات حد کو پہنچ گئے تھے ، اور برامکہ نہ صرف دربار خلافت بلکہ خود خلیفہ پر بھی حاوی ہوگئے تھے - اب عربوں کی طرف سے اس خاندان وزارت کے خلاف سازشیں شروع ہوئیں - عرب اتنے کامیاب ضرور ہوئے کہ سنہ ۱۸۷ (سنہ ۸۰۲) میں برامکہ بالکل تباہ کردئے گئے - مگر یہ کامیابی محض وقتی ثابت ہوئی - ہارون الرشید کی وفات کے بعد جب امین و مامون میں خانہ جنگی شروع ہوئی تو ایرانیوں کے جوڑ توڑ کا عرب مقابلہ نہ کرسکے - امین کا قتل اور مامون کی خلافت درحقیقت عربوں کی آخری شکست تھی - اس کے بعد عرب سیاسیات سے تقریباً بالکل کنارہ کش ہوگئے ، اور ایرانیوں کے لئے میدان صاف ہوگیا - اب عجمیت نے اپنا رنگ جمایا ، اور ہم یہ دیکھتے ہیں کہ خلیفہ مامون کے عہد میں ہی طاہریہ خراسان میں تقریباً خود مختار ہوچکے تھے -

مامون کے جانشین ، معتصم ، کو ایرانیوں کی بڑھتی ہوئی طاقت کے خطرہ کا احساس ہوا - اس وقت دوبارہ عربوں کو ایرانیوں کا مد مقابل بنانا امکان سے باہر تھا - اس لئے معتصم نے وسط ایشیا کے ترکوں کی فوج بھرتی کرنی شروع کی ، اور یہ چاہا کہ اس نئی فوج کو طرح طرح کی مراعات دے کر بالکل اپنا کر لے ، تاکہ آنے والے خلفاء ان پر پورا بھروسہ کرسکیں ، اور ان کے ذریعہ سے ایرانیوں کا زور حتی الامکان توڑا جاسکے - مگر یہی مراعات خلفاء کے لئے زہر ثابت ہوئیں - ترکی فوج رفتہ رفتہ خود سر ہوتی گئی - آخر خلیفہ متوکل کو قتل کرکے یہی ترک ، جن پر معتصم کو اتنا بھروسہ تھا ، خلافت پر پوری طرح حاوی ہوگئے اور خلفاء ان کے ہاتھوں میں کٹ پتلی بن گئے -

ایک طرف تو دربار خلافت ترکوں کے قبضہ میں تھا ، اور ترک امراء خلیفہ کو بنا اور بگاڑ سکتے تھے ، دوسری طرف ایرانی برابر اپنے کام میں مشغول تھے - جابجا ان کے حکمراں خاندان قائم ہوتے جارہے تھے ، جو اپنے آپ کو خلیفہ کا مطیع اور نائب ظاہر کرتے تھے ، مگر درحقیقت بالکل خود مختار تھے - ترکوں میں بظاہر سلطنت قائم کرنے کی صلاحیت نہ تھی ، مگر باوجود اس کے وہ بھی بعض علاقوں پر قابض تھے - دربار خلافت تو بالکل انہیں لوگوں کے قبضے میں تھا ، جہاں اپنی سازشوں سے یہ برابر خلیفہ کے اقتدار کو نقصان پہنچا رہے تھے -

تیسری صدی ہجری (نویں صدی عیسوی) میں خلافت کے مشرقی علاقوں کی یہ حالت تھی کہ طاہریہ زندگی کے آخری سانس لے رہے تھے ، اور بالآخر سنہ ۲۵۹ (سنہ ۸۷۲) میں صفاریہ کے ہاتھوں برباد ہوئے ۔ مگر صفاریہ بھی زیادہ مدت تک باقی نہ رہے ، اور سنہ ۲۸۷ (سنہ ۹۰۰) میں سامانیوں نے عمرو بن لیث کو شکست دے کر صفاریہ کا خاتمہ کر دیا ۔ اب آل سامان مشرق میں سب سے بڑی سلطنت کے مالک تھے ، جس کے حدود ماوراءالنہر سے گذر کر ایران کے ایک بڑے حصے تک پہنچ گئے تھے ۔ صرف عراق خلفاء کے قبضے میں رہ گیا تھا اور خلفیہ پر ترک حاوی تھے ۔ مصر ایک ترک امیر ، احمد بن طولون ، کے قبضے میں تھا ۔ مگر طولونیہ کا اقتدار بھی نقش بر آب ثابت ہوا ، اور سنہ ۳۲۳ (۹۳۴) میں اخشیدی ان کے جانشین ہوئے ۔

جب سیاسی حالات ایسے ہوں تو ظاہر ہے کہ ہر منچلا شخص ان سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتا ہے ، اور اگر کامیاب ہوجائے تو ایک مستقل سلطنت قائم کرلیتا ہے ، جو اس کے جانشینوں کی قابلیت اور حالات وقت کے لحاظ سے زیادہ یا تھوڑی مدت تک باقی رہتی ہے ، اور پھر اس کا نشان صفحہ عالم سے مٹ جاتا ہے ۔ اسی قسم کا ایک شخص حمدان بن حمدون ہے ۔ اس کا تعلق عربوں کے عظیم الشان قبیلہ تغلب سے تھا ۔ اس کی نقل و حرکت کا ابتدائی میدان موصل اور اس کے گرد و نواح کا علاقہ ہے ، اور موصل ہی اس کی اولاد کی حکومت کا صدر مقام قرار پایا ۔ بنی عباس کے عہد انحطاط میں جتنے خودمختار یا نیم مختار حکمران خاندان انشاء میں ظاہر ہوئے ان میں اگر صرف عربوں کو لیا جائے ، تو سب سے زیادہ مقتدر بنی حمدان تھے ، اور انہیں اپنے عرب ہونے پر فخر تھا ۔

حمدان بن حمدون کے ابتدائی حالات تفصیل سے نہیں ملتے ۔ سب سے پہلے اس کا نام سنہ ۲۷۲ (سنہ ۸۸۵) میں سنا جاتا ہے ۔ یہ خلیفہ معتمد کا آخری عہد تھا ، اور اس زمانے میں ہارون الشاری نامی ایک خارجی موصل کے گرد و نواح میں اپنی فوج لئے گشت لگا رہا تھا ۔ حمدان بن حمدون اس کے ساتھ تھا ۔ ان دونوں نے انجام کار موصل پر قبضہ کرلیا ، مگر بنی شیبان کے مقابلہ میں شکست کھائی ، اور شہر خالی کرنا پڑا ۔ اس کے سات سال بعد سنہ ۲۷۹ (سنہ ۸۹۲) میں ہم حمدان اور ہارون خارجی کو موصل کے مطوعہ کے ساتھ بنی شیبان کے خلاف برسر پیکار پاتے ہیں جس میں آخر ان حلیفوں

کو شکست ہوئی ، اور وہ بمشکل اپنی جان بچا کر بھاگے ۔ اسی سال معتمد کے انتقال پر اس کا بھتیجا معتضد خلیفہ ہوا ، جسے بجا طور پر بنی عباس کا دوسرا بانی کہا جاتا ہے ۔

معتضد نے خلیفہ ہوتے ہی کوشش کی کہ خلافت کو مفسدوں اور باغیوں سے پاک کر دے ۔ سنہ ۲۸۱ (سنہ ۸۹۴) میں اس نے موصل کا رخ کیا ۔ اس کا اصلی مقصد قلعہ ماردین کی فتح تھا ، جس پر حمدان بن حمدون قابض تھا ۔ حمدان نے خلیفہ کا مقابلہ کرنے کی ہمت نہ دیکھی ۔ وہ خود تو بھاگ گیا ، مگر قلعہ اپنے بیٹے حسین کے سپرد کر گیا ۔ حسین نے بہت جلد اسے معتضد کے حوالہ کر دیا ۔ اس کامیابی کے بعد خلیفہ نے حمدان کا تعقب کیا ، اور آخر اسے گرفتار کر لیا ۔ خلیفہ نے اس کا قصور معاف کر دیا ۔ مگر سنہ ۲۸۲ (سنہ ۸۹۵) میں حمدان نے دوبارہ اطاعت سے انحراف کیا ۔ خلیفہ کی فوج نے اس پر چڑھائی کی ۔ حسین نے اس مرتبہ پھر دیر زعفران خلیفہ کے حوالے کر کے خلاصی حاصل کی ۔ اب حمدان کی تلاش ہوی ، اور آخر وہ گرفتار ہوا ۔ اسے سنہ ۲۸۳ (سنہ ۸۹۶) تک قید رکھا گیا ، اور پھر معاف کر دیا گیا ۔ سنہ ۲۸۳ (سنہ ۸۹۶) میں هارون قتل ہوا ، اور حمدان کو بے ضرر سمجھ کر آزاد کر دیا گیا ۔

•

سنہ ۲۸۹ (۹۰۱) میں خلیفہ معتضد نے انتقال کیا ۔ تاریخ سنہ ۲۹۳ (۹۰۱) تک بنی حمدان کے متعلق بالکل خاموش ہے ۔ سنہ ۲۹۳ میں خلیفہ معتضد کے بیٹے اور جانشین مکتفی نے ابوالھیجا عبداللہ بن حمدان کو موصل اور اس کے اعمال کا حاکم مقرر کیا ۔ سنہ ۲۹۴ (سنہ ۹۰۶) میں اس نے خلیفہ کی فوج کی مدد سے موصل کے کردوں کو شکست دے کر اس علاقے میں پورا امن قائم کیا ۔ یہ گویا بنی حمدان کے عروج کا آغاز تھا ۔ سنہ ۲۹۵ (۹۰۷) خلیفہ مکتفی کا انتقال ہوا ، اور مقتدر اس کا جانشین بنا ۔ مگر مقتدر کی جانشینی بغداد میں ایک انقلاب کا پیش خیمہ تھی ۔ دربار خلافت کے چند امراء عبداللہ بن معتز کے ہمدرد تھے ، اور مقتدر کی جگہ اسے خلیفہ بنانا چاہتے ۔ حسین بن حمدان انھیں لوگوں میں شامل تھا ۔ بغداد میں شورش ہوئی ، اور عبداللہ بن معتز کو خلیفہ بنادیا گیا ۔ مگر آخر یہ انقلاب ناکام رہا ۔ صرف ایک دن کی خلافت کے بعد عبداللہ معزول ہوا ، اور مقتدر کو دوبارہ خلیفہ بنادیا گیا ۔ حسین راتوں رات بغداد سے بھاگا ۔ مقتدر نے اس کے تعقب میں فوجیں بھیجیں ۔ آخر وہ اپنے بھائی ، ابوالھیجا عبداللہ ، کی مدد سے گرفتار ہوا ۔ مگر ایک دوسرے بھائی ، ابراھیم ، کی سفارش ، پر نہ صرف اس کی خطا معاف ہوئی ، بلکہ اسے قم اور کاشان

کا والی مقرر کیا گیا۔ سنہ ۲۹۷ (سنہ ۹۰۹) میں حسین نے لیث بن علی بن لیث الصفار کی بغاوت فرو کرنے میں مونس المظفر کو مدد دی۔ سنہ ۳۰۱ (سنہ ۹۱۳) میں ابو الهیجا کو موصل کے معزول کیا گیا۔ اب اس نے بغاوت کی۔ مگر جب مونس المظفر کا سامنا ہوا تو فوراً اطاعت قبول کر کے بغداد حاضر ہوگیا۔ خلیفہ نے خلعت بخش کر اس کی عزت افزائی کی اور سنہ ۳۰۲ (سنہ ۹۱۴) میں اسے دوبارہ موصل کا حاکم مقرر کر دیا۔ سنہ ۳۰۳ (سنہ ۹۱۵) میں وزیر، علی بن عیسٰے، نے حسین بن حمدان سے حساب کا مطالبہ کیا۔ اس پر اس نے فوراً بغاوت کر دی، مگر شکست کھا کر گرفتار ہوا، اور بغداد میں قید کیا گیا۔ اسی پر اکتفا نہیں کیا گیا بلکہ مقتدر نے ابو الهیجا اور اس کے دوسرے بھائیوں کو بھی قید کر دیا۔ مگر دو برس بعد پھر ان سب کو رہا کر دیا گیا۔ سنہ ۳۰۶ (سنہ ۹۱۸) میں حسین کو فوج دے کر یوسف ابن ابی الساج کے خلاف بھیجا گیا۔ معرکہ میں حسین کام آیا۔ سنہ ۳۰۸ (سنہ ۹۲۰) میں ابو الهیجا اور اس کے دو بھائیوں ابو العلاء اور ابو السرایا کی پھر عزت افزائی ہوئی، اور ابو الهیجا کو موصل کا والی مقرر کیا گیا۔ سنہ ۳۱۴ (سنہ ۹۲۶) میں کردوں نے اس کے خلاف بغاوت کی، مگر کامیاب نہ ہوے۔ اسی سال ابو الهیجا کے اقتدار میں اور اضافہ ہوا، اور موصل کا خراج اور ضیاع بھی اسی کی نگرانی میں دے دیے گئے۔ اس کے ایک سال بعد ابو الهیجا نے مونس المظفر کو قرامطہ کے فساد کے انسداد میں مدد دی۔

سنہ ۳۱۷ (سنہ ۹۲۹) میں بغداد پھر ایک انقلاب کا میدان بنا۔ مقتدر دوسری مرتبہ معزول کیا گیا، اور اس کا بھائی قاہر اس کا جانشین ہوا۔ ابو الهیجا بھی اس شورش میں شریک تھا، اور مقتدر کے تمام گزشتہ احسانات کو فراموش کر کے قاہر کا ہمدرد بن گیا تھا۔ یہ انقلاب بھی پہلے کی طرح ناکام رہا، اور مقتدر چند روز کے بعد پھر خلیفہ ہوگیا۔ اسی شورش میں ابو الهیجا قتل ہوا۔ مگر موت سے پہلے وہ موصل میں اپنی حکومت اتنی مستحکم کر چکا تھا کہ اس کی موت کا کوئی برا اثر اس کے خاندان پر نہیں پڑا۔ مقتدر نے اس کے بیٹے حسن کو، جو تاریخ میں ناصر الدولہ کے نام سے مشہور ہے، ابو الهیجا کے تمام علاقوں کا حاکم مقرر کر دیا۔ سنہ ۳۱۸ (سنہ ۹۳۰) میں حسن کی جگہ اس کے چچا سعید اور نصر موصل کے حاکم بنائے گئے، اور حسن کو دیار ربیعہ، نصیبین، سنجار، خابور، رأس عین، اور دیار بکر میں سے میافارقین اور ارزن کا والی مقرر کیا گیا۔

سنہ ۳۲۱ (سنہ۹۳۳) میں مشرق میں ایک نیا حکمران خاندان ظاہر ہوا - یہ دیلم کے رہنے والے بنی بویہ تھے - انہوں نے نہایت سرعت کے ساتھ ترقی کی، اور صرف تیرہ برس کے مختصر زمانہ میں ان کے سلطان معزالدولہ بن بویہ نے بغداد پر قبضہ کر کے خلیفہ مستکفی پر قابو حاصل کر لیا -

اس اثناء میں خلیفہ مقتدر اپنے سپہ سالار مونس المظفر کے خلاف لڑتا ہوا سنہ ۳۲۰ (سنہ۹۳۳) میں قتل ہوا - مقتدر بنی عباس کا آخری خلیفہ تھا جس کے عہد میں خود مختاری کے آثار پائے جاتے تھے، جو وزراء مقرر کرتا تھا، اور جس کا دربار گذشتہ خلفاء کی طرح پرشکوہ ہوتا تھا - اس کے بعد قاہر، راضی، اور متقی نہایت کمزور خلیفہ تھے، اور ان کا دربار تین ترک امراء محمد بن رائق، بریدی اور بجکم کے فساد وعناد کا میدان تھا - یہ فساد اس وقت ختم ہوا جب سنہ۳۳۳ (سنہ۹۴۴) میں معزالدولہ بن بویہ نے بغداد پر قبضہ کر لیا - ان درباری جھگڑوں میں ابوالھیجا کے بیٹوں ابومحمدحسن الملقب بہ ناصرالدولہ اور ابوالحسن علی الملقب بہ سیف الدولہ نے بڑا نمایاں حصہ لیا اور یہیں سے ان کی شہرت شروع ہوئی -[۱]

(۲)

ابوالھیجا عبداللہ بن حمدان کا دوسرا بیٹا علی، اتوار کے دن ۱۷ ذی الحجہ سنہ ۳۰۳ (جون (سنہ ۹۱۶) کو یا ایک روایت کے مطابق سنہ ۳۰۱ ھجری [۲] میں بمقام موصل پیدا ہوا - اس وقت ابوالھیجا موصل کا حاکم تھا - علی کی زندگی کے ابتدائی حالات بالکل معلوم نہیں، اور نہ اس کا علم ہے کہ اس نے کس عمر میں سیاسی اور فوجی کاموں میں حصہ لینا شروع کیا - بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ شروع میں وہ اپنے بھائی حسن کے احکام کی تعمیل کرتا تھا - سب سے پہلے اس کا نام سنہ ۳۲۴ (سنہ ۹۳۶) کے آخر میں سننے میں آتا ہے - اس سال اسے دمستق [۳] کے خلاف بھیجا گیا تھا، جو ایک یونانی فوج لئے آمد اور سمیساط پر حملہ کرنے کی تیاری کر رہا تھا - علی کو دمستق کے

---

[۱] بنی حمدان کے ابتدائی حالات ابن اثیر - ج ۷، ۸ سے ماخوذ ہیں - [۲] ابن خلکان - ج ۱ - ص ۳۶۶ - ابن تغری بردی - ج ۲ - ص ۱۹۷ - [۳] Domesticus - ایشیاء میں بازنطینی سپہ سالار کا لقب تھا -

مقابلے میں چند لڑائیاں پیش آئیں جن میں معلوم ہوتا ہے کہ وہ بہت زیادہ کامیاب نہیں ہو کیونکہ انجام کار دمستق نے سمیساط پر قبضہ کر لیا تھا [۱]۔

بہرکیف سنہ۳۲۴ (سنہ۹۳۶) سے سنہ۳۳۳ (سنہ۹۴۴) تک جب علی نے شام کا علاقہ فتح کیا، اس کی زندگی زیادہ تر، اپنے بھائی حسن کو مدد دینے میں گزری۔ حسن دربار خلافت کے تمام جھگڑوں اور سازشوں میں شریک تھا، اور آسے اکثر علی کی مدد کی ضرورت پڑتی تھی۔ پھر بھی سنہ۳۲۹ (سنہ ۹۴۰) تک علی کا نام تاریخ میں نہیں آتا۔ ۲۲۔ یا ۲۳۔ رجب سنہ ۳۲۹ کو ترک امیر، بجکم، جو خلافت پر اتنا حاوی ہو گیا تھا کہ اسی کے حکم سے متقی کو خلافت نصیب ہوئی تھی۔ [۲] بصرہ کے قریب شکار کھیلتا ہوا ایک کرد کے ہاتھوں قتل ہوا [۳]۔ لیکن اس کے بعد بریدی نے بغداد پر قبضہ کر کے وہاں وہ مظالم کئے کہ خدا کی پناہ۔ آخر خلیفہ متقی اپنے دو بیٹوں اور ایک امیر، محمد بن رائق، کو لے کر بغداد سے نکلا۔ خلیفہ نے حسن کو مدد کے لئے لکھا، اور حسن نے اپنے بھائی علی کو خلیفہ کے پاس بھیجا [۴]۔ ان دونوں کی ملاقات تکریت میں ہوئی، اور اب خلیفہ کے قافلے نے موصل کا رخ کیا۔ ادھر جب حسن کو ان کے موصل کی طرف بڑھنے کا حال معلوم ہوا تو وہ وہاں سے نکل کر معلثایا چلا گیا، اور جب تک ابن رائق نے امان کا پورا عہد و پیمان نہ کر لیا واپس نہ آیا۔ اس پر بھی اس نے یہ احتیاط کی کہ موصل کے قریب دریائے دجلہ کے مشرقی کنارے پر ٹھہر گیا۔ ۲۰ رجب سنہ ۳۳۰ کو خلیفہ متقی کا بیٹا، امیر ابو منصور، اور ابن رائق، حسن سے ملنے کے لئے آئے۔ جب واپس جانے لگے تو ابو منصور تو سوار ہو گیا۔ مگر حسن نے ابن رائق کو روکنا چاہا۔ ابن رائق نے عذر کیا۔ اور کسی اور دن آنے کا وعدہ کیا۔ باتوں کے دوران میں ابن رائق کا ایک پیر رکاب میں تھا۔ حسن نے زیادہ اصرار کیا اور اس کی آستین پکڑ کر کھینچی۔

---

[۱] ابن تغری بردی۔ ج ۲۔ ص ۲۷۸ — [۲] ابن اثیر۔ ج ۸۔ ص ۱۲۹ —
[۳] ابن مسکویہ۔ ج ۲۔ ص ۱۰۔ ابن اثیر۔ ج ۸۔ ص ۱۲۹ — [۴] یہ ابن اثیر (ج ۸۔ ص ۱۳۵) کا بیان ہے۔ ابن مسکویہ (ج ۲۔ ص ۲۷) لکھتا ہے کہ ابن رائق نے حسن سے مدد مانگی تھی، اور اس نے علی کو بھیجا تھا۔

ابن رائق کا پیر پھسلا۔ گھوڑا بھاگ کھڑا ہوا۔ اور ابن رائق وھیں گر گیا۔ حسن نے اپنے آدمیوں کو آواز دی۔ جنہوں نے موقع پر پہنچ کر ابن رائق کا کام تمام کر دیا۔[۱]۔

ابن رائق کے قتل نے حسن کے لئے راستہ صاف کر دیا۔ خلیفہ متقی نے خوش ہو کر یکم شعبان سنہ ۳۳۰ (سنہ ۹۴۰) کو ابو محمد حسن کو ناصر الدولہ کا، اور اس کے بھائی ابو الحسن علی کو سیف الدولہ کا خطاب دے کر ناصر الدولہ کو امیر الامراء بنادیا[۲]۔ دوسری طرف اخشید،[۳] حاکم مصر، دمشق پہنچا۔ شام کا علاقہ ابن رائق کے قبضے میں تھا، اور اس کی طرف سے محمد بن یزداد وھاں کا حاکم تھا[۴]۔ مگر محمد نے اپنی بہتری اس میں دیکھی کہ دمشق اخشید کے حوالے کر دے۔ اس طرح شام اخشید کے قبضے میں آ گیا[۵]۔ یہی اخشید شام میں سیف الدولہ کا مد مقابل تھا۔

ناصر الدولہ کی کامیابی کی خبر سن کر، بریدی بغداد سے بھاگا۔ ادھر خلیفہ متقی ناصر الدولہ، سیف الدولہ اور فوج کو ھمراہ لے کر بغداد پہنچا ھی تھا کہ معلوم ھوا کہ بریدی نے واسط سے پھر بغداد کا رخ کیا ھے[۶]۔ بریدی کے متعلق اھل بغداد کا تجربہ اس قدر تلخ تھا کہ وہ اس خبر سے سخت گھبرائے۔ خلیفہ نے بنظر حفاظت اپنے حرم کو سر من رائے بھیج دیا، اور خود ناصر الدولہ کے پاس چلا گیا[۷]۔ سیف الدولہ کی سرکردگی میں ایک فوج بریدی کے مقابلے کے لئے بھیجی گئی۔ مدائن سے دو فرسخ کے فاصلہ پر کیل میں فریقین کا مقابلہ سنہ ۳۳۰ (سنہ ۹۴۰) میں ذی القعدہ کی آخری تاریخ کو ھوا۔ جنگ چار روز تک جاری رھی۔ آخر سیف الدولہ نے شکست کھائی اور مدائن میں پناہ لی۔ یہاں ناصر الدولہ بھی موجود تھا۔ اس نے تازہ دم فوج دے کر سیف الدولہ کو دوبارہ بھیجا۔

---

[۱] ابن اثیر۔ ج ۸۔ ص ۱۳۵ — [۲] ابن مسکویہ۔ ج ۲۔ ص ۲۸۔ ابن اثیر۔ ج ۸۔ ص ۱۳۵ — [۳] ابوبکر محمد بن ابی محمد طغج بن جف، حاکم مصر، جسے خلیفہ راضی نے اخشید، یعنی ملک الملوک کا خطاب دیا تھا۔ ابن خلکان۔ ج ۲۔ ص ۴۱، الخ —

[۴] یہ ابن اثیر (ج ۸۔ ص ۱۳۵) کا بیان ھے۔ لیکن زبدۃ الحلب (ص ۷۰) میں ھے کہ محمد بن یزداد حلب کا حاکم تھا نہ کہ دمشق کا۔ [۵] ابن اثیر۔ ج ۸۔ ص ۱۳۵ —

[۶] ابن مسکویہ۔ ج ۲۔ ص ۲۹ — [۷] ایضاً۔ ابن اثیر نے اس کا ذکر نہیں کیا —

اس مرتبہ بریدی کو شکست ہوئی، اور اس کے سر بر آوردہ آدمی گرفتار ہوئے۔ مگر سیف الدولہ کی فوج بھی اسقدر مجروح تھی کہ بریدی کا تعقب نہ کرسکی، اور وہ واسط واپس چلا گیا [۱]۔ چند روز آرام لینے کے بعد سیف الدولہ نے بریدی کا تعقب کرنا چاہا۔ مگر معلوم ہوا کہ وہ بصرہ میں ھے۔ اس لئے سیف الدولہ واسط میں ھی ٹھہر گیا۔

سیف الدولہ کا ارادہ واسط میں قیام کرنے کا نہ تھا، بلکہ وہ بریدی کے تعقب میں بصرہ جانا چاھتا تھا، اور ناصرالدولہ کے پاس سے مالی امداد کا منتظر تھا۔ اس میں دیر ہوئی، اور اس کے نتائج سیف الدولہ کے لئے برے نکلے۔ ترک سپاہیوں کو جب رقم نہ ملی تو ناراض ہوگئے۔ دو ترک امیر، توزون اور خجخج، جو پہلے بریدی کے ساتھ تھے، اور اب بنی حمدان سے مل گئے تھے، انہوں نے علانیہ مخالفت شروع کی اور سیف الدولہ سے گستاخی سے پیش آئے۔ ابن اثیر اور ابن مسکویہ دونوں نے بیان کیا ھے کہ سیف الدولہ ترک امیرون اور سپاہیوں کے سامنے عراق کی مذمت کیا کرتا تھا، اور چاھتا تھا کہ یہ لوگ اسے شام کے فتح کرنے میں مدد دیں [۲]۔ مگر ترک اس پر راضی نہ ہوئے، اور جب سیف الدولہ رقم کے متعلق ان کے مطالبات پورے نہ کرسکا تو سلخ شعبان سنہ ۳۳۱ (سنہ ۹۴۱) کو رات کے وقت اچانک اس پر ٹوٹ پڑے۔ اب سیف الدولہ نے واسط سے بھاگ کر بغداد میں پناہ لی۔ ترکوں نے اس کی چھاؤنی کو جلا ڈالا اور جو رقم انہیں مل سکی لوٹ لی۔ ان واقعات سے ناصرالدولہ اتنا گھبرایا کہ وہ سیف الدولہ کو ساتھ لے کر بغداد سے موصل چلا آیا۔

سیف الدولہ کے واسط سے جانے کے بعد توزون اور خجخج میں بگاڑ ہوا۔ سیف الدولہ نے اس سے فائدہ اٹھانا چاہا، اور پھر بغداد آیا۔ یہاں سے اس نے توزون سے لڑنے کے لئے خلیفہ متقی سے

---

[۱] ابن مسکویہ ج ۲۔ ص ۲۹۔ ابن مسکویہ (ج ۲۔ ص ۲۸) کا بیان ھے کہ یہ موقع تھا کہ جب خلیفہ متقی نے علی کو سیف الدولہ کا خطاب دیا ھے۔ ابن رائق کے قتل پر حسن کو ناصر الدولہ کا خطاب دیا گیا تھا، اور علی کو صرف خلعت عطا کی گئی تھی۔ [۲] ابن مسکویہ ج ۲۔ ص ۳۰۔ ابن اثیر۔ ج ۸۔ ص ۱۶۰۔

ایک بھاری رقم کا مطالبہ کیا۔ مگر قبل اسکے کہ اس امر کا فیصلہ ہو سکے توزون بغداد کے قریب پہنچ گیا، اور سیف الدولہ نے وہاں سے بھاگ جانے میں اپنی بہتری سمجھی۔ توزون کے لئے اب میدان صاف تھا۔ وہ بغداد میں داخل ہوا، اور خلیفہ متقی نے اسے امیر الامراء بنا دیا۔ مگر نئے امیر الامراء اور خلیفہ میں بہت جلد نا چاقی ہو گئی۔

سیف الدولہ توزون کے ڈر سے بغداد سے بھاگ کر سیدھا موصل پہنچا۔ اور سنہ ۳۳۲ (سنہ ۹۴۳) میں آس نے پھر بغداد کا رخ کیا۔ اس وقت توزون واسط میں تھا۔ اس نے تھوڑی سی فوج وہاں چھوڑی اور خود بغداد پہنچ کر باب شماسیہ پر خیمہ زن ہوا۔ ادھر ناصرالدولہ دریائے دجلہ کے راستے تکریت آیا، اور خلیفہ کو اپنی حفاظت میں لے لیا۔ سیف الدولہ اور توزون کا مقابلہ تکریت سے دو فرسخ کے فاصلہ پر ہوا۔ سیف الدولہ نے شکست کھائی۔ دوسری جنگ بغداد اور تکریت کے درمیان حربہ میں ہوئی، اور سیف الدولہ کو پھر شکست ہوئی۔ اب اسے موصل میں بھی پناہ نہ ملی۔ وہ ناصر الدولہ، متقی اور تمام خدم وحشم کے ساتھ نصیبین چلا گیا، اور توزون موصل پر قابض ہو گیا۔ خلیفہ اپنے حرم کو لے کر نصیبین سے رقہ پہنچا، جہاں سیف الدولہ اس سے آملا۔ اب توزون اور خلیفہ میں خط وکتابت شروع ہوئی: آخر یہ قرار پایا کہ موصل کا علاقہ تین سال کے لئے ناصرالدولہ کے حوالے کر دیا جائے، اور ناصرالدولہ ہر سال (۳۰۰۰۰۰) درہم توزون کو ادا کرے۔ موصل پر دوبارہ بنی حمدان کا قبضہ ہو گیا، اور خلیفہ انہیں کے ساتھ رہا۔ مگر چندھی روز میں بنی حمدان خلیفہ کی مہمانی سے اکتا گئے۔ متقی نے بھی یہی مناسب سمجھا کہ کوئی اور جائے پناہ تلاش کرے۔ آخر توزون کے وعدوں سے دھوکے میں آکر وہ بغداد کی طرف روانہ ہوا۔ ۲۵ یا ۲۶ محرم سنہ ۳۳۳ (سنہ ۹۴۴) کو وہ ھیت پہنچا، جہاں توزون نے نہایت عزت و احترام سے اس کا استقبال کیا، مگر پھر اسے اندھا کر کے خلافت سے الگ کر دیا۔ توزون ھی کے حکم سے معتضد کا بیٹا مستکفی باللہ خلیفہ بنایا گیا۔

مستکفی کی خلافت کو ایک سال بھی نہ گذرا تھا کہ سلطان معزالدولہ بن بویہ نے بغداد پر قبضہ کر کے تمام جھگڑوں کا خاتمہ کر دیا۔ اب نہ سازشیں رھیں، نہ مختلف امراء کی خانہ جنگیاں، اور بنی حمدان کو بغداد میں اقتدار حاصل کرنے کی جو توقعات تھیں وہ سب خاک میں مل گئیں۔

(۳)

ابن اثیر کے حوالے سے ہم اوپر بیان کر آئے ہیں کہ ابن رائق کے قتل کے بعد اخشید، حاکم مصر، نے سنہ ۳۳۰ (سنہ ۹۴۱) میں دمشق پر قبضہ کرلیا تھا، اور شام کا علاقہ، جس پر اس سے قبل اخشید متعدد حملے کر چکا تھا، اس کی سلطنت کا ایک حصہ بن گیا تھا۔ ادھر سنہ ۳۳۲ (سنہ ۹۴۴) تک سیف الدولہ کی حیثیت خلیفہ کے ایک ملازم اور ناصرالدولہ کے ماتحت کی سی تھی۔ اس سال سیف الدولہ نے گذشتہ خدمات کے صلے میں اپنے بھائی سے مطالبہ کیا کہ اسے کسی صوبے کا حاکم بنا دیا جائے۔ اس کا جواب ناصرالدولہ نے یہ دیا کہ ''شام تمہارے سامنے ہے، اور وہاں تمہاری مزاحمت کرنیوالا کوئی نہیں'' [۱]۔

وقت اور موقع بھی مناسب تھا، کیونکہ ابن رائق کے قتل اور اخشید کے قبضے کے بعد شام میں امن و امان کی صورت اب تک پیدا نہ ہوئی تھی [۲] سنہ ۳۳۳ (سنہ ۹۴۴) اخشید رقہ سے حلب آیا اور حلب سے مصر چلا گیا۔ جانے سے پہلے اس نے ابوالفتح عثمان بن سعید الکلابی کو حلب کا حاکم مقرر کیا۔ بنی کلاب کو اس وجہ سے ابوالفتح سے حسد پیدا ہوا۔ اور انہوں نے اسے نقصان پہنچانے کی غرض سے سیف الدولہ کو حلب آنے کی دعوت دی [۳]۔ سیف الدولہ کی نظر پہلے ہی سے شام پر تھی؛

---

[۱] زبدۃ الحلب ص ۱۰۵۔ [۲] فریٹاگ (ص ۱۷۸) نے لکھا ہے کہ ناصرالدولہ نے یہ الفاظ سنہ ۳۳۰ (سنہ ۹۴۱) میں اس وقت کہے تھے جب ابن رائق کے قتل کے بعد وہ امیرالامراء مقرر ہوا تھا، اور اپنے اختیار سے وہ اس قسم کے تقررات کر سکتا تھا۔ اس نے یہ بھی لکھا ہے کہ سیف الدولہ نے ترکوں سے شام کے متعلق ساز باز کی تھی۔ مگر یہ قرین قیاس نہیں معلوم ہوتا۔ کیونکہ اول تو صراحت کے ساتھ سیف الدولہ کو شام کا حاکم نہیں مقرر کیا گیا، بلکہ اس کے الفاظ سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ شام کی حالت ایسی ہے کہ اس پر قبضہ کرلینا آسان بات ہے۔ اس کے علاوہ ہم بیان کرچکے ہیں سنہ ۳۳ میں سیف الدولہ نے واسط میں ترکوں سے شام کے متعلق گفتگو کی تھی، مگر اسے کامیابی نہیں ہوئی تھی۔ یہ ناممکن ہے کہ سنہ ۳۳۰ سے سنہ ۳۳۳ تک سیف الدولہ خاموش بیٹھا رہا ہو، بلکہ قیاس غالب یہی ہے کہ وہ سنہ ۳۳۳ میں سب سے پہلے شام کی طرف متوجہ ہوا تھا۔ [۳] زبدۃ الحلب ص ۱۰۷۔ حلب کا شہر ایک میدان میں واقع ہے، جو پہاڑیوں سے گھرا ہوا ہے۔ اس میدان کو نہر قویق سیراب کرتی تھی، اور اسی دریا کے جانبین کنارے پر حلب آباد ہے۔ دیکھو صدرالدین ص ۴۱۔

مگر اسے معلوم تھا کہ منظم اور ترتیب یافتہ فوج کی مدد کے بغیر اس پر قبضہ کرنا ناممکن ھے، خصوصاً اس وجہ سے جب کہ شام اخشید کی فتح کے بعد سلطنت مصر کا ایک حصہ بن چکا تھا، اور اس پر حملہ کرنا اخشید سے جنگ مول لینا تھا ـ

اس واقعہ کی تفصیل یہ ھے کہ ابن رائق کے قتل کے بعد امیرالامراء ھونے کی حیثیت سے ناصرالدولہ دیار مصر اور شام کا مالک تھا؛ اور اس نے علی بن خلف کو ان پر حاکم مقرر کیا تھا۔ ابن رائق کی طرف سے محمد بن علی بن مقاتل حلب کا حاکم تھا۔ علی بن خلف نے اسے شکست دے کر شہر پر قبضہ کر لیا۔ اس کے بعد سنہ ۳۳۱ (سنہ ۹۴۲) نے اپنے آپ کو اخشید کے سپرد کر دیا، اور اس کا وزیر مقرر ھوا. اب مونس المظفر کا مولے یانس [۱]، جو یانس المونسی کے نام سے مشہور ھے، حلب میں رہ گیا، لیکن اس نے بھی اخشید کی اطاعت قبول کر لی، اور اس کا نام خطبوں میں پڑھوا یا ـ

توزون اور ناصرالدولہ میں جو معاھدہ ھوا تھا اس کے مطابق شام ناصرالدولہ کے حصے میں آیا تھا۔ اس نے سنہ ۳۳۲ (سنہ ۹۴۳) میں ابن رائق کے پرانے وزیر محمد بن علی بن مقاتل کو اس شرط پر حلب کا حاکم مقرر کیا کہ جب کبھی ناصرالدولہ حلب آئے تو ابن مقاتل (۵۰۰۰۰) دینار بطور نذرانہ پیش کرے۔ لیکن یہ نیا حاکم، جو موصل سے متعدد امراء کو ساتھ لے کر روانہ ھوا تھا، ابھی اپنے مستقر بھی نہیں پہنچا تھا کہ موصل میں سیف الدولہ اور اس کے چچا زاد بھائی حسین بن سعید بن حمدان میں جھگڑا ھوا۔ ناصرالدولہ نے اس خاندانی فساد کو اس طرح فرو کیا کہ حسین بن سعید کو حلب دے دیا، اور وعدہ کیا کہ شام کا جو علاقہ وہ فتح کریگا وہ اسی کو دے دیا جائیگا۔ حسین اپنے صوبے کا جائزہ لینے کے لئے رجب سنہ ۳۳۳ (مارچ سنہ ۹۴۴) کو موصل سے روانہ ھوا۔ اس نے ابن مقاتل کی مدد سے یانس اور احمد بن عباس الکلابی کو نہ صرف حلب سے نکال دیا، بلکہ معرۃ النعمان، اور اس سے آگے حمص

---

[۱] اغلب یہ ھے کہ یانس یونانی غلام تھا جس نے اسلام قبول کر لیا تھا۔ مونس المظفر کی خدمت میں رھنے کے بعد اسے آزادی مل گئی تھی۔ اس وجہ سے وہ یانس المونسی کہلاتا تھا ـ

تک ان کا تعقب کیا۔ حمص میں اسحاق بن کیغلغ حاکم تھا۔ اس نے بھی شہر خالی کر دیا۔ اس فتح کے بعد خانہ بدوش عرب قبائل نے حسین کی اطاعت قبول کر لی، اور ماہ رجب میں ھی وہ حلب میں داخل ھوا۔ لیکن ذی الحجہ میں اسے اس وجہ سے شہر خالی کرنا پڑا کہ اخشید مصر کی فوجیں لئے حلب کی طرف بڑھ رہا تھا، اور حسین میں اس کے مقابلے کی ھمت نہ تھی۔ حسین حلب سے رقہ چلا گیا۔ سیف الدولہ یہاں پہلے سے موجود تھا، کیونکہ ناصر الدولہ سے اس وقت اس کی ان بن تھی، اور خلیفہ نے اسے رقہ میں روک رکھا تھا۔ حسین کے فرار کے بعد ابن مقاتل، جو حلب میں اس کے ساتھ تھا، چند روز روپوش رھا، اور پھر اس نے اپنے آپ کو اخشید کے حوالے کر دیا۔ اخشید اس کے ساتھ اچھی طرح پیش آیا، اور اسے صاحب الخراج اور مصر کی جاگیروں کا منتظم مقرر کر دیا۔

حلب سے بھاگ کر حسین رقہ آیا تو خلیفہ کے حکم سے اسے شہر میں داخل ھونے سے روک دیا گیا، اور وہ حران ھوتا ھوا موصل چلا گیا۔ آخر سیف الدولہ اور حسین میں صلح ھوگئی۔ آدھر اخشید رقہ میں خلیفہ کی خدمت میں باریاب ھوا، اور خلیفہ نے اسے اور اس کے بیٹے انوجور کو تیس برس کے لئے مصر و شام بخش دیا۔ مصر واپس ھونے سے پہلے اخشید نے ابوالفتح عثمان بن سعید الکلابی کو حلب کا حاکم مقرر کیا۔ یہی شخص ھے جس کے زمانہ میں اھل حلب نے سیف الدولہ کو وھاں آنے کی دعوت دی تھی۔

سیف الدولہ نے فوج جمع کر کے حلب کا رخ کیا۔ ایک تو سیف الدولہ کو اس کا علم تھا کہ ابوالفتح اپنے اھل قبیلہ کی مخالفت سے واقف ھوتے ھوئے اس کا مقابلہ نہ کریگا، اور دوسری طرف ابوالفتح جانتا تھا کہ وہ بلا مدد غیرے سیف الدولہ سے بازی نہیں لے جا سکتا۔ اس لئے جب سیف الدولہ حلب کی طرف چلا تو خود ابوالفتح اس کے استقبال کے لئے نکلا، اور دریائے فرات کے کنارے دونوں کی ملاقات ھوئی۔ سیف الدولہ نے اس کی اتنی عزت افزائی کی کہ اسے اپنے ساتھ اونٹ پر بٹھا لیا راستہ میں برسبیل گفتگو سیف الدولہ اس سے ان قریوں کے نام دریافت کرتا تھا، جس میں سے وہ گزرتے تھے۔ یہاں تک کہ وہ علاقہ فایا [۱] کے گاؤں ابرم میں سے گزرے۔ سیف الدولہ نے گاؤں کا نام پوچھا،

---

[۱] فایا منبج اور حلب کے درمیان ایک وسیع علاقہ کا نام تھا، اور منبج کا شہر اسی علاقہ میں واقع تھا۔ یہ علاقہ ان دونوں شہروں کے جنوب میں وادیٔ بطنان کے قریب ھے۔

اور ابو الفتح نام نے بتا دیا۔ یہ سمجھ کر کہ ابو الفتح اس کے سوالات سے تنگ آگیا ہے، سیف الدولہ اس کے بعد خاموش ہو گیا [۱]۔ ابو الفتح اس خاموشی کے معنے سمجھ گیا، اور اس نے قسم کھا کر کہا کہ واقعی اس گاؤں کا نام ابرم ہی ہے۔ سیف الدولہ اس کی فہم و فراست سے ایسا حیران ہوا کہ حلب پہنچ کر اسے اپنے ساتھ تخت پر جگہ دی۔ وہ پیر کے دن ۸ ربیع الاول سنہ ۳۳۳ (۹) اکتوبر سنہ ۹۴۴) کو حلب میں داخل ہو گا [۲]۔

حلب آکر سیف الدولہ نے پہلا کام یہ کیا کہ قاضی احمد بن محمد بن ماثل کو معزول کر کے ابو حصین علی بن عبد الملک بن بدر بن ہیثم الرقی کو اس کی جگہ مقرر کیا۔ نئے قاضی نے سیف الدولہ کی خدمت اس تندہی سے کی کہ جب کوئی مرجاتا تو اس کی تمام جائداد بحق سرکار ضبط کر لیتا [۳]۔ اس کا اعتراف کرنا پڑتا ہے کہ سیف الدولہ نے اس خلاف قانون کارروائی سے چشم پوشی کی؛ اس کی وجہ صرف یہ ہو سکتی ہے کہ اسے رقم کی سخت ضرورت تھی، اور وہ اسے کسی نہ کسی طرح حاصل کرنا چاہتا تھا۔

ابھی سیف الدولہ فتح حلب سے پوری طرح فارغ بھی نہ ہوا تھا کہ دمستق نے اس کی پریشانی اور حلب کی ابتری سے فائدہ اٹھا کر اسلامی سرحد پر حملہ کیا؛ بغراس اور مرعش پر ٹوٹ پڑا،

---

[۱] عربی میں ابوام کے معنے تنگ آجانے کے ہیں۔ اسی لئے سیف الدولہ نے ابو الفتح کی زبان سے یہ الفاظ سن کر خیال کیا تھا کہ ابو الفتح سوالات کا جواب دیتے دیتے اکتا گیا ہے۔ ظاہر ہے کہ یہاں یہ لفظ علم ہے فعل نہیں۔ [۲] فریٹاگ۔ ص ۱۸۰۔ زبدۃ الحلب ص ۴۸ - ۵۲۔ ابو الفداء (ج ۲ - ص ۹۳) اور ابن اثیر (ج ۸ - ص ۱۶۰) نے ابو الفتح کا ذکر نہیں کیا، بلکہ لکھا ہے کہ صرف یانس المونسی اس وقت حلب میں تھا، اور اسی سے سیف الدولہ نے شہر فتح کیا تھا۔ انہوں نے یہ بھی بیان کیا ہے کہ حلب کی فتح کے بعد سیف الدولہ نے حمص پر حملہ کیا تھا، اور اخشید کی فوج کو شکست دے کر اس پر قابض ہو گیا تھا، مگر دمشق فتح کرنے میں ناکام رہا تھا۔ ابن تغری بردی (ج ۲ - ص ۳۰۷) نے بھی ابو الفتح کا ذکر نہیں کیا، اور یانس المونسی ہی کو حلب کا حاکم بتایا ہے۔ [۳] زبدۃ الحلب ص ۵۲۔

اور تمام علاقے کو خوب دل کھول کر تاخت و تاراج کیا [۱]۔ سیف الدولہ نے ان حملوں کا بدلہ لینا ضروری سمجھا۔ وہ یونانیوں کے علاقے میں داخل ہوا، اور دمشق کے حملے کا بدلہ اس طرح لیا کہ صفصاف پر تاخت کی، جو مصیصہ کی سرحد پر واقع ہے۔ وہ عرنسوس تک پہنچا، اور سالم و غانم واپس آیا۔ لیکن وہ اس فتح سے فائدہ نہ اٹھا سکا۔ کیونکہ اسی وقت اسے معلوم ہوا کہ اخشید کی فوج، یانس اور کافور کی سرکردگی میں، اس کے مقابلے کے لئے آرہی ہے۔ یونانی مہم کے مال غنیمت کو ساتھ لئے ہوئے وہ پلٹا اور رستن [۲] کے مقام پر دشمن کا مقابلہ کیا۔ کافور اس کے پہلے ہی حملے کی تاب نہ لاسکا۔ شکست خوردہ فوج رستن کے قریب نہر العاصی [۳] کے پل کی طرف بھاگی، اور سپاہیوں کی بڑی تعداد دریا میں کود پڑی۔ سیف الدولہ نے حکم دیا کہ یہ لوگ قتل نہ کئے جائیں، کیونکہ اس نے کہا کہ ''مال غنیمت تمہارا ہے، اور لوگوں کی جانیں میری''۔ چار ہزار قیدی، جن میں بعض امراء بھی شامل تھے، سیف الدولہ کے ہاتھ آئے [۴] کافور کی پوری چھاؤنی بھی فاتحین کے قبضے میں آگئی۔ کافور، براہ حمص، دمشق پہنچا، اور اخشید کو اپنی شکست کی اطلاع دی۔ سیف الدولہ نے تمام قیدی رہا کردئے۔ اس سے فائدہ یہ ہوا کہ یہ لوگ اس کے اتنے احسان مند ہوئے کہ اسے ان کی طرف سے بالکل اطمینان ہو گیا۔

---

[۱] ابن تغری بردی ج ۲۔ ص ۳۰۷۔ مگر زبدۃ الحلب (ص ۵۲) کے الفاظ سے ظاہر ہوتا ہے کہ اقدام سیف الدولہ کی طرف سے ہوا تھا۔ یہ قرین قیاس نہیں کہ سیف الدولہ جسے حلب میں اب تک استحکام حاصل نہیں ہوا تھا، اس طرح اقدام کا خیال بھی کرتا۔ ابن اثیر (ج ۸۔ ص ۱۶۰) اور ابوالفدا (ج ۲ ص ۹۳) نے بیان کیا ہے کہ جنگ یونان ہی کی طرف سے شروع ہوئی تھی، بلکہ ان کی فوجیں حلب کے قریب تک پہنچ گئیں تھیں۔ سیف الدولہ کی فوج کشی محض دفاعی تھی۔ بغراس اور مرعش دو سرحدی قلعے ہیں۔ دیکھو یاقوت، اور لی اسٹرینج۔ [۲] رستن حماۃ اور حمص کے درمیان نہر العاصی کے کنارے ایک چھوٹا سا شہر ہے، دیکھو یاقوت لفظ الرستن۔ [۳] Orontes۔ اسے المیماس، المیاس، المقلوب اور الارنت یا الارند بھی کہتے ہیں۔ لی اسٹرینج ص ۶۱۔

[۴] فریٹاگ۔ ج ۱۱۔ ص ۱۸۱۔ مگر یافعی (ج ۲۔ ص ۳۱۲) اور ذہبی (ج ۱۔ ص ۱۶۲) نے قیدیوں کی تعداد صرف ایک ہزار بتائی ہے۔

اس فتح کے بعد سیف الدولہ دمشق گیا، اور رمضان سنہ ۳۳۳ (اپریل مئی سنہ ۹۴۵) میں شہر میں داخل ہوا۔ یہاں اسے اخشید کا ایک خط ملا، جس میں صلح کی درخواست تھی، اور یہ استدعا کی گئی تھی کہ سیف الدولہ اب تک جو علاقہ فتح کر چکا ہے اس پر قانع ہو جائے۔ مگر اس نے اس پر توجہ نہ کی، اور خانہ بدوش عرب قبائل کی گوش مالی کے لئے روانہ ہو گیا۔ اس مہم سے جب وہ دمشق واپس ہوا ہے تو وہاں* کے باشندوں نے اسے شہر میں داخل ہونے سے روکا۔ اخشید کو جب یہ معلوم ہوا تو وہ رملہ سے اس کے مقابلہ کے لئے چلا۔ ادھر اخشید طبریہ پہنچا، اور ادھر سیف الدولہ مقابلہ کئے بغیر حلب واپس آ گیا، کیونکہ اس کی فوج کا بڑا حصہ اخشید سے مل گیا تھا۔ اخشید نے اس کا تعقب کیا، اور معرۃ النعمان کا محاصرہ کر لیا۔ اس اثناء میں سیف الدولہ نے نئی فوج مرتب کر لی، اور ماہ شوال میں قنسرین کے علاقہ میں اخشید کا مقابلہ کیا [۱]۔

اخشید نے پہلے نیزہ برداروں کو جنگ کے لئے بھیجا، اور خود (۱۰۰۰۰) سپاہیوں کے ساتھ فوج کے عقب میں رہا۔ یہ دس ہزار سپاہی خاص طور پر تربیت یافتہ تھے، اور بہادری اور ثابت قدمی کی وجہ سے صابریہ کہلاتے تھے۔ اخشید کا خیال تھا کہ پہلے حملے کے بعد جب سیف الدولہ کی فوج میں ابتری پھیل جائیگی تو وہ بذات خود صابریہ کو لے کر دشمن پر ٹوٹ پڑیگا، اور اس کا خاتمہ کر دیگا۔ ایسا ہی ہوا سیف الدولہ نے یہ سوچ کر اخشید بھی حملہ آور فوج میں موجود ہے، نہایت تندھی سے حملہ کیا۔ اخشید کی فوج کے پاؤں اکھڑ گئے، اور عین اس وقت جب سیف الدولہ کو فتح کا یقین ہو چکا تھا، اخشید نے صابریہ کو لے کر یورش کی، اور سیف الدولہ کی فوج کو منتشر کر دیا۔ من جملہ اور مقتولوں کے اس جنگ میں معاذ بن سعید قتل ہوا، جس سے اخشید نے وعدہ کیا تھا کہ اسے معرۃ النعمان کا حاکم بنا دیا جائیگا۔

---

[۱] ابو الفدا (ج ۲ - ص ۹۳) لکھتا ہے کہ سیف الدولہ نے دمشق کا محاصرہ کیا تھا، مگر اخشید کی آمد کی خبر سن کر محاصرہ اٹھا لیا۔ اس کے بعد فریقین قنسرین میں ٹھہرے رہے، مگر جنگ نہیں ہوئی۔ سیف الدولہ الجزیرہ چلا گیا، اور اخشید دمشق کو واپس ہوا۔ اس کے واپس چلے جانے کے بعد سیف الدولہ حلب آ گیا۔ مگر جو شکست سیف الدولہ کو ہوئی اسے دیکھتے ہوئے ابو الفداء کا بیان غلط معلوم ہوتا ہے۔

معاد سیف الدولہ کو گرفتار کرنے کی کوشش میں آگے بڑھا، مگر اس کے گرز کی ایک چوٹ سے جان بر نہ ہوسکا۔ سیف الدولہ کی پوری چھاؤنی، مع اسلحہ کے، فاتحین کے قبضے میں آئی۔ یہ شکست اس قدر فیصلہ کن تھی کہ گو اخشید نے اس کا تعقب نہیں کیا، لیکن سیف الدولہ میدان جنگ سے الجزیرہ کی طرف بھاگا اور رقہ میں پناہ گزیں ہوا [۱]۔

اخشید اب حلب میں داخل ہوا۔ یہاں کے باشندوں نے سیف الدولہ کے فراریوں کو شہر میں داخل نہ ہونے دیا۔ مگر فاتح سپاہیوں نے شہر اور آس کے گرد و نواح کے علاقے کو بالکل لوٹ لیا، اور باشندوں کے ساتھ بری طرح پیش آئے۔ حلب کے باہر بے شمار بلند اور خوبصورت درخت تھے، جن کی تعریف اکثر شعراء نے کی ہے۔ یہ درخت بھی ان سپاہیوں نے کاٹ ڈالے، اور اہل حلب پر اس وجہ سے سختیاں کیں کہ انہوں نے سیف الدولہ کا ساتھ دیا تھا۔ خود اخشید کا یہ حال تھا کہ وہ غالباً اپنی زندگی سے مایوس ہوچکا تھا، اور چاہتا تھا کہ کسی طرح صلح کر کے اپنے بیٹے کے لئے پر امن سلطنت چھوڑ جائے۔ ورنہ کوئی وجہ سمجھ میں نہیں آتی کہ عین فتح و ظفر کے وقت اس نے سیف الدولہ سے صلح کے لئے کیوں سلسلہ جنبانی کی اور دمشق کے بدلے میں حلب، حمص، اور انطاکیہ دینے کے علاوہ سالانہ ایک معتدبہ رقم ادا کرنے پر کیوں راضی ہوگیا۔ آخر ماہ ربیع الاول سنہ ۳۳۴ (اکتوبر۔ نومبر سنہ ۹۴۵) میں حسن بن طاہر علوی کی وساطت سے دونوں میں عہد نامہ ہوا، اور صلح کی مزید توثیق کی غرض سے سیف الدولہ نے اخشید کے بھائی عبید اللہ بن طغج کی بیٹی سے شادی کرلی۔ اس کے بعد سیف الدولہ دوبارہ حلب میں داخل ہوا۔

اس سال کے ماہ ذی الحجہ، یا بقول بعض محرم سنہ ۳۳۵ (جولائی اگست سنہ ۹۴۵) میں اخشید نے دمشق میں انتقال کیا۔ اس کا کم سن بیٹا انوجور اس کا جانشین ہوا۔ اور مدت العمر اپنے اتابک کافور کا دست نگر رہا۔ بر سر اقتدار ہوتے ہی کافور مصر کی فوج لے کر ایک باغی مغربی کے خلاف روانہ ہوگیا؛ نہ صرف یہ بلکہ اس نے دمشق سے بھی فوجیں واپس بلالیں۔ سیف الدولہ نے معاہدہ کو بالائے طاق رکھا، اور موقع سے فائدہ اٹھا کر شام بلکہ مصر پر بھی قبضہ کرنے کا ارادہ کرلیا۔ دمشق کا حاکم یانس

---

[۱] زبدۃ الحلب۔ ص ۵۳۔

آس سے مل گیا ، اور سیف الدولہ نے وہاں اپنی فوجیں مقرر کر دیں [۱] ۔ وہ خود بھی دمشق چلا گیا ۔ یہاں کے قیام کے دوران میں آس کی والدہ نعم بھی اس کے پاس آ گئی ۔ ایك دن وہ شریف العقیقی کے ساتھ غوطۂ دمشق میں سے گذر رہا تھا تو باتوں باتوں میں آس نے شریف سے کہا کہ یہ سر زمین جب تك ایك شخص کے قبضہ میں نہیں آئیگی آس وقت تك اس کی اصلاح نہ ہوگی ۔ عقیقی نے کہا کہ اس کے مالك تو بہت سے ھیں ۔ سیف الدولہ نے جواب دیا کہ قوانین سلطنت کے مطابق انہیں الگ کیا جاسکتا ھے ۔ شریف العقیقی نے اھل دمشق کو سیف الدولہ کے حقیقی منصوبوں سے مطلع کردیا ۔ لوگ چوکنے ہوگئے ، اور کافور کی مدد کے طالب ھوئے [۲] ۔ وہ مغربی کی بغاوت فرو کر چکا تھا ، اور اب آس نے فوراً انوجور کو ساتھ لیکر شام کا رخ کیا ۔ لجون [۳] کے مقام پر سیف الدولہ اور کافور کی فوجیں آمنے سامنے ہوئیں ۔ باوجود اس کے کہ مصری فوج اس کے سامنے تھی ، سیف الدولہ چند روز وہاں بیکار پڑا رہا ، اور اس کے سپاھی خوراك اور علوفہ کی تلاش میں منتشر ہوگئے ۔ دشمن کو جب اس غفلت کی خبر ہوئی ، تو اس نے اپنی فوج مرتب کرکے اخشید کے بھائی ، ابوالمظفر حسن بن طغج کو اس کا افسر مقرر کیا ۔ سیف الدولہ نے دوسری غلطی یہ کی کہ دشمن کی خبریں معلوم کرنے کے لئے جاسوس مقرر نہیں کئے ۔ نتیجہ یہ ہوا کہ سیف الدولہ کو دشمن کی آمد کی خبر آس وقت ہوئی جب فوج سر پر پہنچ چکی تھی ۔ بہر کیف وہ مقابلے کے لئے تیار ھو گیا ۔ لیکن اس کی تمام کوششیں بے سود ثابت ہوئیں ۔ اس کی فوج کا ایك حصہ کام آیا ، ایك حصہ گرفتار ہوا ، خود سیف الدولہ جان بچا کر دمشق بھاگا ۔ یہ واقعہ جمادی الثانی سنہ ۳۳۵ (سنہ ۹۴۶ کا ختم یا سنہ ۹۴۷ کا آغاز) میں پیش آیا ۔ سیف الدولہ نے دمشق میں داخل ہونے کی ھمت نہ کی ، بلکہ اپنی والدہ اور

---

[۱] ابن اثیر (ج۸ ۔ ص ۱۶۸) لکھتا ھے کہ اس سال یعنی سنہ ۳۳۵ (سنہ ۹۴۷) میں نصر الثملی ، امیر الثغور ، کی معرفت سیف الدولہ نے مسلمان قیدیوں کا تبادلہ کیا ، اور بہتوں کا زر فدیہ ادا کیا ۔ (۲۴۸۰) مسلمان مرد و عورت اس طرح یونانیوں کی قید سے رہا ہوئے ۔ یونانیوں نے (۲۳۰) قیدی خود چھوڑ دئے ، کیونکہ ان کے پاس قیدیوں کی تعداد بہت زیادہ تھی ۔ [۲] ابوالفداء ۔ ج ۲ ۔ ص ۹۵ ۔ [۳] لجون ، اردن کے علاقہ کا ایك شہر تھا ، اور طبریہ سے بیس میل کے فاصلے پر واقع تھا ۔ دیکھو یاقوت لفظ اللجون ۔

دوسرے عزیزوں کو ساتھ لے کر، جو وھاں موجود تھے، مع تمام مال و اسباب کے حمص بھاگا: اھل شہر، چونکہ اس وقت تک حلبون کے واقعہ سے بے خبر تھے، اس لئے انہوں نے بھی مزاحمت نہیں کی۔ حمص میں پہنچ کر سیف الدولہ نے بدوی قبائل، عقیل، نمیر، کلب اور کلاب کے لوگوں سے اتنی بڑی فوج جمع کی کہ اس سے قبل کبھی نہ کی تھی۔ اب حمص اور دمشق کی فوجیں مرج عذرا کے مقام پر جو غوطۂ دمشق میں واقع ھے، دوبارہ مقابل ھوئیں۔ شروع میں جنگ کا فیصلہ سیف الدولہ کے حق میں ھوتا معلوم ھوتا تھا، مگر انجام کار مصری فوج کو فتح ھوئی۔ سیف الدولہ اپنی تمام چھاونی اور مال و اسباب کو کھو کر بھاگا، اس کے سپاھی گرد و نواح کے علاقے میں منتشر ھو گئے اور اکثر مر گئے۔ بذات خود سیف الدولہ پہلے حلب کی طرف بھاگا، مگر جب یہاں بھی پناہ کی صورت نہ دیکھی تو رقہ چلا گیا۔ یانس نے بھی اس کا ساتھ چھوڑ دیا اور انطاکیہ روانہ ھو گیا۔ ماہ ذی الحجہ سنہ ۳۳۵ (جون جولائی سنہ ۹۴۷) میں انوجور حلب میں داخل ھوا۔ وھاں سے اس نے یانس کے پاس انطاکیہ آدمی بھیجے۔ ان کی وساطت سے آخر یانس اور انوجور میں اس شرط پر صلح ھوئی کہ انطاکیہ، جسے سیف الدولہ چھوڑ چکا تھا، یانس کو دے دیا جائے۔ یانس نے بطور یرغمال اپنا بیٹا انوجور کے پاس بھیج دیا۔ اس صلح کی تکمیل کے بعد کافور اور انوجور جنوب کی طرف روانہ ھو گئے [۱] ۔

ایک اور روائت کے مطابق مصریوں کے چلے جانے کے بعد سیف الدولہ حلب ھی میں رھا۔ یانس اور ابن ابی الساج کے حرس نے بغاوت کی، اور اس کو گرفتار کرنا چاھا۔ ان سے بچ کر سیف الدولہ مع اپنے خدم و حشم اور فوج کے بھاگا، اور حلب یانس کے قبضے میں آ گیا۔ لیکن ایک مہینہ بعد یانس کو شہر خالی کرنا پڑا۔ ماہ ربیع الاول سنہ ۳۳۶ (اکتوبر نومبر سنہ ۹۴۷) میں ایک رات سیف الدولہ اچانک حلب پہنچا، یانس اس کی آمد سے بالکل بے خبر تھا، اس نے فوراً شہر خالی کر دیا، اور انوجور کے پاس جانے کے ارادہ سے سرمین [۲] چلا گیا۔ سیف الدولہ کی فوج نے ابراھیم بن البرید کی ماتحتی میں، جو اس سے

---

[۱] زبدة الحلب۔ ص ۵۰۔ ابن تغری بردی ج ۲۔ ص ۳۱۶، ۳۱۷ ۔ [۲] سرمین اعمال حلب کا ایک شہر ھے۔ زمانہ مابعد میں یہاں اسماعیلی آباد ھو گئے تھے۔ یاقوت۔ لفظ سرمین ۔

قبل ناصر الدولہ کا ملازم تہا اور سنہ ۳۳۰ میں سیف الدولہ کے پاس آ گیا تہا، یانس کا تعقب کیا۔ مگر ابراهیم داذیخ [۱] سے آگے نہ بڑہ سکا، اور اپنے اهل و عیال کو وهیں چہوڑ کر اپنے بہائی کے پاس میا فارقین میں پناہ گزیں هوا [۲]۔

اس واقعہ کے بعد سیف الدولہ اور انوجور میں پرانی شرائط پر هی ایك عہد نامہ هوا [۳] اب سیف الدولہ کو حلب کی طرف سے اطمینان هو گیا۔ [۴] اس نے گہڑ دوڑ کے میدان کے قریب اپنے لئے ایك میدان بنوایا، [۵] اور اپنے چچازاد بہائی ابوفراس حارث بن سعید کو منبج اور اس شہر سے متعلقہ علاقوں کا حاکم مقرر کیا۔ اس طرح تین مرتبہ حلب کو کہونے کے بعد آخر سنہ ۳۳۶ (سنہ ۹۴۷) میں یہ شہر مستقل طور پر اس کے قبضے میں آیا۔ بنی تغلب کا پہلا شخص تہا جو بلا شرکت غیرے یہاں کا بادشاہ هوا۔ اس نے اپنے وزیر ابواسحاق محمد القراریطی کو معزول کر کے ابوعبداللہ محمد الموصلی کو اس کی جگہ مقرر کیا [۶]۔

---

[۱] ذاذیخ سرمین کے قریب ایك گاؤں ھے۔ یاقوت لفظ ذاذیخ۔

[۲] زبدۃ الحلب۔ ص ۵۵، ۵۶۔ [۳] جب سیف الدولہ نے اخشید سے حلب فتح کیا ھے تو اسے صوبۂ جزیرہ کا، جس میں عین زربہ، طرسوس اور مصیصہ شامل تہے، حاکم مقرر کیا گیا تہا، اور اس شرط پر خراج معاف کیا گیا تہا کہ وہ یونانیوں کے مقابلہ میں مسلمانوں اور اسلامی سرحد کی حفاظت کریگا۔ اس سے معلوم هوتا ھے کہ گو سیف الدولہ نے یونانیوں کے مقابلے میں اب تك کوئی بڑا کام نہیں کیا تہا، لیکن لوگوں کو اس پر بہروسہ ضرور تہا۔ ابن تغری بردی نے بیان کیا ھے کہ سنہ ۳۳۵ (سنہ ۹۴۶) میں اهل طرسوس نے شہر سیف الدولہ کے حوالے کر دیا تہا۔ اس کے صلے میں سیف الدولہ نے وهاں کے سربرآوردہ لوگوں کو خلعتیں اور رقمیں عطا کی تہیں، اور (۸۰۰۰۰) دینار قیدیوں کے زرفدیہ کے لئے دئے تہے۔ ج ۲۔ ص ۳۱۸۔

[۴] زبدۃ الحلب ص ۵۶۔ [۵] حلبہ کے قریب محل کی تعمیر کے ساتھ سیف الدولہ نے دریائے قویق سے ایك نہر نکالی تہی، جو خناقیہ سے گزر کر محل میں داخل هوتی تہی، اور فیض کے مقام پر محل سے باهر نکل جاتی تہی۔ الطباخ۔ ج ۱۔ ص ۲۵۶۔ [۶] ابن اثیر۔ ج ۸۔ ص ۱۶۸۔

(۴)

اسلامی ممالک کی سرحد شام و فلسطین کی حدود پر ختم ہو جاتی تھی۔ اس سے آگے مسلمانوں نے ایشاء کوچک پر قبضہ کرنے کی کبھی مسلسل کوشش نہیں کی تھی، اور یہ ملک، حسب سابق، یونانی سلطنت قسطنطنیہ کا ایک صوبہ تھا۔ یونانیوں کی کیفیت یہ تھی کہ مسلمانوں کی خانہ جنگی یا نفاق سے ہمیشہ فائدہ اٹھاتے تھے، اور ہر وقت اسلامی سرحد پر ان کی یورشوں کا خطرہ رہتا تھا۔ اس کے علاوہ ارمینیا کو انہوں نے میدان جنگ بنا رکھا تھا۔ اگر خود ان کی سلطنت کمزوری یا ابتری کی وجہ سے حملے کا انتظام نہ کر سکتی تو اھل ارمینیہ کو ابھارتے، اور وھاں بغاوت برپا کرا دیتے، جس سے مسلمانوں کی پریشانی میں اضافہ ہو جاتا۔ یہی وجہ ھے کہ بنی امیہ کے عہد میں یہاں کے حاکم بالعموم تجربہ کار سپہ سالار ھوا کرتے تھے، کیونکہ یہاں تدبر و سیاست کی اتنی ضرورت نہ تھی جتنی کہ فوجی قابلیت اور جفاکشی کی۔ ارمینیہ سے قطع نظر، بنی امیہ نے مسلمانوں کی اس سرحد کو محفوظ رکھنے کی یہ ترکیب کی تھی کہ وہ ہر سال گرمیوں کے موسم میں ایشاء کوچک پر حملے کرتے تھے۔ یہ مہمیں صائفہ کہلاتی تھیں۔ بنی امیہ کے خاتمہ تک یہ قاعدہ جاری رھا۔ سنہ ۱۳۲ (سنہ ۷۴۹) میں بنی عباس نے بنی امیہ کی جگہ لی، تو پورا استحکام حاصل کرنے کے بعد سنہ ۱۳۹ (سنہ ۷۵۶) میں انہوں نے اس طریقہ کو از سر نو زندہ کیا، اور برابر ہر سال ایشیاء کوچک پر فوج کشی کرتے رھے۔ خلیفہ ھارون الرشید کا عہد صائفہ کے لئے خاص طور پر مشہور ھے۔ آس نے بذات خود ان جنگوں میں حصہ لیا، اور سرحد کو مستحکم کرنے کے لئے ایک نیا فوجی صوبہ بنایا جو عواصم کہلاتا ھے۔ طرسوس اس کا صدر مقام تھا۔ اسے نہایت مستحکم طور پر قلعبند کیا گیا تھا، اور اس کے نواح میں قلعوں کا ایک سلسلہ تعمیر کیا گیا تھا۔ خلیفہ مامون نے اپنے باپ کے کام کو جاری رکھا۔ وہ بھی بذات خود ان جنگوں میں شرکت کرتا تھا، اور قلعوں کی تعمیر آس کے عہد میں بھی جاری رھی تھی۔ یہیں سرحد پر، جب کہ وہ طرسوس کے قریب طیانہ یا طوانہ کا قلعہ تعمیر کرانے میں مصروف تھا، آس نے سنہ ۲۱۸ (سنہ ۸۳۳) میں انتقال کیا۔

خلافت عباسیہ کے انحطاط کے زمانہ میں صائفہ میں پہلے کی سی باقاعدگی نہ رھی تھی۔ اب تک قاعدہ یہ تھا کہ ان مہموں کا تعلق براہ راست مرکز خلافت سے ھوا کرتا تھا؛ اور اگر خلیفہ

بذات خود آس میں حصہ نہ لے تو بھی تمام کام آسی کی نگرانی میں عمل میں آتا تھا۔ اب خلفاء کمزور ھوگئے تھے، ترک امراء ان پر حاوی تھے، اور ان کے پاس فوج تھی نہ دولت کہ ان مہموں کا انتظام کرسکیں، خود امراء اپنے اپنے منصوبوں میں مشغول تھے۔ سازشیں اور خانہ جنگیاں انہیں اتنی مہلت نہ دیتی تھیں کہ اس طرف متوجہ ہوں۔ اب طریقہ یہ ھوگیا تھا کہ جو امیر شام و فلسطین کا حاکم ھوتا وھی ان مہموں کی نگرانی کرتا۔ مگر ان حاکموں کی حالت خود اس قدر مخدوش تھی کہ انہیں خبر نہ تھی کہ کل پردۂ غیب سے کیا ظہور میں آئیگا، اور وہ اپنی جگہ پر قائم رھینگے یا کسی سازش یا خانہ جنگی کا شکار ھو جائینگے۔ اس لئے بحیثیت مجموعی وہ سرحد کی حفاظت کی طرف بالکل توجہ نہ کرسکتے تھے۔

ایسی حالات میں دشمن کا شیر ھو جانا یقینی تھا۔ قسطنطنیہ کی سلطنت بوسیدہ ضرور تھی، اور دارالسلطنت میں آئے دن کشت وخون اور انقلابوں کی وجہ سے مرکزی حکومت برابر کمزور ھوتی جارھی تھی۔ قیصر اکثر و بیشتر، نالائق، عیش پسند اور ھر لحاظ سے بدترین قسم کے لوگ تھے۔ عوام کی حالت روز بروز خراب ھوتی جا رھی تھی۔ نظم و نسق ابتر تھا۔ مگر باوجود ان تمام باتوں کے اسلامی سرحد پر ان کی تاخت و تاراج جاری تھی، اور چونکہ اب سرحد کی حفاظت کا کما حقہ انتظام نہ تھا، اس لئے انہیں ھمیشہ کامیابی ھوتی تھی۔ ھم لکھہ چکے ھیں کہ حلب کی مخدوش حالت اور سیف الدولہ کی مشغولیت سے انہوں نے فائدہ آٹھا کر اسلامی سرحد پر حملہ کیا تھا، اور سیف الدولہ کو دوسرے کام چھوڑ کر اس کا جواب دینا پڑا تھا۔

سنہ ۳۳٦ (سنہ ۹٤۷) میں جب حلب اور آس کے اعمال مستقلاً سیف الدولہ کے قبضے میں آگئے تو وہ بھی یہ کرسکتا تھا کہ ھم عصر امراء کی طرح خانہ جنگیوں میں حصہ لیتا، اور اپنی سلطنت کو وسیع کرنے کی کوشش کرتا۔ مگر سرحد کے مالک ھونے کی وجہ سے اب آس کا فرض یہ تھا کہ آسے محفوظ رکھے، اور حتی الامکان یونانیوں کے حملے کو روکتا رھے، تاکہ خود آسے اور عام مسلمانوں کو ان دیرینہ دشمنوں کی طرف سے اطمینان ھو جائے۔ اب اس نے ھر طرف سے کنارہ کشی ھو کر یہ فرض ادا کرنا اپنا سب سے بڑا کام سمجھا۔ آئندہ زندگی میں شائد ھی کوئی سال ایسا گذرا ھو جس میں آس نے بذات خود یا اپنے سپہ سالاروں کے ذریعہ سے یونانی

علاقہ پر فوج کشی نہ کی ہو ، یا ان کی دست درازیوں کو نہ روکا ہو ۔ اس نے یہ فرض کس طرح ادا کیا ، اور کہاں تک کامیاب رہا ، اس کا اندازہ آئندہ اوراق پڑھنے سے ہوگا ۔

سنہ ۳۳٦ (سنہ ۹۴۷) میں سیف الدولہ قلعہ برزویہ کے محاصرہ کے قصد سے روانہ ہوا ۔ یہ قلعہ عوام میں برزیہ کہلاتا تھا ، اور شام کے ساحل پر ایک بلند پہاڑ کی چوٹی پر واقع تھا ۔ اس کے گرد چاروں طرف گہری وادیاں تھیں ، اور قلعہ کی فصیل (۵۰۷) درعہ اونچی تھی اہل فرنگ میں یہ قلعہ ناممکن التسخیر سمجھا جاتا تھا [۱] ، اور اس وقت یونانیوں کے زیر سیادت ابو تغلب کرد کے قبضے میں تھا ۔ سیف الدولہ اس قلعہ کی فتح سے ایک طرف تو یونانیوں کو مرعوب کرنا چاہتا تھا ، اور دوسری طرف اس کا مقصد مسلمانوں کی تالیف قلوب تھا ۔ سیف الدولہ کے محاصرہ کے دوران میں دمستق لیو ، بظاہر اس خیال سے کہ سیف الدولہ برزویہ کا محاصرہ اٹھالے ، الحدث کی طرف بڑھا ۔ لیکن چونکہ سیف الدولہ قسم کہا چکا تھا کہ برزویہ کو فتح کئے بغیر واپس نہ ہوگا ، اس لئے اس نے اہل حدث کی کوئی مدد نہ کی ۔ اسے یونانیوں نے فتح کرلیا ، اور چونکہ لیو جانتا تھا کہ وہ اس پر مستقل طور پر قابض نہیں رہ سکتا ، اس لئے اس نے فصیل شہر مسمار کرادی ۔ سیف الدولہ آخر اپنے مقصد میں کامیاب ہوا ، اور برزویہ کی فتح کے بعد وہ جمادی الثانی سنہ ۳۳۷ (ختم سنہ ۹۴۸ یا آغاز سنہ ۹۴۹) میں وہ انطاکیہ آیا ، جہاں متنبی نے اپنا وہ قصیدہ اس کے سامنے پیش کیا جو اس شعر سے شروع ہوتا ہے ۔

وفاء کما کالربع اشجاہ طاسمہ — بان تسعدا والدمع اشفاہ ساجمہ

سیف الدولہ ابھی انطاکیہ ھی میں تھا کہ اسے اپنی والدہ کی موت کی خبر ملی ۔ اس کے والدہ نے سنہ ۳۳۷(سنہ ۹۴۸) میں میافارقین میں انتقال کیا، اور وھیں دفن ہوئی ۔ متنبی نے اس کا ایک مرثیہ کہا جو اس طرح شروع ہوتا ہے [۲] ۔

---

[۱] یاقوت ۔ لفظ برزویہ ۔ [۲] دیکھو ۔ Saifuddulah مصنفہ صدر الدین ۔ ص ۵۵ ۔ اور اس صفحہ کا حاشیہ (۱) ۔

نعد المشرفیة والعوالی   وتقتلنا المنون بلا قتال

حلب واپس آ کر سب سے پہلے اس نے اپنے چچازاد بھائی، ابو وائل تغلب بن داؤد کو، جو اس کی طرف سے حمص کا حاکم تھا، آزادی دلائی۔ ابو وائل نے شورہ پشت عربوں کے خلاف فوج کشی کی تھی۔ اتفاق سے اسی زمانہ میں بنی کلب کے ایک شخص المبرقع نے نبوت کا دعوے کیا، اور طے اور کلب کے بہت سے لوگ اس کے ساتھ ہوگئے۔ اس شخص نے ایک جنگ میں ابو وائل کو گرفتار کرلیا، اور بہت سے گھوڑے اور کثیر رقم بطور فدیہ طلب کیا۔ سیف الدولہ نے منظور کرلیا۔ مگر جب المبرقع فدیہ کا انتظار کر رہا تھا تو سیف الدولہ اچانک اس پر حملہ آور ہوا اور اسے قتل کر کے ابو وائل کو آزاد کرالیا [۱]۔ اس کے بعد سیف الدولہ کو معلوم ہوا کہ یونانی اب مرعش [۲] پر حملہ کرنے کی تیاری کر رہے ہیں۔ اس

---

[۱] جمال الدین ابوالحسن علی نے سنہ ۳۳۶ کے واقعات بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ، اس سال سیف الدولہ نے الهادی نام ایک قرمطی کو گرفتار کر کے ابو وائل کو آزاد کرایا،،۔ اس کی تفصیل وہ اس طرح بیان کرتا ہے کہ: ابو وائل تغلب بن داؤد بن حمدان اپنے چچازاد بھائی کی طرف سے حمص کا حاکم تھا۔ اس نے ان عربوں کے خلاف فوج کشی کی جو الحدث میں قلعبند ہوگئے تھے اور ہر سمت میں تباہی و بربادی پھیلا رہے تھے۔ اتفاق سے اسی زمانہ میں ایک قرمطی صاحب الخال طے اور کلب کے بہت سے آدمیوں کو لے کر وہاں پہنچا۔ اس میں اور ابو وائل میں جنگ ہوئی، اور ۱۱ شعبان کو اس نے ابو وائل کو گرفتار کرلیا۔ جب سیف الدولہ کو حلب میں یہ معلوم ہوا تو وہ وہاں سے چلا، اور شہر سے (۳۶) میل کے فاصلے پر معرۃالنعمان میں خیمہ زن ہوا۔ پھر تین دن حمص میں رہا، اور چوتھے دن صبح ہوتے ہوتے دریائے امہین؟ کے کنارے کے گاؤں میں قرمطی پر جا پڑا، اور اس کی فوج کو شکست دی۔ اس معرکے میں قرمطی کام آیا۔ حدث کے گاؤں کو سیف الدولہ نے یہ سزا دی کہ اسے مسمار کرادیا، اور وہاں کے باشندوں پر (۵۰۰۰) دینار جرمانہ کیا۔ یہ مہم صرف نو دن میں انجام کو پہنچی۔

سنہ ۳۳۷ میں سیف الدولہ نے برزیہ فتح کیا، جو چوروں اور رہزنوں کا ملجاء و ماوے بنا ہوا تھا۔ یہ مقام قنسرین اور حمص کے علاقہ میں ہے،،۔ دیکھو فریٹاگ۔ ص ۱۸۶، ۱۸۷ ۔

[۲] مرعش کا شہر شام اور یونانی سرحد پر واقع تھا۔ اسے پہلے خلیفہ مروان ثانی اموی نے بسایا، اور ہارون الرشید نے دوبارہ تعمیر کرایا۔ اس کی دو فصیلیں تھیں، شہر کے بیچوں بیچ ایک قلعہ تھا جو مروان ثانی کے نام پر مروانیہ کہلاتا تھا، اور باہر ایک بستی تھی جو ہارونیہ کہلاتی تھی دیکھو یاقوت لفظ مرعش۔

نے محمد بن ناصر الدولہ کو بطور نائب حلب میں چھوڑا ، اور اهل مرعش کی مدد کے لئے روانہ هوگیا ، لیکن یونانیوں کے مقابلے میں شکست کھائی ، اور میافارقین واپس آ گیا [۱] یونانیوں نے مرعش پر قبضہ کر لیا ، اور طرسوس پر یورشیں شروع کیں ۔

ابھی سیف الدولہ حلب واپس نہیں آیا تھا کہ دمستق لیو نے بوقاس کے قلعہ پر فوج کشی کی ۔ محمد بن ناصر الدولہ نے بذات خود قلعے والوں کو مدد پہنچانی چاهی ، لیکن (۴۰۰) مقتولین اور بہت سے قیدیوں کا نقصان برداشت کر کے شکست کھائی ۔ اسی سال سیف الدولہ کے چہار سالہ بیٹے ابو الهیجا عبداللہ نے میافارقین میں انتقال کیا ۔ [۲] ماہ ربیع الاول میں یونانیوں نے کیلیکیا کا شہر فتح کیا ، اور یہاں کے باشندوں کو جان و مال کی امان دی ۔ فصیل شہر مسمار کرنے کے بعد یونانیوں نے شہر خالی کر دیا ۔

(۵)

ان متواتر ناکامیوں سے شکستہ دل هونے کے بجائے ، سیف الدولہ نے یونانیوں سے بدلہ لینے کی اور بھی زیادہ تندهی سے کوشش کی ۔ وہ یہ سمجھتا تھا کہ اگر یونانی کہیں دوسری جگہ برسر پیکار هوں تو اسلامی سرحد پر انہیں شکست دینا زیادہ آسان هوگا ۔ اس نے ایك عظیم الشان فوج تیار کی اور ربیع الاول سنہ ۳۳۹ (اگسٹ ستمبر سنہ ۹۵۰) میں یونانی علاقہ کی طرف روانہ هوگیا ۔ [۳] طرسوس کے چار هزار سپاهی قاضی ابو حصین کی سرکردگی میں اس کے ساتھ تھے ۔ سب سے پہلے وہ قیصر یہ گیا ، اور پھر یونانی علاقہ میں داخل هوا ۔ بہت سے

---

[۱] یافعی ۔ ج ۲ ۔ ص ۳۲۴ ۔ [۲] حفاظت کے خیال سے سیف الدولہ کے اهل و عیال میافارقین میں رها کرتے تھے ۔ فریٹاگ ص ۱۸۷ ۔ [۳] اس مہم میں سیف الدولہ کی شکست کا ذکر سب کرتے هیں ۔ مثلاً ابن اثیر ج ۸ ۔ ص ۱۷ ابو الفداء ج ۲ ۔ ص ۹۸ ۔ یافعی ج ۲ ۔ ص ۳۲۹ ۔ مگر ان میں سے کسی نے واقعہ کو تفصیل سے بیان نہیں کیا ۔ تفصیل کے لئے دیکھو فریٹاگ ۔ ص ۱۸۷ ۔ الخ ۔ اس کے برعکس تغری بردی نے بیان کیا هے (ج ۲ ۔ ص ۳۲۹) کہ سیف الدولہ کو اس فوج کشی میں کامل فتح هوئی تھی ۔ وہ اپنے بیان کو ان الفاظ پر ختم کرتا هے :۔ وکانت غزوۃ مشهورۃ وغنم المسلمون مالا یوصف وبقو فی الغزوۃ اشهرا ۔

قلعے اس نے فتح کئے ، بے شمار قیدی اس کے ہاتھ آئے ، اور یونانیوں کی کثیر تعداد کام آئی۔ چونکہ یونانیوں نے اس کی کا حقہ مزاحمت نہیں کی تھی ، اور اسے اب تک برابر کامیابی ہو رہی تھی ، اس لئے وہ یونانی علاقے کے اندرونی حصہ میں داخل ہوا ، جو سمندر کے گرد واقع ہے۔ اس سے بھی آگے بڑھ کر ملطیہ کے نواح میں خرشنہ پہنچا ، اور آخر صارخہ تک آیا ، جو قسطنطنیہ سے صرف تین دن کی مسافت پر ہے۔ وہ اس مقام کا محاصرہ کئے ہوا تھا کہ دمستق لیو نے اس کے مقدمۃ الجیش پر چھاپا مارا ، مگر ایسی شکست کھائی کہ بمشکل مسلمانوں کے ہاتھ سے بچ کر بھاگا اور ایک قلعہ میں پناہ گزین ہوا۔ دوسری تازہ دم فوج تیار کر کے اس نے دوبارہ سیف الدولہ کا مقابلہ کرنے کی ہمت کی ، اور پھر پہلے کی طرح شکست فاش کھائی ، اور اپنے بطریقوں کو میدان میں چھوڑ کر بھاگا ، جنہیں سیف الدولہ نے گرفتار کر لیا۔ مہینوں تک فاتح ان علاقوں میں گشت لگاتے رہے ، اور بے حساب مال غنیمت ان کے ہاتھ آیا۔

اب دمستق کو اندازہ ہوا کہ وہ کھلے میدان میں سیف الدولہ کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ اس لئے اس نے فیصلہ کیا کہ سیف الدولہ پر ایسی جگہ حملہ کیا جائے کہ ہر صورت میں جنگی لحاظ سے یونانیوں کو اس پر فوقیت رہے۔ چنانچہ اس نے ایک تنگ درہ پر قبضہ کر لیا۔ واپسی میں سیف الدولہ کو اسی درہ میں سے گزرنا پڑتا تھا۔ دمستق نے خفیہ طور سے پہاڑوں پر اپنی فوج پھیلا دی ، اور موقع کا منتظر رہا۔ یہ درہ درب الکنکرون کہلاتا ہے ، اور الحدث کے علاقے میں واقع ہے۔ گذشتہ واقعات میں سیف الدولہ کے مقدمۃ الجیش نے سب سے زیادہ حصہ لیا تھا ، اور سپاہی تھکے ماندے تھے۔ اس حصہ فوج کو سیف الدولہ نے آگے بھیجا۔ دمستق نے اس خیال سے کہ شبہ پیدا نہ ہو اسے بغیر مزاحمت کے گزر جانے دیا۔ اس کے بعد اس نے درہ کا تنگ راستہ عظیم الشان درخت کاٹ کر اور بڑی بڑی چٹانیں لڑھکا کر بند کر دیا۔ اب سیف الدولہ کی فوج جب درہ میں پہنچی تو عقب سے یونانیوں نے اس پر حملہ کر دیا ، اور اسے اس طرح گھیرا کہ نہ تو سپاہی واپس جا سکتے تھے ، اور نہ ان درختوں اور چٹانوں میں سے گذر کر آگے راستہ پا سکتے تھے۔ اس وقت جو کشت و خون ہوا وہ بیان سے باہر ہے۔ سیف الدولہ کی تمام فوج یا تو قتل ہوئی یا گرفتار۔ خود سیف الدولہ چند جاں نثار سپاہیوں کے ساتھ جان بچا کر بھاگا۔

یہ جمادی الثانی سنہ ۳۳۹ (۲۰ نومبر ۹۵۰) کا واقعہ ہے۔ کتاب زبدۃ الحلب کے مصنف نے اس واقعہ کی تفصیل میں لکھا ہے کہ اس موقع پر سیف الدولہ اپنے صبا رفتار گھوڑے پر سوار ہوکر بھاگا تو یونانیوں نے اسے پہچان کر اس کا تعقب کیا۔ آخر سیف الدولہ ایک بلند چٹان کے کنارے پر پہنچا اس کے سپاہی شکست کھا کر یا بد دل ہوکر اس وقت اس کا ساتھ چھوڑ چکے تھے، اور وہ تن تنہا اس پہاڑ پر کھڑا تھا۔ اگر توقف کرتا تو دشمنوں کے ہاتھ میں گرفتار کرتا۔ اس نے یہ پسند نہ کیا، بلکہ گھوڑے کو ایڑ لگائی، اور گھوڑا ایک ذقند میں بلا گزند پہاڑ سے میدان میں پہنچ گیا اور یونانی منہ دیکھتے رہ گئے [۱]۔ من جملہ اور نقصانات کے جو سیف الدولہ کو برداشت کرنے پڑے (۵۰۰۰) دینار کی ایک ہنڈی، جو خلیفہ کے وزیر ابن مقلہ نے بنی حمدان کے خرچ کے لئے بھیجی تھی۔ یونانی علاقہ میں سیف الدولہ کی اس یورش کو عرب مورخ غزاۃ المصیبۃ کہتے ہیں۔ اس زبردست فتح کے بعد دمستق نے سیف الدولہ سے صلح کی درخواست کی، کیونکہ وہ اس وقت دوسرے کاموں میں مشغول تھا۔ لیکن سیف الدولہ نے نہ صرف صلح کرنے سے انکار کیا، بلکہ دمستق کو آئندہ کے لئے بھی دھمکیاں دیں۔

---

[۱] عربوں کی اس شکست کے حالات لیودیاکونوس (Leodiaconus) نے لکھے ہیں وہ لکھتا ہے کہ شکست کے بعد سیف الدولہ بھاگتے ہوئے راستہ میں سونا چاندی بکھیرتا جاتا تھا، تاکہ یونانی بجائے تعقب کرنے کے سونا چاندی جمع کرنے میں مشغول ہوجائیں۔ اقریطش کی جنگ کے خاتمہ پر نقفور (Nicephorus) کو سیف الدولہ سے لڑنے کے لئے ایشیا کا دمستق مقرر کیا گیا تھا، اور اس نے تقریباً (۶۰) قلعے فتح بھی کئے تھے۔ مگر اسی دوران میں قیصر روما نوس کا انتقال ہوگیا، اور اس کے دو بیٹے بازیل، اور قسطنطین اس کے جانشین ہوئے۔ اب قسطنطنیہ کے دربار میں سازشوں کا دور دورہ ہوا۔ نقفور کچھ مدت تک ان سازشوں کا شکار رہا۔ آخر بطریرک پولیوکتوس نے ان سے آسے نجات دلائی۔ اب اس نے نئے سرے سے سیف الدولہ پر چڑھائی کی اور طرسوس پر حملہ آور ہوا۔ مگر دربار کی سازشوں نے اب بھی اس کا پیچھا نہ چھوڑا۔ انجام کار نقفور کے قیصر ہونے کا اعلان کردیا گیا۔ نئے قیصر نے شمشقیق (Tzemisces) کو دمستق مقرر کیا۔ لیودیاکونوس نے بہت سے واقعات بیان نہیں کئے جو عرب مورخوں نے لکھے ہیں۔ اس کی یا تو یہ وجہ تھی کہ اس کا اصلی مقصد یونانیوں کی تاریخ لکھنا تھا، یا وہ ان واقعات سے ناواقف تھا۔ دیکھو فریٹاگ۔ ص ۱۸۹۔ بازنطینی تاریخ کی تفصیل آئندہ آئے گی۔

سیف الدولہ نے اب بھی ہمت نہ ہاری؛ اور موصل، الجزیرہ، شام اور صحراء کے باشندوں کی ایک نئی فوج مرتب کر کے سنہ ۳۴۰ (سنہ ۵۱ - ۹۵۲) میں دوبارہ یونانی علاقہ پر حملہ آور ہوا۔ اس مرتبہ وہ کامیاب رہا، اور بہت کچھ قتل و غارت کے بعد حلب واپس آ گیا [۱]۔ وہ حران سے ہوتا ہوا آمد آیا، جسے فتح کرنے کی یونانی کوشش کر رہے تھے۔ ایک یونانی نے وعدہ کیا تھا کہ فوج کو ایک سرنگ کے ذریعہ سے شہر میں داخل ہونے کا راستہ بتا دیگا۔ یہ وعدہ اس نے پورا کیا۔ لیکن جونہی یونانی شہر میں پہنچے، اہل شہر ان پر ٹوٹ پڑے اور انہیں قتل کر کے سرنگ کا منہہ بند کر دیا۔ اس سال حلب اور عواصم میں زبردست زلزلہ آیا، جس کا سلسلہ چالیس دن تک رہا۔ اس میں جان و مال کا بے انتہا نقصان ہوا۔ قلعہ دلوک کے تین برج گر گئے، اور رعبان اور تل حامد دونوں بالکل برباد ہو گئے [۲]۔

سنہ ۳۴۱ (سنہ ۵۲ - ۹۵۳) میں سیف الدولہ نے مرعش کو دوبارہ تعمیر کرایا [۳]۔ دمستق نے اس میں مزاحمت کرنی چاہی، مگر سخت شکست کھائی۔ اس کا بدلہ اس نے اس طرح لیا کہ سروج فتح کر کے وہاں کے باشندوں کو گرفتار کر لیا، مال و اسباب لوٹ لیا، اور شہر اور خاص طور پر وہاں کی مسجدیں جلا ڈالیں [۴]۔

سنہ ۳۴۲ (سنہ ۵۳ - ۹۵۴) میں سیف الدولہ نے زبطرہ پر فوج کشی کی، جو ملطیہ، سمیساط، حدث اور عرقہ کے درمیان واقع ہے۔ اس مہم میں اس کا مقابلہ بردس فوکس کے تیسرے بیٹے قسطنطین سے موسر کے درے میں ہوا، اور فریقین نے اس میں بہت نقصان اٹھایا۔ اس واقعہ کے بعد سیف الدولہ دریائے فرات کو عبور کر کے یونانیوں کی سرحد پار بطن ھنزیت پہنچا، اور پھر سمیساط کی طرف روانہ ہوا۔ اس عرصہ میں دمستق انطاکیہ جا چکا تھا۔ یہ خبر سن کر سیف الدولہ

---

[۱] ابن تغزی بردی ج ۲ - ص ۳۳۰۔ [۲] ابن تغزی بردی - ج ۲ - ص ۳۳۱ -

[۳] الطباخ - ج ۱ - ص ۲۵۸۔ اس موقع پر متنبی نے ایک قصیدہ کہا تھا، جس کا مطلع ہے -
فدنیاك من ربع وان زدتنا کربا ۔ فانك کنت الشرق للشمس والغربا (دیکھو ایضاً) -

[۴] ابوالفداء ج ۲ - ص ۱۰۰ - ابن تغری بردی ج ۲ - ص ۳۳۳ -

سمیساط سے پلٹا ، اور مرعش کے مقام پر دشمن سے مقابل ھوا۔ یونانیوں نے شکست کھائی ، بطریق لیو جنگ میں کام آیا ، اور دمستق کا نوجوان بیٹا قسطنطین گرفتار ھوا۔ سیف الدولہ اسے اپنے ساتھ حلب لے گیا ، اور وھیں اس نے انتقال کیا [۱]۔ سیف الدولہ نے اس کی لاش حلب کے عیسائیوں کے حوالے کردی ، جنھوں نے اسے نہایت قیمتی تابوت میں بند کر کے ایک گرجا میں دفن کر دیا۔ سیف الدولہ نے تعزیت کا ایک خط اس کے باپ کو لکھا۔ لیکن باپ کو اپنے نوجوان بیٹے کی موت کا اس قدر صدمہ ھوا کہ وہ دنیا ترک کر کے راھب ھو گیا۔ متنبی کے ذیل کے شعر میں اسی واقعہ کی طرف اشارہ ھے ۔

فلو کان ینجی من علی ترھبٌ — ترھبت الاملاک مثنی و موحدا

اسی واقعہ کے متعلق ایک اور شاعر ابو عباس احمد بن نامی کہتا ھے ۔

لکنه طاب الترھب خیفة — ممن له تتقاصر الاعمار
فما کان قائم سیفه عکازة — و مکان ما یتمنطق الزنار [۲]

ماہ ربیع الاول سنہ ۳۴۳ (جولائی سنہ ۹۵۴ء) میں سیف الدولہ نے یونانی علاقہ پر فوج کشی کی ، اور تمام علاقہ دل کھول کر پامال کیا۔ بہت سے یونانی قید ھوئے۔ مقتولین میں دمستق کا

---

[۱] الطباخ (ج ۱۔ ص ۲۵۹) نے ابن شداد کی کتاب الاعلاق الخطیرة سے نقل کیا ھے کہ قسطنطین نے قید کے زمانہ میں اپنے باپ بردس فوکس کو لکھا تھا کہ سیف الدولہ اس کے ساتھ نہایت عزت و احترام سے پیش آتا ھے ، اور مرض کے دنوں میں بذات خود اس کی خدمت کرتا ھے ۔ بردس فوکس نے (۸۰۰۰۰) دینار اور تین ھزار مسلمان قیدی اس کے بدلے میں پیش کئے۔ مگر سیف الدولہ نے انہیں قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ مجبور ھو کر بردس فوکس نے ایک عیسائی عطار کو حلب بھیج کر خود ھی اپنے بیٹے کو زھر دلادیا۔

[۲] دی تریسی Mutanabbi und Sayfuddaulah(Dieterici) - ص ۱۰۰ -

ایک بیٹا بھی شامل تھا۔ دمستق بردس فوکس [۱] کو جب اس فوج کشی کی اطلاع ہوئی تو وہ تقریباً (۵۰۰۰۰) پیادہ اور سوار فوج لے کر، جس میں رومی، بلغاری، روسی اور ارمنی شامل تھے، سیف الدولہ کے مقابلہ کے لئے نکلا۔ شعبان سنہ ۳۴۳ (اکتوبر سنہ ۹۵۴) میں فریقین کا مقابلہ الحدث کے مقام پر ہوا۔ دن بھر کی لڑائی کے بعد آخر میدان مسلمانوں کے ہاتھ رہا۔ متعدد بطریقوں کے علاوہ دمستق کا داماد اور نواسا دونوں گرفتار ہوئے [۲]۔ عکبری لکھتا ہے [۳] کہ اس جنگ میں یونانی فوج نے مسلمانوں کو اس بری طرح گھیر لیا تھا کہ ان کے لئے نجات کی بظاہر کوئی صورت نہ رہی تھی۔ مگر سیف الدولہ کے تہور نے یکایک تمام حالات بدل دیے۔ وہ پانچ سو سپاہیوں کے ساتھ حملہ کر کے یونانیوں کی صفوں کو چیرتا ہوا دمستق تک پہنچ گیا۔ دمستق اس سے اتنا گھبرایا کہ میدان جنگ چھوڑ کر بھاگا، اور پھر اس کی فوج کے پاؤں بھی اکھڑ گئے۔ بردس فوکس کا بیٹا قسطنطین بقیہ جنگ کے دوران میں الحدث کے قریب ایک سرنگ میں چھپا رہا، اور

---

[۱] بردس فوکس کے راہب ہو جانے کا ذکر ہم پہلے پڑھ آئے ہیں۔ یہاں جس دمستق کا ذکر ہے وہ یقیناً بردس فوکس ہی ہوگا۔ اس لئے پہلے بیان میں غالباً مورخوں سے غلطی ہوئی ہے، اور انہوں نے کسی اور شخص کو دمستق سمجھ لیا ہے۔ اسی طرح اس مہم میں ابن اثیر (ج ۸ - ص ۱۸۳) نے قسطنطین بن دمستق کے قتل کا ذکر کیا ہے، حالانکہ اس کی موت کا ذکر سنہ ۳۴۲ کے واقعات میں ہو چکا ہے۔ یہاں بھی اسی قسم کا مغالطہ معلوم ہوتا ہے۔ [۲] ابن اثیر ج ۸ - ص ۱۸۳ - ابوالفداء (ج ۲ - ص ۱۰۰) لکھتا ہے کہ سیف الدولہ نے ماہ ربیع الاول سنہ ۳۴۳ میں یونانی علاقہ پر فوج کشی کی تھی اور ایک زبردست جنگ کے بعد سیف الدولہ کو فتح ہوئی تھی۔ متنبی کے شارح عکبری نے یہ واقعہ جمادی الثانی سنہ ۳۴۳ کا بتایا ہے، اور لکھا ہے کہ اس میں تین ہزار یونانی کام آئے تھے۔ دیکھو الطباخ - ج ۱ - ص ۲۶۰ - [۳] الطباخ - ج ۱ - ص ۲۶۰ - مصنف نے عکبری کی عبارت نقل کی ہے۔ اگر عکبری یا ابوالفداء کے بیان کو صحیح مان لیا جائے تو ماہ رجب میں قلعے کی تعمیر کی تکمیل قرین قیاس ہے۔ لیکن اگر واقعہ کی تاریخ شعبان سمجھی جائے تو ظاہر ہے کہ بیان ما بعد بے معنی ہو جاتا ہے۔

رات کو اپنے باپ سے جا ملا - فتح پانے کے بعد سیف الدولہ اس وقت تک قلعے کے قریب مقیم رہا جب تک کہ اس کی تعمیر مکمل نہ ہو گئی - اس کی تکمیل رجب سنہ ۳۴۳ میں ہوئی -

سنہ ۳۴۴ (سنہ ۹۵۵-۹۵۶) میں بردس فوکس نے اس شکست کا بدلہ لینے کے لئے روسیوں، بلغاریوں اور دوسری اقوام کی ایک فوج مرتب کی اور ماہ جمادی الاول میں الحدث کا محاصرہ کیا - وہ اتنا کامیاب ہوا کہ اس کی فوج نے شہر کی فصیل میں شگاف کر لیا ، مگر یونانی فوج شہر میں داخل نہ ہو سکی ، کیونکہ اسی وقت بردس فوکس کو معلوم ہوا کہ سیف الدولہ اس کے مقابلے کے لئے آرہا ہے اس نے محاصرہ اٹھا لیا - متنبی نے اس واقعہ کا ذکر ایک قصیدہ میں کیا ہے ، جس کا مطلع ہے -

ذی المعالی فیعلون من تعالا — هکذا هکذا و الا فلا لا

سنہ ۳۴۴ میں، نویری اور جمال الدین کے بیان کے مطابق طرسوس ، اذنہ اور مصیصہ کے لوگ سیف الدولہ کے پاس آئے - ان کے ساتھ قیصر کے سفیر بھی تھے، انہوں نے صلح کی درخواست کی، جسے سیف الدولہ نے منظور کر لیا [۱] -

سنہ ۳۴۵ (سنہ ۹۵۶ - ۹۵۷) میں سیف الدولہ نے بطن ھنزیت پر فوج کشی کی، اور دریائے ارناس کے کنارے ٹھہرا - کشتیوں کے ذریعہ دریا کو عبور کر کے وہ قلعہ تل بطریق پر حملہ آور ہوا - یہاں کا حاکم شمشقیق کا بیٹا یانس تھا - اسے بے دخل کر کے سیف الدولہ قلعہ پر قابض ہو گیا - اس موقع پر جو لڑائی ہوئی اس میں البلطس (Balantes) کا بیٹا ، اور شمشقیق کا داماد دونوں کام آئے ، اور ابن قلموط گرفتار ہوا - اس سے فارغ ہو کر سیف الدولہ درب الخیاطین واپس آیا، اسے معلوم ہوا کہ دمستق اور اس کا بیٹا کذوبہاے ھی سے اس پر قابض ہیں - مگر جنگ میں سیف الدولہ کو فتح ہوئی، اور وہ اچانک آمد کے سامنے ظاہر ہوا - جب سیف الدولہ اس مہم پر روانہ ہوا ہے تو اس نے اپنے چچازاد بھائی ابوالعشائر ابن حسین کو قلعہ دلوک [۲] کا حاکم مقرر کیا تھا، اور حکم دیا تھا کہ قلعہ عرنداس کی تعمیر کی تکمیل کرائے - دمستق لیو [۳] نے اس پر حملہ کر کے اسے شکست دی اور گرفتار کر کے اپنے ساتھ قسطنطنیہ

---

[۱] فریٹاگ - ص ۱۹۲ - [۲] حلب کے نواح میں صوبۂ عواصم کا ایک چھوٹا شہر ہے یاقوت لفظ دلوک - [۳] لیو دمستق نہیں تھا، بلکہ اپنے باپ بردس فوکس کے ماتحت فوج کا افسر تھا -

لے گیا ۔ یہیں ابوالعشائر نے وفات پائی ۔ ماہ جمادی الثانی سنہ ۳۴۵ کی مہم میں سیف الدولہ نے بہت سے مقامات مثل خرشنہ ، صارخہ وغیرہ تباہ کئے، اور رست بن البلنطس (Rost son of Balantes) لاون بن الاسطراطیقوس (Leo son of Stratikos) اور ملکونہ کے بطریق ابن غزال کو گرفتار کیا ۔ خالدیات کے بطریق اور دمستق نے بھاگ کر جان بچائی [۱] ۔

سعید بن بطریق کی تاریخ کے ذیل میں بیان کیا گیا ھے کہ سیف الدولہ نے سمید [۲] پر فوج کشی کی تھی اور اسطراطیقوس بن البلنطس کو قید کر لیا تھا ۔ وھاں سے واپس آتے ھوئے آس نے حصن زیاد کا محاصرہ کیا ۔ یہاں اس کا مقابلہ دمستق کے بیٹے سے ھوا جو سیف الدولہ کی آمد کی خبر سن کر شامی سرحد سے اسی غرض سے آیا تھا ۔ اس عرصہ میں خود دمستق الحدث کا محاصرہ کر چکا تھا ۔ آس نے اھل شہر کی جان و مال کی حفاظت کا وعدہ کیا ، اور اسی وعدہ پر شہر اس کے حوالے کر دیا گیا ۔ سیف الدولہ الحدث کی کوئی مدد نہ کرنا چاھتا تھا ، کیونکہ یہاں کے باشندے اکثر آس کی اطاعت سے انحراف کرچکے تھے ۔ لیکن واپس ھوتے ھوئے آس نے اس کا انتظام کر دیا کہ یونانیوں کی طرف سے مسلمان قیدیوں پر کسی طرح کی سختی نہ ھونے پائے ، اور انہیں آزاد کردیا جائے [۳] ۔

سیف الدولہ کے خلاف نو برس کی مسلسل جنگ و جدل کے بعد یونانیوں کو اس بات کا احساس ھوا تھا کہ اگر سیف الدولہ کو فتح ھو تو ان کے لئے خود انہیں کے علاقے میں کوئی جائے پناہ باقی نہیں رھتی : اور اگر شکست ھو تو آس کا اثر چند ماہ سے زیادہ باقی نہیں رھتا ، بلکہ

---

[۱] فریٹاگ ۔ ص ۱۶۳ ۔ ابن اثیر یا کسی اور مورخ نے سنہ ۳۴۵ کے واقعات کی تمام تفصیل بیان نہیں کی ۔ ابن اثیر (ج ۸ ۔ ص ۱۸۷) نے صرف یہ لکھا ھے کہ اس سال ماہ رجب میں سیف الدولہ نے بلاد روم پر فوج کشی کی، خرشنہ اور صارخہ تک پہنچا، بہت سے قلعے فتح کئے مال غنیمت اور قیدی خوب حاصل ھوئے ۔ اس کے بعد وہ اذنہ آیا ، اور یہاں سے حلب واپس ھوا ۔ یونانیوں نے اپنی شکستوں کا بدلہ اس طرح لیا کہ میافارقین پر حملہ کر کے، قتل و غارت کے بعد ، سواد شہر کو جلا دیا ۔ [۲] سمید نام کے کسی مقام کا ذکر یاقوت نے نہیں کیا ۔ ممکن ھے کہ یہ سمندرو ھو ۔ [۳] فریٹاگ ص ۱۹۳ ۔ الخ ۔

پہلے سے بڑی اور عظیم الشان فوج کے ساتھ وہ آن سے لڑنے کے لئے میدان میں نکل آتا ھے۔ مدتوں سے یونانیوں کو مسلمانوں میں ایسا مد مقابل نہیں ملا تھا۔ اب انہیں پورا اندازہ ھو گیا کہ کھلے میدان میں سیف الدولہ کو شکست دے کر برباد کرنا ناممکن ھے۔ اس لئے انہوں نے سازش سے کام لینا چاہا اس سال جمادی الاول (اگست سنہ ۹۵۷) میں یونانیوں نے سیف الدولہ کے چند امراء سے سازباز کیا، اور رشوتیں دے کر انہیں اس پر آمادہ کر لیا کہ جب سیف الدولہ دمستق کے مقابلے کے لئے روانہ ھو تو آسے گرفتار کر کے دمستق کے حوالے کر دیں۔ مگر ایک امیر، ابن کیغلغ، کو ایک فراش کے ذریعہ اس سازش کی اطلاع ھو گئی۔ قبل اس کے کہ سازشیوں کو اس کا علم ھو کہ ان کا راز طشت از بام ھو گیا ھے، سیف الدولہ نے بدووں اور دیالمہ کی ایک جمعیت مہیا کر لی اور حکم دیا کہ جونہی وہ اشارہ کرے یہ لوگ ان سازش کرنے والوں پر ٹوٹ پڑیں، اور ان کا قلع قمع کر دیں حلب کی دیواروں کے باھر اس حکم پر عمل کیا گیا۔ حرس کے (۱۸۰) سپاھی قتل اور (۲۰۰) قید ھوئے۔ ان قیدیوں کے ھاتھ، پیر اور زبانیں کاٹ ڈالی گئیں۔ مجرموں میں سے صرف چند ھی اپنی جانیں بچا کر بھاگ سکے۔ اس کے بعد سیف الدولہ حلب واپس آ گیا، جہاں آس نے (۴۰۰) قیدیوں کے قتل کا حکم دیا۔ دمستق کے بیٹے کو بھاری ھتکڑیاں اور بیڑیاں پہنا کر محل کی ایک تنگ و تاریک کوٹھڑی میں قید کر دیا گیا۔ فراش کو، جس نے سب سے پہلے اس سازش کی اطلاع دی تھی، بڑے بڑے انعامات دئے گئے، اور ابن کیغلغ کو اس کی وفاداری کے صلے میں، وسیع جاگیر عطا ھوئی۔ رس کے جو سپاھی باقی رہ گئے ان پر بھی سیف الدولہ کو اعتماد نہ رھا [۱]۔

ظاھر ھے کہ اس سازش کے بعد سیف الدولہ کو اپنے سپاھیوں بلکہ امراء پر بھی بھروسہ ں رھا تھا۔ اس لئے یہ امر تعجب خیز نہیں کہ سنہ ۳۴۶ (سنہ ۹۵۷) میں آس نے یونانیوں پر فوج کشی ں کی۔ یانس بن شمشقیق (Joannes Tzimisces) نے ربیع الاول سنہ ۳۴۷ (مئی جون سنہ ۹۵۸) میں ار بکر کے شہر آمد، ارزن، اور میافارقین پر یورش کی، سمیساط کو برباد کیا، اور حصن الیمانی کا صرہ کر لیا۔ سیف الدولہ نے آس کے مقابلہ کے لئے نجا الکاسکی کو دس ھزار فوج دے کر روانہ کیا۔ گر نجا نے سخت سکشت کھائی۔ آس کے (۵۰۰۰) سوار کام آئے، اور (۳۰۰۰) پیادے گرفتار ھوے۔

---

[۱] فریٹاگ۔ ص ۱۹۴ –

اس کے علاوہ آس کی تمام چھاؤنی یونانیوں کے قبضے میں آ گئی ۔ اس فتح کے بعد یانس اور البراکوس سمیساط گئے اور اس پر قبضہ کرلیا ۔ یہاں سے جب وہ رعبان کی طرف کوچ کررھے تھے تو سیف الدولہ نے بذات خود ان کا مقابلہ کیا ؛ مگر شعبان سنہ ۳۴۶ (اکتوبر نومبر سنہ ۹۵۸) میں شکست کھائی ۔ اور یانس نے آس کا تعقب کیا ۔ یونانیوں نے بہت سے سپاھیوں کو قتل کیا ، اور آس کے اھل قبیلہ کو گرفتار کرلیا ۔ آس کے (۱۷۰۰) قیدی قسطنطنیہ بھیج دئے گئے ، جہاں انہیں تمام شہر میں گشت کرایا گیا ۔ اسی زمانہ میں یونانیوں نے قورس [۱] پر حملہ کیا ، اور بہت سے لوگ پکڑ کر لے گئے ۔ مگر سیف الدولہ نے انہیں رھا کرالیا ۔

اس عرصے میں سیف الدولہ ایک نئی پریشانی میں مبتلا ھوا ۔ ناصرالدولہ موصل کا حکمران تھا ۔ بغداد کے دربار میں اس کا رسوخ اب تک باقی تھا ۔ مگر سلطان معزالدولہ بن بویہ نے اسے اتنا پریشان کیا کہ وہ مع اھل وعیال موصل سے بھاگ کر حلب آ گیا ۔ سیف الدولہ نے حلب سے چار فرسخ آگے بڑھ کر اپنے بڑے بھائی کا استقبال کیا ، اور اسے دیکھ کر گھوڑے سے اتر پڑا ۔ محل میں پہنچ کر اس نے ناصرالدولہ کو تو تخت پر بٹھایا اور خود اس کے قدموں میں بیٹھ کر اپنے ھاتھ سے اس کا جوتا اتارا ۔ سیف الدولہ کا خیال تھا کہ ناصرالدولہ اس سے اس قسم کی خدمات نہ لے گا ۔ لیکن ناصرالدولہ نے نہ صرف اس وقت ان باتوں کی پروا نہ کی ، بلکہ سیف الدولہ کے عزت و احترام کا آئندہ نہایت ھی برا بدلہ دیا ۔ بہرکیف سیف الدولہ نے ان باتوں کی طرف مطلق توجہ نہ کی ۔ اس نے اپنے بھائی کے نوکروں کو خلعتیں اور انعامات عطا کئے ، جن کی مقدار (۳۰۰۰۰۰) دینار تھی ، اور پھر خط و کتابت کر کے معزالدولہ اور ناصرالدولہ میں صلح کرادی اور (۲۰۰۰۰۰) دینار بطور تاوان معزالدولہ کو ادا کئے [۲] ۔

(۶)

سنہ ۳۴۸ (۹۵۹) میں قیصر قسطنطین کا انتقال ھو گیا ، اور روماںوس دوم آس کا جانشین ھوا ۔ یہ نیا قیصر بذات خود نہایت ناکارہ اور عیاش شخص تھا ۔ مگر ، جہاں تک اسلامی

---

[۱] قورس شہر حلب کے نواح میں ایک قدیم بستی تھی ، یاقوت کے زمانہ میں یہ برباد ھوچکی تھی ۔ یاقوت لفظ قورس ۔ [۲] ابن مسکویہ ۔ ج ۲ ۔ ص ۱۷۱ ، ۱۷۲ ۔

جنگوں کا تعلق ھے ، اس کا عہد بہت شاندار رھا ۔ اس زمانے میں ایک تو یونانیوں کو اچھے تجربہ کار سپہ سالار مل گئے ۔ دوسری طرف سیف الدولہ اپنی خانگی پریشانیوں میں مبتلا تھا ، اور گذشتہ سال کی سازش کی وجہ سے اپنے ملازموں اور امیروں پر آسے بھروسہ نہ رھا تھا ۔ لھذا اب آسے اتنی شاندار کامیابی نہیں ھوئی جتنی کہ پہلے ھوئی تھی ۔ روما نوس نے جب جزیرہ اقرلطیش [۱] کی فتح کی تکمیل کرنی چاھی تو یہ کام دمستق نقفورنوکس کے سپرد کیا ، اور نقفور کے بھائی لیوفوکس نے قیصر کے حکم سے طرسوس فتح کرنے کے لئے ایک فوج مرتب کی [۲] ۔ اس مہم میں لیو کو بہت کامیابی ھوئی ۔ آس نے بہت سے قیدی اور معتدبہ مال غنیمت حاصل کیا [۳] ۔ ماہ شوال سنہ۳۴۸ (سنہ ۹۵۹) میں لیو نے ھارونیہ [۴] فتح کیا ۔ اسی سال آس نے رھا اور حران پر چڑھائی کی اور صوبۂ دیار بکر کو بالکل پامال کر ڈالا ۔ ان لوگوں میں جو اس مہم میں قید ھوئے ابوالفوارس محمد بن ناصرالدولہ بھی تھا ، جو مع اپنی تمام فوج کے یونانیوں کے ھاتھ آیا ۔ یہ شکست نہایت سخت تھی ، اور مسلمانوں کے دلوں پر اس کا اتنا اثر ھوا کہ حلب کے خطیب ، عبد اللہ بن نباتہ ، نے جہاد کا واعظ کہنا شروع کیا [۵] ۔

جب سیف الدولہ ان مسلسل شکستوں کا بدلہ لینے کے لئے روانہ ھوا تو یونانیوں نے اپنا راستہ بدل کر شام کا رخ کیا ۔ یہاں بھی انہیں کامیابی ھوئی ، اور بے شمار مال و دولت اور

---

[۱] یہ جزیرہ آس وقت مسلمانوں کے قبضے میں تھا ۔ سنہ ۲۳۰ (سنہ ۸۴۴) میں عمر بن شعیب نے آسے فتح کیا ، اور آخر وقت تک آسی کی اولاد کے قبضے میں رھا ۔ ابن تغری بردی ج ۲ ۔ ص ۳۵٦ ۔ [۲] فریڈلاگ ۔ ص ۱۹۵ ۔ [۳] ابن اثیر ۔ ج ۸ ۔ ص ۱۹۹ ۔

[۴] شام کی سرحد پر واقع تھا ۔ اور خلیفہ ھارون الرشید کا بسایا ھوا تھا ۔ اس کے گرد دھری فصیل تھی ، اور دروازے لوھے کے تھے ۔ یونانیوں کی بربادی کے وقت (۱۰۰۰) قیدی مرد و عورت اور بچے پکڑے گئے تھے ۔ یاقوت ۔ [۵] فریڈلاگ ۔ ص ۱۹۵ ۔

قیدی ان کے ہاتھ آئے۔ سنہ ۳۴۹ (سنہ ۹۶۰) کے آغاز میں سیف الدولہ [۱] (۳۰۰۰۰) فوج لے کر اہل شام کی مدد کو روانہ ہوا۔ شروع میں وہ ہر جگہ کامیاب رہا، اور اسے خوب مال غنیمت اور قیدی حاصل ہوئے۔ لیکن وہ اپنے عقب کو محفوظ کئے بغیر، یونانی علاقہ میں بڑھتا چلا گیا، یہاں تک کہ خرشنہ پہنچا۔ مگر واپسی میں معلوم ہوا کہ یونانی تمام دروں پر قبضہ کر چکے ہیں۔ انہوں نے آخر درب الکجل (یا درب الکجک) پر اسے روکا [۲]۔ یہاں پہنچنے سے قبل اہل طرسوس نے، جو اس کے ساتھ تھے، اسے آگے بڑھنے سے روکنا چاہا تھا، اور آئندہ خطرہ سے اسے آگاہ کر دیا تھا۔ مگر سیف الدولہ خود رائے شخص تھا، اور اسے یہ پسند نہ تھا کہ لوگ یہ کہیں کہ اسے دوسروں کے مشورے سے کامیابی ہوئی ہے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ درہ میں داخل ہونے کے بعد یونانی فوج نے گھیر لیا۔ اسے سخت شکست ہوئی۔ (۳۰۰۰۰) میں سے صرف (۳۰۰) آدمی زندہ رہے۔ تمام مال غنیمت اور قیدی بھی اس کے ہاتھ سے نکل گئے۔ [۳] مگر اہل طرسوس نے دوسرا راستہ اختیار کیا تھا۔ یہ لوگ سلامت رہے۔ [۴] جن لوگوں کو یونانیوں نے گرفتار کیا، ان میں مشہور شاعر اور سیف الدولہ کا چچا زاد بھائی ابو فراس حارث بن سعید بھی تھا، جو بالعموم خرشنہ میں رہتا تھا۔ اس کے علاوہ مطر البلدی اور حلب کا قاضی ابو حصین الرقی بھی قیدیوں میں شامل تھے۔ ایک روایت یہ ہے کہ ابو حصین اس جنگ میں کام آیا تھا [۵]۔ یہ واقعات رمضان سنہ ۳۴۹ (نومبر سنہ ۹۶۰) میں پیش آئے۔ سیف الدولہ نے الحوانیت (الحوانیت) میں رات بسر کی، وہاں سے مصیصہ آیا، اور مصیصہ سے حلب پہنچا۔ اب اس نے احمد بن محمد بن ماثل کو دوبارہ حلب کا قاضی مقرر کیا۔ ذہبی نے بیان کیا ہے کہ اسی سال سیف الدولہ کے غلام نجا نے نہایت کامیابی سے یونانی علاقہ پر حملہ کیا [۶]۔

---

[۱] فریٹاگ۔ ص ۱۹۶۔ ابن اثیر (ج ۸۔ ص ۲۰۰) نے تعداد نہیں لکھی۔ صرف یہ لکھا ہے کہ، غزا سیف الدولۃ بلاد الروم فی جمع کثیر۔ [۲] فریٹاگ۔ ص ۱۹۶۔ ابن اثیر نے درہ کا نام نہیں لکھا۔ [۳] ابن اثیر ج ۸۔ ص ۲۰۰۔ ابن العبری۔ ص ۲۹۳۔ ابن مسکویہ۔ ج ۲۔ ص ۱۸۱۔ [۴] ابن مسکویہ۔ ج ۲۔ ص ۱۸۱۔ [۵] فریٹاگ ص ۱۹۷۔ [۶] ذہبی ج ۱۔ ص ۱۶۹۔ ابن تغری بردی (ج ۲۔ ص ۳۵۶) نے یہ واقعہ سنہ ۳۵۰ (سنہ ۹۶۱) کا لکھا ہے۔ اور بیان کیا ہے کہ اس میں نجا کو (۱۰۰۰) قیدی، علاوہ مال غنیمت کے حاصل ہوئے تھے۔ ابن اثیر (ج ۸۔ ص ۲۰۲) لکھتا ہے کہ نجا سنہ ۳۵۸ میں میافارقین راستے سے یونانی علاقہ میں داخل ہوا تھا۔

جمال الدین ابو الحسن علی نے لکھا ہے کہ سنہ ۳۴۹ (سنہ ۹۶۰) میں نجا حلب سے فوج لے کر قلعہ ذوالقرنین پر چڑھائی کرنے کے ارادہ سے روانہ ہوا۔ ذوالقرنین میں اس کا مقابلہ ہریط کے بطریق میکائیل اور ترنیق سے ہوا۔ لیکن باوجودیکہ یونانیوں کی فوج مسلمانوں کے مقابلے میں دس گنا تھی، انہوں نے شکست کھائی، ترنیق اور دوسرے سربرآوردہ لوگ گرفتار ہوئے۔ یونانی فوج کے ایک حصہ نے بلند پہاڑ پر پناہ لی؛ مگر مسلمانوں کی تلوار سے یہاں بھی نہ بچ سکے، اور قتل ہوئے۔ (۴۰۰) سپاہیوں نے امان مانگی اور گرفتار کئے گئے؛ مگر جو لوگ قلعہ میں پناہ گزین ہوئے تھے وہ قتل کر دئے گئے۔

سنہ ۳۵۰ (سنہ ۹۶۰) میں نجا ہریط کے ارادہ سے روانہ ہوا۔ اس مہم میں اس نے پہلے ملطیہ میں عبداللہ پر حملہ کیا، اور اسے اور اس کے یونانی دوستوں کو شکست دی۔ اس کے بعد وہ ابن مسلمہ کے علاقہ میں داخل ہوا۔ یہاں بھی اسے کامیابی ہوئی، اور اس نے بہت سا مال غنیمت اور قیدی حاصل کئے۔ نجا کو واپسی میں معلوم ہوا کہ یونانیوں نے درہ پر قبضہ کر رکھا ہے۔ یہ سن کر اس نے تمام قیدیوں کو قتل کرا دیا، اور پھر یونانیوں کو شکست دے کر، مال غنیمت اور دیگر سامان سمیت درہ سے گذر گیا۔ اب نجا نے ارمینیہ کے شہر قالیقلا پر حملہ کیا۔ یہاں اسے (۵۰۰) قیدی اور بے شمار مال غنیمت، اور اتنے مویشی اس کے ہاتھ آئے کہ ان کا ساتھ لے جانا ناممکن ہو گیا۔ اس کے بعد نجا حلب واپس آگیا [۱]۔

اسی سال طرسوس اور دوسرے سرحدی شہروں کے باشندوں نے سیف الدولہ کی اطاعت سے انحراف کیا، اور طرسوس کے حاکم ابن الزیات کو اپنا حاکم تسلیم کر لیا۔ چنانچہ ان شہروں میں خلیفہ مطیع کے نام کا خطبہ مسجدوں میں پڑھا گیا [۲]۔

اب تک دمستق لیو مسلمانوں کے خلاف لڑ رہا تھا۔ لیکن سنہ ۳۵۰ (سنہ ۹۶۱) میں اس کے بھائی نقفور نے جزیرۂ اقریطش کی فتح مکمل کر لی [۳] اور جب قیصر کو اس طرف سے اطمینان ہو گیا تو

---

[۱] فریٹاگ۔ ص ۱۹۷۔ [۲] فریٹاگ۔ ص ۱۹۷۔ [۳] ابن تغری بردی ج ۲۔ ص ۳۵۶۔

اس نے نقفور کو ایشیائے کوچک بھیج دیا۔ یہ شخص اپنے بھائی کے مقابلے میں زیادہ تجربہ کار اور قابل تھا، اور خیال یہ تھا کہ وہ اس جنگ کو بہت جلد ختم کر دیگا۔ نقفور نے اس مقصد کے لئے ایک زبردست فوج جمع کی جس کی تعداد (۶۰۰۰۰) بیان کی جاتی ھے [۱]۔ سیف الدولہ گذشتہ نقصانات کی تلافی بھی نہ کرنے پایا تھا کہ یونانیوں کی نئی تیاریوں کی اطلاع اسے ملی۔ وہ ابھی اس قابل نہ تھا کہ کھلے میدان میں دشمن کا مقابلہ کرسکے۔ لہذا اس نے یہ حکمت عملی اختیار کی کہ مستحکم مقامات کی حتی المقدور حفاظت کی جائے، اور چھوٹی چھوٹی لڑائیاں لڑکر یونانیوں کو پریشان کر دیا جائے۔ ظاھر ھے کہ اس سے یونانیوں کو کھلے میدان کے پامال کرنے، اور چھوٹے چھوٹے شہروں اور قریوں کو فتح کرنے کا موقع مل گیا۔ اس اثناء میں طرسوس کے باشندے جہاد کے لئے بے چین تھے، ابن الزیات ان کے جوش و خروش کو نہ روک سکا، اور (۴۰۰۰) فوج لے کر شہر سے نکلا، مگر نقفور کے مقابلے میں شکست کھائی، اور بھاری نقصان اٹھایا۔ مقتولین میں ابن الزیات کا بھائی بھی شامل تھا۔ اھل طرسوس کو جب اس شکست کی اطلاع ھوئی تو وہ ابن الزیات سے پھر گئے، اور خود اس کے دل پر اس واقعہ کا اتنا اثر ھوا کہ وہ اپنے محل کی کھڑکی سے دریا میں کود پڑا اور غرق ھوگیا [۲]۔

ابن الزیات کو شکست دینے کے بعد نقفور نے عین زربہ کا رخ کیا۔ یہ شہر سرحد پر مصیصہ کے نواح میں ایک پہاڑ کے دامن میں واقع تھا، اور پہاڑ اس پر چھایا ھوا تھا۔ اسے سنہ ۱۹۰ (سنہ ۸۰۶-۸۰۵) میں ھارون الرشید کے حکم سے ایک ترک خادم ابوسلیمان نے جو اس وقت سرحد کا حاکم تھا، بسایا تھا [۳] نقفور نے شہر کا محاصرہ کیا، اور فوج پہاڑ کی چوٹی تک پھیلا دی۔ دوسری طرف یونانی فوج نے فصیل تک پہنچ کر سرنگ لگانی شروع کر دی۔ اھل شہر نے یہ دیکھ کر کہ بچنے کی کوئی صورت باقی نہیں رھی، امان کے وعدہ پر شہر کے دروازے کھول دئے۔ شہر میں آنے کے بعد نقفور کو معلوم ھوا کہ اس کی فوج کا وہ حصہ جو پہاڑ کی چوٹی پر مقیم تھا، وعدۂ امان سے قبل ھی شہر میں داخل ھوچکا تھا۔ اب اسے اپنے وعدہ پر افسوس ھوا، اور اس نے شام کو شہر میں اعلان کرایا کہ تمام

---

[۱] ابن تغری بردی۔ ج ۲۔ ص ۳۶۰ — [۲] ابن اثیر ج ۸۔ ص ۲۰۲ —
[۳] ابن اثیر ج ۸ - ۲۰۲ - یاقوت لفظ عین زربی —

لوگ اپنے گھروں سے نکل کر جامع مسجد میں جمع ہوں، اور جو کوئی گھر میں رہ جائیگا، قتل کر دیا جائیگا۔ لوگوں نے اس اعلان پر عمل کیا۔ صبح کو یونانی سپاہی شہر میں آئے، اور انہوں نے تمام خانہ نشین لوگوں کو قتل کر دیا۔ مقتولین کی تعداد، جن میں مرد، عورت اور بچے سب ہی شامل تھے، بے انتہا تھی۔ پھر نقفور نے شہر کے تمام ہتھیار جمع کر کے ان پر قبضہ کر لیا، اور جو لوگ جامع مسجد میں جمع تھے، انہیں حکم دیا کہ جہاں چاہیں چلے جائیں۔ اس اژدحام میں بہت سے لوگوں کی جانیں ضائع ہوئیں۔ شہر سے نکل کر جدھر جسکا منہہ اٹھا، چل کھڑا ہوا، اور بہت لوگ راستہ میں مر گئے۔ شام کو جو لوگ شہر میں باقی رہ گئے تھے انہیں بھی یونانیوں نے تہ تیغ کیا، اور تمام مال و اسباب پر قبضہ کر لیا۔ نقفور نے فصیل شہر بھی مسمار کرادی [۱]۔ فتح عین زربہ محرم سنہ ۳۵۱ (فروری سنہ ۹۶۲) کا واقعہ ھے [۲]۔

عین زربہ سے فارغ ہو کر نقفور نے اس نواح کے (۵۴) قلعے فتح کئے۔ ان میں سے بعض کو خود باشندوں نے اس کے حوالے کر دیا، اور بعض بزورشمشیر فتح ہوئے۔ انہی قلعوں میں سے ایک قلعہ صاح کے ذریعے اس کے قبضے میں آیا تھا۔ یہاں کے باشندے جب اپنے وطن کو چھوڑ کر بے خان و مان نکلے تو ایک ارمنی سپاہی نے ایک مسلمان عورت سے تعرض کیا۔ مسلمانوں کی حمیت و غیرت جوش میں آئی، اور وہ تلوار سوت کر لڑنے مرنے کے لئے تیار ہوگئے۔ نقفور نے حکم دیا کہ ان سب کو قتل کر دیا جائے۔ ان کی تعداد چار سو تھی، یونانیوں نے اس موقع پر بھی مرد، عورت اور بچے کی کوئی تفریق نہ کی۔ ان میں سے صرف وہی زندہ بچے جنہوں نے غلام بننا قبول کیا۔ بغراس کے باشندوں نے ایک لاکھ درھم دیکر یونانی لٹیروں سے جان بچائی۔ اس طرح خون کی پیاس

---

[۱] ابن اثیر ج ۸۔ ص ۲۰۲۔ ابن کثیر نے اپنی کتاب البدایۃ والنہایۃ میں لکھا ھے کہ نقفور نے شہر کے گرد (۴۰۰۰۰) کھجور کے درخت بھی کٹوا ڈالے تھے۔ منقول از الطباخ۔ ج ۱۔ ص ۲۶۳۔ [۲] اس واقعہ کی تاریخ میں اختلاف ھے۔ فریتاگ (ص ۱۹۸) نے صرف ذوالقعدہ لکھا ھے۔ دوسرے مورخ محرم سنہ ۳۵۱ بیان کرتے ھیں۔ دیکھو Sadruddin's Saifuddaulah and his Times ص ۸۰۔ حاشیہ (۳)۔

بجھانے اور بدترین مظالم کرنے کے بعد نقفور دوزوں کا زمانہ (صوم النصارائے) گذارنے کے لئے واپس چلا گیا، اور فوج کو قیساریہ میں چھوڑ گیا [۱] ۔

یونانیوں کے عین زربہ سے چلے جانے کے بعد سیف الدولہ نے جمادی الثانی میں اس شہر کو تیس لاکھ درھم خرچ کر کے دوبارہ تعمیر کرایا [۲] ۔ پھر اس نے اپنے حاجب نجا کو ایک فوج دے کر، جس میں اھل طرسوس بھی شامل تھے، یونانی علاقہ میں بھیجا ۔ نجا کو اس مہم میں پوری کامیابی ہوئی ۔ مگر اس کے بدلے میں یونانیوں نے سیسیہ [۳] کا قلعہ فتح کر لیا ۔ نجا نے اب حصن زیادپر حملہ کر کے یونانیوں کو شکست دی، اور ان کی فوج کے (۵۰۰) آدمی اس سے آملے ۔ شوال سنہ ۳۵۱ (نومبر سنہ ۹۶۲) میں یونانیوں نے سیف الدولہ کے چچا زاد بھائی، ابوفراس حارث کو، جو منبج کا حاکم تھا، قید کر لیا [۴] ۔ اس کے علاوہ انہوں نے حصن دلوک اور گردو نواح کے تین قلعے بھی فتح کئے [۵] ۔

یونانیوں کے عین زربہ سے چلے جانے کے بعد سیف الدولہ بالکل مطمئن ہو گیا تھا ۔ مگر [۶] ذی القعدہ سنہ ۳۵۱ (اوائل دسمبر سنہ ۹۶۳) میں نقفور اور شمشقیق کا بیٹا یانس، دونوں حلب کے ارادہ سے روانہ ہوئے ۔ اس فوج کی تعداد دو لاکھ بیان کی جاتی ھے؛ جن میں سے (۳۰۰۰۰) ایسے تھے جو جوشن پہنے ہوئے تھے ۔ برفانی علاقوں میں راستہ بنانے کے لئے (۳۰۰۰۰) مزدور ساتھ تھے، (۴۰۰۰) خچروں پر آھنی گوکھرو بار تھے، تاکہ راستہ میں بکھیرتے جائیں [۷] ۔ سیف الدولہ کو اس فوج کی آمد کی خبر اس وقت ہوئی جب وہ بالکل قریب پہنچ چکی تھی ۔ اس نے جلدی جلدی ایک فوج جمع کی،

---

[۱] ابن اثیر - ج ۸ - ص ۲۰۴ ـ یاقوت لفظ عین زربی ـ [۲] ابن اثیر - ج ۸ - ص ۲۹۴ ـ یاقوت لفظ عین زربی ـ [۳] سیسیہ عوام میں سیس کہلاتا تھا ۔ ثغور شام کے بڑے شہروں میں شمار ہوتا تھا، اور انطاکیہ اور طرسوس کے درمیان، عین زربہ کے قریب واقع تھا ۔ یاقوت ـ [۴] ابن اثیر - ج ۸ - ص ۲۳۳ - ابوالفراس کے قید ہونے کا حال ہم پڑھ آئے ھیں ۔ یہ معلوم نہیں کہ وہ کب رہا ہوا تھا، اور کب منبج کا حاکم مقرر کیا گیا تھا ـ [۵] ابوالفداء ج ۲ ـ ص ۱۰۴ ـ [۶] فریٹاگ (ص ۱۹۹) نے یہ تاریخ ذھبی کے حوالے سے بیان کی ھے ۔ مگر ذھبی کی کتاب دول اسلام میں اس کا ذکر نہیں ھے ـ [۷] ابن اثیر ـ ج ۸ ـ ص ۲۰۳ ـ

اور اپنے حاجب نجا کی سرکردگی میں آسے یونانیوں کے خلاف روانہ کردیا، حالانکہ اس کے مشیروں نے آسے مشورہ دیا تھا کہ فوج کو خطرے میں نہ ڈالے۔ نجا فوج لے کر اثارب [۱] گیا، اور وہاں سے انطاکیہ پہنچا۔ مگر یونانیوں نے بالکل دوسرا راستہ اختیار کیا۔ وہ پہلے دلوك آئے اور وہاں سے تل حامد [۲] ہوتے ہوئے تبل [۳] پہنچے۔ سیف الدولہ کو جب آس کی اطلاع ہوئی تو نجا فوج کے بڑے حصہ کے ساتھ کوچ کر چکا تھا، اور اب اتنی فوج آس کے پاس نہیں تھی کہ یونانیوں کا مقابلہ کر سکتا۔ لہذا آس نے حلب خالی کر دیا۔ مگر جانے سے قبل لوگوں کو جمع کر کے کہا کہ: «کل دشمن کی فوج یہاں پہنچ جائیگی، کیونکہ راستہ بدل جانے کی وجہ سے میری فوج آس کا مقابلا نہیں کر سکی۔ تمہارے لئے بہتر یہ ھے کہ شہر کے دروازے بند کرلو، اور جان ومال کی حفاظت کے وعدہ پر صلح کے لئے سلسلہ جنبانی کرو۔ اس عرصہ میں میں اپنی فوج لے کر واپس آجاؤنگا، اور ہم مل کر یونانیوں کو آسانی سے شکست دے سکینگے»۔ لیکن اهل شہر نے اسے پسند نہ کیا اور کہا کہ: «ہمیں جہاد کی اجازت دو۔ ہم میں سے اکثر ایسے ھیں جو اب تك اس کار خیر میں حصہ نہیں لے سکے؛ مگر اب دشمن دروازے پر ھے»۔ سیف الدولہ نے اسے منظور کرلیا اور کہا کہ «میں بھی تمہارے ساتھ ہوں» اب وہ خود بانقوسا [۴] میں ٹھہرا، اور یونانی فوج الحسامہ (؟) پہنچی۔ یہاں سیف الدولہ اور اهل حلب نے اس کا مقابلہ کیا۔ بے شمار مسلمان قتل اور گرفتار ہوئے۔ مقتولین میں ابوطالب بن داؤد بن حمدان، ابو محمد فیاض (سیف الدولہ کا کاتب) اور سیف الدولہ کا غلام بشرے (بشارہ) بھی تھے۔ شہر حلب کے باب الیہود پر جو گھمسان جنگ ہوئی آس میں پھر بہت سے مسلمان قتل ہوئے۔ سیف الدولہ گھوڑے پر سوار ہو کر چند آدمیوں کے ساتھ مشرق کی طرف بھاگا، اور قنسرین پہنچا۔ یہاں کے باشندے پہلے ھی شہر خالی کر چکے تھے، اور مجبوراً سیف الدولہ کو ایک سرائے میں رات بسر کرنی پڑی۔

---

[۱] اثارب، حلب اور انطاکیہ کے درمیان، حلب سے تین فرسخ کے فاصلے پر ایك قلعہ ھے۔ یاقوت لفظ الاثارب۔ [۲] تل حامد، مصیصہ کی سرحد کا ایك قلعہ تھا۔ یاقوت تل حامد۔
[۳] عزاز کے نواح میں تبل شہر حلب کا ایك گاؤں تھا۔ یاقوت۔ [۴] حلب کے باہر، شمال کی سمت میں، بانقوسا ایك پہاڑ تھا۔ یاقوت۔

سیف الدولہ کو شکست دینے کے بعد یونانیوں نے صرف چار دن حلب کا محاصرہ کیا تھا کہ عمائد شہر نقفور کے پاس آئے ، محاصرہ اٹھا لینے کی استدعا کی ، اور حلفیہ بیان کیا کہ سیف الدولہ شہر میں موجود نہیں ۔ لیکن چونکہ نقفور کو بزور شمشیر شہر فتح کرنے کی امید تھی اس لئے اس نے ان کی باتوں کی مطلق پرواہ نہ کی ۔ ایک روایت یہ ھے کہ صرف دو دن کے محاصرہ کے بعد ۲۲ ذی القعدہ (۲۲ دسمبر) کو نقفور نے خود عمائد شہر کو بلایا تھا ۔ آخر فریقین میں یہ طے پایا کہ اھل شہر کو جان و مال کی امان دی جائے ، اور اس کے بدلے میں وہ بطور تاوان ایک مقرر رقم ادا کریں [۱] ۔ اس کے بعد نقفور شہر کے ایک دروازے سے داخل ھو ، اور نہایت تزک و احتشام سے شہر میں گشت لگا کر دوسرے دروازے سے نکل جائے ۔ یہ گفتگو جب ھو چکی تو عمائد نے ایک رات کی مہلت مانگی ، تاکہ اھل شہر سے بھی مشورہ کر لیا جائے ۔ دوسرے دن صبح کو جب وہ پھر نقفور کے پاس آئے تو اس نے یہ بہانہ کیا کہ انہوں نے راتوں رات اپنے سپاھیوں کو مسلح کر کے شہر کے مختلف حصوں میں تقسیم کر دیا ھے ، اور یونانی فوج کے داخلے کے وقت یہ سپاھی یونانیوں کا قتل عام کر دینگے ۔ اتفاقاً عمائد میں سے ایک شخص کی زبان سے نکل گیا کہ شہر میں ایک فرد بشر بھی ہتیار اٹھانے کے قابل نہیں رھا ۔ نقفور نے یہ اشارہ کافی سمجھا ، اور فوراً نقض عہد کا ارادہ کر کے کہا کہ : کل صبح پھر آو ،، ۔ ان کے جانے کے بعد نقفور نے اپنے سپاھیوں کو حکم دیا کہ رات کو شہر پر حملہ کرنے کی تیاری کریں ۔ چنانچہ یونانیوں نے باب قنسرین کے قریب ، جہاں فصیل شہر میدان کے پاس سے گزرتی تھی ، حملہ کرنے کی تیاری کی ۔ علی الصباح فوج نے شہر پر دھاوا کیا ۔ حلب کے باشندوں نے بھی جان توڑ مقابلہ کیا ، اور یونانیوں نے بہت سخت نقصان اٹھایا ۔ آخر یونانی فصیل کے ایک حصہ کو مسمار کرنے میں کامیاب ھو گئے ۔ اسی راستہ سے وہ شہر میں داخل ھوئے ، مگر پس پا کئے گئے ، اور رات

---

[۱] ابن اثیر (ج ۸ ۔ ص ۲۰۳) نے لکھا ھے کہ نقفور نے اس شرط پر محاصرہ اٹھانے کا وعدہ کیا تھا کہ مال کے علاوہ تین هزار نوجوان لڑکے اور لڑکیاں یونانیوں کے حوالے کی جائیں ۔ مگر عمائد نے یہ شرط منظور نہیں کی ۔

کو اھل شہر نے فصیل کی مرمت کرلی ۔ اب یونانی جبل جوشن تک پس پا ھوئے ۔ لیکن سوء اتفاق سے عوام الناس اور شرطه کے سپاھیوں میں جھگڑا ھو گیا ، اور ان سپاھیوں نے شہر کو لوٹنا شروع کر دیا ۔ اس ھنگامہ کی وجہ سے فصیل کی حفاظت کما حقہٗ نہ ھو سکی ، اور لوگ اپنے گھروں کو بچانے میں لگ گئے ۔ یونانیوں کو جب حالات معلوم ھوئے تو انہوں نے پھر حلب پر حملہ کیا ، اور ایک برج کو منہدم کر دیا ۔ اس طرح ۲۳ ذی القعدہ کو منگل کے دن وہ برج الغنم کے راستے شہر میں داخل ھوئے ۔ ایک روایت ھے کہ وہ ۳۰ تاریخ کو صبح ھونے سے قبل شہر میں داخل ھوئے تھے ۔ اب خوفناک قتل عام واقع ھوا ۔ جب تک یونانی بالکل تھک کر چور نہ ھو گئے ، انہوں نے تلوار نہ روکی ۔ قتل اور گرفتار ھونے والوں میں دس ھزار صرف لڑکے اور لڑکیاں تھیں ۔ کل مقتولین کی تعداد ایک لاکھ پچاس بیان کی گئی ھے [۱] ۔ اس کے علاوہ جو مال غنیمت انہیں حاصل ھوا آس کا نہ شمار ھے نہ اندازہ ۔ حلب کے باھر سیف الدولہ کا ایک محل تھا ، جسے دارین کہتے تھے ۔ صرف اسی میں سے نقفور کو درھموں کے تین سو تھیلے ، دو ھزار خچر ، اور لا تعداد ھتیار حاصل ھوئے ۔ قتل عام اور لوٹ کھسوٹ کے بعد مال غنیمت اتنا ملا کہ یونانی آسے لے جانے سے عاجز رھے ، چنانچہ جو کچھ نہ لے جا سکے ، آسے وھیں جلا کر خاک کر دیا ۔ مسجدوں کو انہوں نے جلا ڈالا ۔ انہیں میں حلب کی جامع مسجد تھی ، جو جامع دمشق کے نمونہ پر تیار ھوئی تھی ، اور آس کی تعمیر پر خلیفہ سلیمان بن عبدالملک نے بے شمار دولت خرچ کی تھی [۲] ۔ مگر نقفور نے نواح حلب سے کچھ تعرض نہیں کیا ۔

---

[۱] ذھبی ۔ ج ۱ ۔ ص ۱۷۰ ۔

[۲] جمال الدین ابوالحسن علی نے سیف الدولہ کے محل سے جو مال غنیمت حاصل ھوا تھا آس کی تفصیل حسب ذیل کی ھے :— (۶۰۰۰) زرھیں ؛ سکوں کے (۳۰۰) تھیلے ، جن میں سو سونے کے تھے ، اور (۲۰۰) چاندی کے ؛ قیمتی کپڑوں کے (۳۰۰) تھان ؛ لاتعداد ریشمی کپڑے جو قدیم زمانہ سے یہاں جمع تھے ؛ سونے چاندی کے بیشمار برتن ، (۸۰۰) گھوڑے ، (۵۰۰) خچر ، ھتھیاروں ، تلواروں ، پیٹیوں اور جوشنوں کے (۱۰۰) ڈھیر ، اور (۲۰۰) اونٹ ۔ اس کے علاوہ محل کی چھت مسمار کرانے سے انہیں بہت دولت ملی ۔ فریٹاگ ص ۲۰۳ ۔ اس کے علاوہ دیکھو ابن تغری بردی ۔ ج ۲ ۔ ص ۳۶۱ ۔

فتح حلب کے بعد نقفور صرف نو دن وہاں ٹھہرا۔ جب مال غنیمت لے کر شہر سے چلنے لگا تو قیصر کے نواسے نے، جو اس کے ہمراہ تھا، اس سے کہا کہ یہ شہر اب ہمارے قبضے میں ھے، اور مزاحمت کرنے والا کوئی نہیں۔ کیوں ہم اس کو اس طرح چھوڑ کر چلے جائیں۔ نقفور نے جواب دیا کہ ھمیں ایسی فتح حاصل ھوئی ھے کہ قیصر کے خواب و خیال میں بھی نہ تھی۔ ھم نے مال غنیمت خوب حاصل کرلیا ھے؛ قتل عام، تباھی اور آتش زدگی سے انتقام کی پیاس بجھائی، اور اپنے قیدی رہا کرائے ھیں۔ اب ھمیں کس بات کی ضرورت باقی رہ گئی ھے؟ دونوں میں تکرار بڑھی، آخر دمستق نے کہا کہ میں شہر کے دروازے پر ٹھہرتا ھوں، تم قلعہ کا محاصرہ کرو۔ قیصر کا نواسہ کافی فوج لے کر قلعہ کے دروازے تک بڑھا۔ مگر محصورین نے اس پر ایک پتھر پھینکا، جس سے وہ ھلاک ھوگیا۔ یونانی اس کی لاش لے کر دمستق کے پاس آئے، اور دمستق نے اس کے بدلے میں، تمام مسلمان قیدیوں کو، جن کی تعداد دو ھزار دو سو تھی، قتل کرا ڈالا۔ اس کے بعد وہ حلب سے چلا گیا، اور جاتے ھوئے اھل شہر سے کہتا گیا کہ یہ شہر اب ھمارا ھے۔ زراعت کرو، شہر کو دوبارہ تعمیر کرو۔ چند روز میں ھم پھر واپس آئینگے۔ نقفور کے واپس جاتے ھی سیف الدولہ حلب آیا، اور شہر کو از سر نو تعمیر کرانا شروع کیا [۱]۔

نقفور کے اس طرح اچانک حلب سے چلے جانے کے مختلف اسباب بیان کئے جاتے ھیں۔ ایک خیال یہ ھے کہ قیصر روما نوس کی موت کے بعد نقفور کو خود قیصر بننے کی توقع تھی۔ دوسری روایت ھے کہ نقفور نے ایشیا میں ساٹھ مستحکم مقامات فتح کر کے اپنی قابلیت کا اظہار کیا تھا، اور اس وقت اس کے قسطنطنیہ جانے کا مقصد یہ تھا کہ خود قیصر کے ھاتھ سے انعام و اکرام حاصل کرے۔ لیکن جونہی اسے روما نوس کی موت کی خبر ملی وہ فوراً ٹھہر گیا، اور اپنی فوج برخاست کردی۔ ایک تیسرا سبب یہ بیان کیا جاتا ھے کہ نقفور جب حلب سے چلا ھے تو نجا سیف الدولہ کی فوج کا بڑا حصہ لے کر اس کے پیچھے پیچھے روانہ ھوا تھا، اور برابر اسے نقصان پہنچا رہا تھا۔ سیف الدولہ بھی اپنے

---

[۱] فتح حلب کی تفصیل کے لئے دیکھو:— فریٹاگ۔ ص ۱۹۹ - ۲۰۳۔ ابن اثیر ج ۸۔ ص ۲۰۳۔ ابوالفداء۔ ج ۲۔ ص ۱۰۳۔ ذھبی۔ ج ۱۔ ص ۱۷۰۔ ابن تغری بردی۔ ج ۲۔ ص ۳۱۱۔ ابن مسکویہ۔ ج ۲۔ ص ۱۹۲ - ۱۹۴، اور حاشیہ (۱) ص ۱۹۴ –

حاجب کی مدد کر رہا تھا۔ سیف الدولہ نے اہل دمشق سے مدد مانگی ، اور انوجور ، اخشید مصر ، کا حاکم دمشق ، ظالم بن سلال ، اس کی مدد کو پہنچا ۔

اس اثناء میں رومانوس مرچکا تھا ۔ اس نے دو کم عمر بیٹے ، بازیل اور قسطنطین چھوڑ ے تھے ۔ نقفور نے اب قسطنطنیہ جانے کا ارادہ کیا ۔ مگر وہاں اس کے بہت سے دشمن موجود تھے ۔ بہر حال نقفور اپنے مقصد میں کامیاب ہوا ، اور دوبارہ ایشیا کا دمستق مقرر کر دیا گیا ۔ قسطنطنیہ کے یہ سیاسی انقلابات مسلمانوں کے لئے مفید ثابت ہوئے ۔ کیونکہ نئی جنگ کی تیاری میں اب بہت دیر تھی ، اور اس عرصے میں شام اور ان صوبوں کے مسلمانوں کو ، جو یونانی علاقے کی سرحد پر واقع تھے ، دوبارہ طاقت حاصل کرنے اور جنگ کی تیاری کرنے کا موقع مل گیا ۔

سنہ ۳۵۲ (سنہ ۹۶۳ - ۹۶۴) میں سیف الدولہ یونانیوں کے خلاف روانہ ہوا ۔ وہ بذات خود درہائے کوہ کے پاس ٹھہر گیا ، اور نجا فوج لے کر ملطیہ کے علاقے میں داخل ہوا ۔ وہ اٹھارہ دن تک یہاں رہا ، اور تمام سر زمین کو خوب پامال کر کے سالم و غانم واپس آیا ۔ اب مسلمانوں پر ایک نئی مصیبت پڑی ۔ اس وقت تمام مسلمان حکمرانوں میں صرف سیف الدولہ ہی تھا جو برسوں سے اسلامی سرحد کی حفاظت کر رہا تھا ۔ لیکن سنہ ۳۵۲ کے شروع (اواخر جنوری سنہ ۹۶۳) میں اس پر فالج کا اتنا سخت دورہ ہوا کہ بدن بالکل سن ہو گیا اور زیست کی کوئی امید باقی نہ رہی ۔ باوجود اس دورے کے وہ اس مہم میں نجا کے ساتھ تھا ۔ واپسی میں اس پر ایسی غشی طاری ہوئی کہ لوگوں کو اس کی موت کا یقین ہو گیا ۔ اس وقت اس کا بھتیجا ، ھبتہ اللہ بن ناصر الدولہ ، جو اس کی طرف سے حران کا حاکم تھا ، اس کے ہمراہ تھا ۔ اس نے موقع کو غنیمت سمجھا ، اور سیف الدولہ کے ایک غلام کو ، خانگی جھگڑے کی بناپر قتل کر ڈالا ۔ سیف الدولہ کو جب افاقہ ہوا تو ھبتہ اللہ سزا سے بچنے کے لئے حران بھاگا ۔ یہاں آکر اس نے لوگوں کو اپنے چچا کی موت کا یقین دلایا ، اور ان سے اپنے آپ کو مستقل حکمران تسلیم کرا لیا ۔ سیف الدولہ نے نجا کو اس کے تعقب میں روانہ کیا ۔ جب نجا قریب پہنچا تو ھبتہ اللہ حران سے اپنے باپ کے پاس موصل چلا گیا ۔ نجا ۲۷ ۔ شوال کو حران پہنچا ۔ وہاں کے عمائد کو گرفتار کر کے ان پر بھاری جرمانہ کیا ، اور سخت ترین سزائیں دے کر پانچ دن کے اندر یہ رقم وصول کر لی ۔ یہ رقم اتنی تھی کہ اسے ادا کرنے کے لئے اہل حران نے اپنے

گھر کا سامان تک بیچ ڈالا۔ اس طرح بے انتہا مال و دولت لے کر نجا نے حران کو اس کے حال پر چھوڑا، اور حلب کو واپس ہوا۔ حران میں اب چونکہ والی نہ رہا تھا، اس لئے اہل شہر کی جان و مال دونوں غیر محفوظ ہو گئے، اور شہر مفسدوں کا ملجا و ماوا بن گیا [۱] ۔

نجا کو جب اتنی دولت میسر آئی، تو بجائے اس کے کہ اس کا حساب دیتا، اور اپنے ولی نعمت کا شکر گذار ہوتا، اس نے بغاوت پر کمر باندھی۔ سنہ ۳۵۳ (سنہ ۹۶۴) میں وہ میافارقین کے قصد سے روانہ ہوا، اور وہاں سے بلاد ارمینیہ کا رخ کیا۔ اس علاقہ پر ایک عرب ابوالورد قابض تھا۔ نجا نے اسے شکست دی، اور اسے قتل کر کے، اس کے علاقے پر جس میں خلاط، ملازکرد، اور موش وغیرہ کے شہر شامل تھے قبضہ کر لیا۔ یہاں بھی بیشمار دولت اس کے ہاتھ لگی۔ اب اس نے سلطان معزالدولہ بویہ سے حمدانیوں کے خلاف خط و کتابت شروع کی۔ سیف الدولہ نے نجا کا پیچھا کیا، اور جب وہ میافارقین پہنچا تو نجا وہاں سے بھاگ گیا۔ سیف الدولہ نے ان تمام علاقوں کو جن پر نجا قابض ہو گیا تھا، دوبارہ فتح کر لیا۔ نجا کی فوج منتشر ہو گئی، اور خود اس کا بھائی سیف الدولہ کے پاس آ گیا۔ اس شخص نے آخر نجا کو ترغیب دے کر اسے سیف الدولہ کے دربار میں بلا لیا۔ سیف الدولہ نے بھی اس کے تمام قصور معاف کر دئے، اور پھر پرانے عہدہ پر بحال کر دیا۔ لیکن ماہ ربیع الاول سنہ ۳۵۴ (مارچ سنہ ۹۶۵) میں سیف الدولہ کے چند غلاموں نے اسے قتل کر ڈالا [۲] ۔

---

[۱] ابن اثیر ج ۸۔ ص ۲۰۵ — [۲] ابن اثیر ج ۸۔ ص ۲۰۶۔ ابن مسکویہ (ج ۲۔ ص ۲۰۱) کا بیان ذرا مختلف ہے۔ فریٹاگ (ص ۲۰۹) کا بیان بھی ابن اثیر سے مختلف ہے۔ وہ وہ لکھتا ہے کہ سنہ ۳۵۵ (۹۶۵) میں جب یونانیوں اور مسلمانوں میں قیدیوں کا تبادلہ ہوا ہے، تو نجا زندہ اور میافارقین پر قابض تھا۔ چنانچہ تبادلہ سے قبل سیف الدولہ کو اس کی طرف توجہ کرنے پڑی تھی۔ اس نے میافارقین کا محاصرہ کیا، اور محصورین سے کہا کہ نجا کو اس کے سامنے کرو۔ جب اس نے نجا کو برج پر دیکھا تو نام لے کر اسے آواز دی نجا نے فوراً جواب دیا "لبیک یا مولانا"، اس سے معلوم ہوتا تھا کہ وہ اطاعت قبول کرنے کے لئے تیار ہے۔ چنانچہ اسی دن وہ سیف الدولہ کے دربار میں (باقی نوٹ ملاحظہ ہو صفحہ ۴۷ پر)

۶ جمادی الثانی سنہ ۳۵۳ (سنہ ۹۶۴) کو سیف الدولہ کی بہن خولہ کا انتقال ہوا۔ یہ حادثہ سیف الدولہ کے لئے بہت سخت تھا۔ کیونکہ خولہ ہمیشہ اُس کی ھمدرد اور مددگار رھی تھی۔ چنانچہ جب یونانیوں نے حلب فتح کیا ھے تو اُس نے (۱۰۰۰۰۰) درہم سے سیف الدولہ کی مدد کی تھی۔ متنبی نے اُس کا ایک مرثیہ لکھا، جس کا مطلع ھے۔

یا اخت خیر اخ — یا بنت خیر اب [۱]

(۷)

اس اثناء میں قسطنطنیہ پھر ایک سیاسی انقلاب کا اکھاڑا بن چکا تھا۔ ھم لکھہ آئے ھیں کہ اس سے قبل نقفور قسطنطنیہ گیا تھا، اور باوجود مخالفت کے دوبارہ ایشیاء کا دمستق مقرر ھوا تھا۔ دارالسلطنت میں بدستور سازشیں جاری رھیں، جن کا نتیجہ آخر یہ ھوا کہ ایشیا کی فوج نے قیصریہ میں نقفور کے قیصر ھونے کا اعلان کر دیا۔ اب وہ یانس بن شمشقیق کو دمستق مقرر کر کے، فوج کے بڑے حصے کے ساتھ قسطنطنیہ چلا گیا۔ یہاں اُس کی زیادہ مخالفت نہیں ھوئی بلکہ اھل شہر نے بھی اُسے قیصر تسلیم کرلیا۔ اس دوران میں لازمی طور پر دمستق کو جنگ سے ھاتھ اُٹھانا پڑا، اور مسلمانوں کو مزید تیاری کا موقع مل گیا۔

آخر سنہ ۳۵۳ (۹۶۴) میں دمستق نے مصیصہ کا محاصرہ کیا۔ باوجودیکہ یونانیوں نے فصیل کے ایک حصہ کو منہدم کر دیا، مگر مسلمانوں نے ان کا ایسا سخت مقابلہ کیا کہ وہ شہر

(بقیہ نوٹ صفحہ ۴۶) حاضر ھوا، اور دوبارہ اپنے پرانے فرائض انجام دینے لگا۔ جب سیف لدولہ کو ھر طرح اطمینان ھوگیا تو اس نے اسے خلعت عطا کی، اور قدیم عنایات مرعی رکھیں۔ لیکن اس کے بعد نجا زیادہ دن زندہ نہ رھا۔ ایک مرتبہ شراب نوشی کے جلسہ میں نجا نے کسی امیر کو بداخلاقی سے مخاطب کیا، اور ایک دوسرے امیر کبجک نے اسے وھیں جلسہ میں قتل کردیا۔ سیف الدولہ اس وقت بیمار تھا، اور جلسہ میں موجود نہ تھا۔ اس لئے اس قتل کا الزام اس پر نہیں ھے۔ مزید برآں جب سیف الدولہ کو اس واقعہ کی اطلاع ھوئی، تو اس نے ان تمام لوگوں کو جو اس قتل میں شریک تھے موت کی سزا دی۔ مگر ابن مسکویہ (ج ۲ - ص ۲۰۹) نے بھی نجا کا قتل سنہ ۳۵۴ ھی کا واقعہ بتایا ھے۔ [۱] فریثاگ۔ ص ۲۰۵ ۔

پر قابض نہ ہو سکے۔ یونانیوں نے اس ناکامی کا بدلہ اس طرح لیا۔ کہ مصیصہ کے مضافات کو جلا ڈالا۔ یہی حال اذنہ اور طرسوس کے مضافات کا ہوا، کیونکہ ان شہروں کے باشندوں نے اہل مصیصہ کی مدد کی تھی۔ ان لڑائیوں میں (۱۵۰۰۰) مسلمان یونانیوں کے ہاتھ سے قتل ہوئے۔ وہ صرف پندرہ روز اسلامی علاقے میں ٹھہرے، مگر ان کی کوئی مزاحمت نہیں کی گئی۔ اس کے بعد قحط کی وجہ سے یونانی واپس چلے گئے؛ مگر جانے سے قبل دمستق اہل مصیصہ، اذنہ اور طرسوس سے کہہ گیا کہ وہ شکست کھا کر نہیں جا رہا، بلکہ قحط کے سبب سے مجبور ہو گیا ہے؛ اور بہت جلد وہاں واپس آئیگا۔ اس عرصہ میں جو لوگ شہر خالی کر دینگے وہ بچ جائینگے، ورنہ اس کی واپسی کے وقت جو شہر میں ہونگے قتل کر دئے جائینگے۔ اس دوران میں ایک خراسانی کے ماتحت (۵۰۰۰) نفوس جہاد کی غرض سے ارمینیہ اور میافارقین ہوتے ہوئے ماہ صفر میں سیف الدولہ کے پاس پہنچے۔ سیف الدولہ انہیں لے کر یونانی علاقہ کی طرف روانہ ہوا۔ مگر اس عرصہ میں یونانی واپس جا چکے تھے۔ قحط کی وجہ سے خراسانیوں کا وہاں ٹھہرنا ناممکن ہو گیا، اور یہ لوگ براہ بغداد اپنے اپنے وطنوں کو واپس چلے گئے [۱]۔

ذھبی نے بیان کیا ھے کہ اسی سال سیف الدولہ نے یونانی علاقہ پر حملہ کر کے (۲۰۰۰) قیدی اور (۱۰۰۰۰۰) مویشی حاصل کئے، اور پھر حران اور ملطیہ ہوتا ہوا وہ آمد آ گیا [۲]۔

ابن تغری بردی نے لکھا ھے کہ یونانیوں نے حلب کے نواح میں ایک قلعہ پر حملہ کیا، اور اس پر ان کا قبضہ ہونے ہی والا تھا کہ سیف الدولہ کی فوج مقابلے کے لئے پہنچ گئی۔ اس جنگ میں (۵۰۰) یونانی کام آئے، اور باقی گرفتار کر لئے گئے۔ پھر معلوم ہوا کہ یونانی دوبارہ مصیصہ پر حملہ آور ہوئے ہیں، اور گرد و نواح کے علاقے کو تاخت و تاراج کر رہے ہیں۔ لیکن پہلے کی طرح اس دفعہ بھی قحط کی وجہ سے وہ لوگ زیادہ دیر تک نہ ٹھہر سکے۔ اہل مصیصہ اور طرسوس نے ان کا تعقب کیا، بہت سے یونانی قتل ہوئے، اور بے شمار قید کئے گئے۔ یونانی فوج کی تعداد اور (۳۰۰۰۰۰) بیان کی جاتی ھے [۳]۔

---

[۱] ابن اثیر ج ۸۔ ص ۲۰۷۔ ابن تغری بردی ج ۲۔ ص ۳۶۷۔ فریٹاگ ص ۲۰۵۔ ابن مسکویہ ج ۲۔ ص ۲۰۲ [۲] فریٹاگ۔ ص ۲۰۶۔ [۳] ابن تغری بردی۔ ج ۲۔ ص ۳۶۷۔

سنه ۳۵۲ (سنه ۹٦۳) میں هی قیصر نقفور کی ایک سفارت سیف الدوله کی خدمت میں اس مقصد کے لئے حاضر هوئی که قیدیوں کا تبادله کر لیا جائے۔ اس سفارت کا استقبال نہایت تزک و احتشام سے کیا گیا۔ سیف الدوله نے دربار منعقد کیا، جس کے لئے ایک خیمه خاص طور پر بنوایا گیا تھا، جس کی بلندی (۵۰) ذرع تھی [۱]۔ اسی سال قرامطه نے سیف الدوله سے استدعا کی که کچھ لوھا انہیں دے دیا جائے، چنانچه اس نے بہت سا لوھا ان کے پاس بھیجا، جو براہ دریائے فرات پہلے هیت لایا گیا، اور پھر خشکی کے راسته سے هجر پہنچا دیا گیا [۲]۔

سنه ۳۵۴ (سنه ۹٦۵) قیصر نقفور نے ایک نیا شہر قیصریه (قیساریه [۳]؟) کے نام سے آباد کیا، تاکه اسے مرکز قرار دےکر هر وقت اور هر موسم میں اسلامی سرحد پر حمله کیا جاسکے۔ وه خود قیصریه میں رهنے لگا، اور اپنے باپ کو بطور نائب قسطنطنیه میں مقرر کیا [۴]۔ اهل مصیصه اور طرسوس نے، یونانیوں کے اس قدر قریب هونے سے خوف زده هوکر، نقفور سے خط وکتابت کرکے اس کی اطاعت قبول کرلی، اور استدعا کی که ان پر کسی کو حاکم مقرر کردیا جائے۔ نقفور نے یه درخواست منظور کرلی۔ مگر پھر اسے معلوم هوا که اهل طرسوس ایسے سخت قحط کی مصیبت میں مبتلا هیں که هر روز تین سو آدمی بھوکوں مر رهے هیں [۵]۔ اس لئے وه وعدے سے پھر گیا، مسلمانوں کے ایلچی کے سر پر وه خط جلادیا جو وه لیکر آیا تھا، جس سے اس کی داڑھی جل گئی۔ اور کہا که،، تمہاری حالت وهی هے جو موسم سرما میں سانپ کی هوتی هے۔ جب اسے سردی لگتی هے تو ضعیف هوجاتا هے، اور دیکھنے والا سمجھنے لگتا هے که مرگیا هے؛ لیکن جب اس کے پاس جاکر اس پر احسان کرنے

---

[۱] فریٹاگ۔ ص ۲۰٦۔ ابن تغری بردی ج ۲۔ ص ۳٦٦۔ [۲] ابن تغری بردی ج ۲۔ ص ۲٦٦۔ ابن مسکویه ج ۲۔ ص ۲۰۳۔ [۳] ابن تغری بردی۔ ج ۲۔ ص ۳٦۹۔ ابن مسکویه۔ ج ۲۔ ص ۲۱۰۔ [۴] ذهبی۔ ج ۱۔ ص ۱۷۲۔ [۵] فریٹاگ (ص ۲۰۷) لکھتا هے که نقفور کو ان مقامات کی بدحالی کی کیفیت اس طرح معلوم هوئی تھی که اس سے وعده کیا گیا تھا که اگر وه اهل طرسوس اور مصیصه کی درخواست قبول کرلیگا تو یونانی قیدی رها کردئے جائنگے۔ چنانچه مسلمانوں نے اپنا وعده پورا کیا۔ ان یونانیوں نے نقفور کو اهل ملک کے مصائب سے مطلع کیا۔ اسی بنا پر اس نے نقض عهد کیا۔ اور جنگ کی تیاری شروع کردی۔ ذهبی ج ۱۔ ص ۱۷۲۔

ایکھتا ہے وہ فوراً ڈس لیتا ہے۔ اسی طرح تم بھی ضعف کی حالت میں خوشامدین کرتے ہو اور اگر تمہیں چھوڑ دوں تو مضبوط ہو کر مجھی کو تکلیف پہنچاؤ گے [۱]۔

اس کے بعد ہی سنہ ۳۵۴ (سنہ ۹٦۵) میں نقفور نے مصیصہ پر حملہ کیا۔ یہ شہر دریائے جیحان (Pyramus) کے کنارے، انطاکیہ اور یونانی علاقہ کے درمیان، شام کی سرحد پر، طرسوس کے قریب واقع تھا، اور مدتوں سے اس سرحد پر مسلمانوں کا زبردست فوجی مرکز سمجھا جاتا تھا۔ یہ نہایت معمور اور بارونق شہر تھا، اس کی آبادی دو لاکھ بیان کی جاتی ہے۔ اس کے گرد بکثرت باغ تھے، جنہیں دریائے جیحان سیراب کرتا تھا [۲]۔ نقفور نے شہر کا محاصرہ کیا، اور آخر (۴۰۰۰) آدمی کھو کر اسے فتح کرنے میں کامیاب ہوا۔ اہل مصیصہ نے بھاگ کر قریہ میں پناہ لی، مگر جب یہ مقام بھی یونانیوں نے فتح کر لیا تو اہل مصیصہ کا قتل عام کیا گیا، اور جو باقی رہے انہیں قسطنطنیہ منتقل کر دیا گیا [۳]۔

مصیصہ کو فتح اور تباہ کر کے نقفور طرسوس کی طرف متوجہ ہوا۔ روایت ہے کہ اسے ہارون الرشید کے عہد میں تعمیر، یا کم از کم دوبارہ تعمیر کیا گیا تھا، اور خلیفہ نے اسی شہر کو اپنے نئے سرحدی صوبے العوصم کا صدر مقام بنایا تھا۔ یہ شہر شام کی سرحد پر، انطاکیہ، حلب اور یونانی علاقہ کے درمیان واقع تھا۔ اس کے گرد دوہری فصیل اور وسیع خندق تھی۔ شہر میں داخل ہونے کے چھ دروازے تھے، اور دریائے بردان شہر کے بیچ میں سے ہو کر گذرتا تھا۔ سرحد پر سب سے زیادہ مستحکم اور اہم مقام ہونے کی وجہ سے اسلامی دنیا کے ہر حصے کے مجاہدین یہاں جمع تھے، جو امن کے زمانے میں اپنے اپنے کاموں میں مشغول رہتے اور جنگ کے وقت ہتیار اٹھا لیتے۔ ان کے گذارے کے لئے بڑے بڑے اوقاف تھے۔ یہ حالت سنہ ۳۵۴ تک جاری رہی، مگر اس سال کے قحط کی وجہ سے یہاں کے حالات بے حد زبون ہو گئے تھے، اور باشندوں میں دشمن کا مقابلہ کرنے کی سکت نہ رہی تھی۔

---

[۱] ذهبی۔ ج ۱۔ ص ۱۷۲۔ ابن مسکویہ ج ۲۔ ص ۲۱۰۔ [۲] یاقوت۔ لفظ مصیصہ۔ ابوالفداء ج ۲۔ ص ۱۰۴۔ لی اسٹرینج: ص ۵۰۵، ۵۰٦۔ [۳] ابوالفداء ج ۲۔ ص ۱۰۴، ۱۰۵۔ فریٹاگ ص ۲۰۷۔ ابن مسکویہ ج ۲۔ ص ۲۱۱، ۲۱۲۔ حاشیہ (۱)۔

ور کے حملے کے وقت رشیق النسیمی سیف الدولہ کی طرف سے یہاں کا حاکم تھا۔ اس نے اس ط پر شہر یونانیوں کے حوالے کر دیا کہ مسلمانوں کو وہاں سے چلے جانے، اور جس قدر ، وہ اٹھا سکیں لے جانے کی اجازت دی جائے۔ مگر شہر میں داخل ہونے کے بعد یونانی فوج ، ہر سپاھی نے ایک ایک مسلمان کے گھر پر قبضہ کر کے اسے نکال دیا، اور اس کے مال و اسباب متصرف ہو گیا۔ یہاں تک ہوا کہ باپ اپنی اولاد سے بچھڑ گئے، بیویوں نے اپنے شوہروں کا تھ دینے سے انکار کر دیا، اور لوگ نہایت بے سرو سامانی کی حالت میں اپنے وطن سے چل ے ہوئے۔ شہر یوں برباد ہوا اور اھل شہر تباہ و بدحال انطاکیہ چلے گئے جو طرسوس رھے وہ یاتو قتل ہوئے اور یا عیسائی ہو گئے۔ یاقوت لکھتا ھے کہ طرسوس پر یہ گزر رھی تھی، سیف الدلہ میافارقین میں عیش کر رھا تھا۔ دوسرے حکمرانوں کو آپس کے جھگڑوں سے فرصت نہ تھی کہ مسلمانوں کی حفاظت اور جہاد کا فرض ادا کریں [۱]

ابن اثیر نے بیان کیا ھے کہ نقفور نے طرسوس کی جامع مسجد کو اصطبل بنا لیا تھا، اور کا منبر جلا ڈالا تھا۔ مسلمانوں کے چلے جانے کے بعد اس نے شہر دوبارہ آباد کیا، اور بے انتہا سامان راك وهاں بھیجا۔ یہاں تک کہ اھل شہر پھر خوش حال ہو گئے، اور بہت سے پرانے باشندے اپنے ن واپس آ گئے۔ مگر ان میں سے بعض نے عیسائی مذھب قبول کر لیا۔ نقفور یہ چاھتا تھا کہ طرسوس مسلمانوں کے ملك پر حملہ کرنے کی غرض سے اپنا صدر مقام بنائے۔ تمام انتظام کر کے وہ قسطنطنیہ ں چلا گیا۔ دمستق، یعنی یانس بن شمشقیق، میافارقین پر حملہ کرنا چاھتا تھا، مگر نقفور نے اسے حکم کہ اس کے ساتھ قسطنطنیہ چلے [۲]۔

اپنے غیاب کے زمانہ میں سیف الدولہ نے اپنے ایك خادم قرعویہ کو حلب کا حاکم ر کیا تھا، اور انطاکیہ پر ایك اور امیر تاج الیکی (یا الثملی) کو نائب بنا کر بھیجا تھا۔ لیکن اھل انطاکیہ اسے تسلیم کرنے سے انکار کیا؛ اور رشیق النسیمی کو، جو طرسوس سے وھاں آ گیا تھا، اپنا ئم بنا لیا۔ رشیق نے تمام کام ابن الاھوزی نام ایك شخص کے سپرد کر دیا، اور قیصر کو (۶۰۰۰۰۰)

---

[۱] یاقوت۔ لفظ طوسوس۔ ابوالفداء ج ۲۔ ص ۱۰۵ [۲] ابن اثیر ج ۸۔ ص ۲۱۰۔ اس کے علاوہ دیکھو ابن مسکویہ۔ ج ۲۔ ص ۲۱۱، ۲۱۲۔ حاشیہ (۱)۔

درہم دینے کا وعدہ کیا۔ لوگوں کے تالیف قلوب کے لئے رشیق نے ایک جعلی خط خلیفہ کی طرف سے بنایا، جس میں اسے سیف الدولہ کی جگہ انطاکیہ کا حاکم مقرر کیا گیا تھا۔ یہ خط مسجدوں میں پڑھا گیا۔ رقم مہیا کرنے کی غرض سے پہلے تو ابن الاہوازی نے خزانہ پر قبضہ کیا، اور پھر ترضے کے نام سے لوگوں سے خوب مال حاصل کیا۔ اس دولت کی مدد سے ان دونوں نے (۵۰۰۰) فوج تیار کی اس وقت صرف بطریق کرسٹوفورس سیف الدولہ کا وفادار رہا، اور ابن الاہوازی اور رشیق کے وعدہ وعید کے باوجود دیر سمعان میں سیف الدولہ کا منتظر رہا۔ اس اثنا میں ابن الاہوازی نے رشیق کو حلب فتح کرنے پر راضی کر لیا۔ اتفاق سے اسی عرصے میں دزبر نامی ایک دیلمی اپنے بہت سے هم وطنوں کے ساتھ انطاکیہ پہنچا۔ اسے ساتھ لے کر حلب پر فوج کشی کی گئی۔ قرعویہ کو حلب کے قلعہ میں محصور ہو جانا پڑا۔ اتنے میں سیف الدولہ نے اپنے غلام بشرے کی سرکردگی میں ایک فوج قرعویہ کی مدد کے لئے بھیجی۔ لڑائی کے دوران میں رشیق گھوڑے سے گر پڑا، اور ایک عرب نے اس کا کام تمام کر دیا۔ اب ابن الاہوازی نے دزبر کو انطاکیہ کا حاکم بنا دیا۔ حلب پر ان باغیوں کا قبضہ ہو گیا، اور دزبر نے رقم جمع کرنے میں وہاں سخت مظالم کئے۔ قرعویہ باغیوں سے لڑنے کے لئے انطاکیہ روانہ ہوا، مگر ابن الاہوازی اور دزبر کے مقابلے میں شکست کھائی۔ معتدبہ رقم جمع کرنے کے بعد دونوں باغی حلب سے واپس جا چکے تھے۔ سیف الدولہ اب حلب آیا، اور صرف ایک رات قیام کرنے کے بعد وہاں سے چلا گیا۔ حلب کے قریب ہی اس کا مقابلہ ابن الاہوازی اور دزبر سے ہوا۔ باغیوں نے شکست کھائی، اور دونوں گرفتار ہوئے۔ دزبر اسی وقت قتل کر دیا گیا۔ ابن الاہوازی چند روز قید رکھا گیا، اور پھر وہ بھی قتل کر دیا گیا [۱]۔

فریٹاگ نے جمال الدین ابو الحسن علی کے حوالہ سے بیان کیا ہے [۲] کہ سنہ ۳۵۴ میں سیف الدولہ نے اپنے بھائی ناصرالدولہ کے ساتھ تعلقات کو مستحکم کرنے کی غرض سے اپنی بیٹی ست الناس کی شادی ناصرالدولہ کے بیٹے ابو تغلب سے کی۔ اس کی یادگار میں سونے کے نئے سکے مسکوک کرائے گئے، جن کی قیمت ۳۰، ۲۰ اور ۱۰ دینار تھی۔ ان سکوں کے ایک طرف یہ عبارت تھی :—

---

[۱] ابوالفداء ج ۲ - ص ۱۰۵ - ابن اثیر ج ۸ - ص ۲۱۰، ۲۱۲ - فریٹاگ نے یہ واقعہ بہت تفصیل سے بیان کیا ہے۔ دیکھو۔ ص۔ ۲۱۰ - ۲۱۲ -

[۲] فریٹاگ۔ ص ۲۰۸ -

محمد رسول اللہ امیرالمومنین علی بن ابی طالب فاطمۃ الزہراء الحسن و الحسین جبرئیل
اور دوسری طرف تھا :—

امیرالمومنین المطیع للہ الامیران الفاضلان ناصرالدولہ و سیف الدولہ الامیران ابو تغلب و ابوالمکارم

اس موقع پر سیف الدولہ نے (۱۰۰۰۰) دینار خیرات کئے۔ مگر اسی سال ماہ ربیع الثانی کے وسط میں ابوالمکارم کا انتقال ہوگیا۔ بعض مورخوں نے سکوں کی ان عبارتوں سے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ سیف الدولہ عقائد کے لحاظ سے یا تو شیعہ تھا یا کم از کم شیعیت کی طرف مائل تھا۔

سنہ ۳۵۵ھ (سنہ ۹۶۶) میں خراسانیوں کی ایک جماعت جہاد کی غرض سے محمد بن عیسٰے کی سرکردگی میں میافارقین پہنچی۔ سیف الدولہ کے بیٹے، ابوالمعالی نے ان کا استقبال کیا [۱]۔ اس سال یونانیوں نے آمد کا محاصرہ کیا۔ انہوں نے تین سو اہل شہر کو قتل اور چار سو کو گرفتار کیا، مگر وہ شہر فتح نہ کر سکے۔ یہاں سے ہٹ کر وہ دارا کی طرف چلے۔ نصیبین کے قریب پہنچے تو ایک قافلہ ملا جو میافارقین سے آ رہا تھا۔ اسے انہوں نے لوٹ لیا۔ اہل نصیبین ان کی آمد کی خبر سن کر اتنا گھبرائے کہ شہر خالی کر دیا۔ سیف الدولہ بھی یہاں موجود تھا۔ وہ ابھی جانے کی تیاری کر ہی رہا تھا کہ یونانیوں نے اپنا راستہ بدل دیا، اور انطاکیہ کی طرف چلے۔ انہوں نے کچھ مدت اس کا محاصرہ کیا۔ جب اسے فتح نہ کر سکے، تو مضافات شہر کو لوٹ کر جلا دیا، اور طرسوس چلے گئے [۲]۔ ایک روایت [۳] یہ ہے کہ جب یونانیوں نے انطاکیہ کا محاصرہ کرنے کا ارادہ کیا ہے تو سیف الدولہ نے اپنے بھائی ناصرالدولہ سے مدد مانگی، مگر اس نے مدد دینے سے انکار کر دیا۔ دوسری طرف اہل انطاکیہ اس قدر گھبرائے کہ انہوں نے نقفور کی اطاعت کرنے اور بہت بڑی رقم ادا کرنے کا ارادہ کر لیا۔ مگر نقفور نے ایسی شرائط پیش کیں، جنہیں منظور نہ کیا جا سکا۔ اس لئے نقفور نے نصیبین سے ہٹنے کے بعد منبج کا محاصرہ کیا، اور مضافات شہر جلا ڈالے۔ لیکن جب لوگوں نے اطاعت قبول کر لی تو ان سے کچھ تعرض نہیں کیا۔ یہاں سے نقفور وادی بطنان کی طرف روانہ ہوا، اور

---

[۱] ابن تغری بردی ج ۲۔ ۳۸۴ — [۲] ابن اثیر ج ۸۔ ص ۲۱۴ — [۳] ابن مسکویہ۔ ج ۲۔ ص ۲۲۰۔ حاشیہ (۱)۔

سیف الدولہ قنسرین گیا۔ مگر سیف الدولہ کی فوج ، اور خانہ بدوش عربوں نے یونانیوں پر عرصۂ حیات تنگ کر دیا۔ اس علاقہ کو انہوں نے اتنا لوٹا کہ رسد بہم پہنچانا ممکن ہو گیا۔ باوجود اس کے سیف الدولہ نے نقفور سے خط و کتابت کی ، اور صلح کرنے کی غرض سے ایک بہت بڑی رقم دینے کا وعدہ کیا۔ مگر نقفور نے منظور نہ کیا اور کہا کہ نصف شام میرے حوالے کر دو۔ بہر حال بد حال ہونے کے باوجود نقفور نے آٹھ دن تک انطاکیہ کا محاصرہ کیا ، اور آخر تنگ آ کر وہاں سے ہٹ گیا [۱]۔

گو نقفور صلح کرنے سے انکار کر چکا تھا ، لیکن یونانی گزشتہ ناکامیوں سے بد دل ہو رہے تھے ، اور ان کی فوج سنہ ۳۵۵ (سنہ ٩٦٦) کی مہموں میں تقریباً تباہ ہو چکی تھی۔ دوسری طرف سیف الدولہ بھی بیمار تھا ، اور کسی بڑی مہم کی نگرانی بذات خود نہ کر سکتا تھا۔ لهذا اب فریقین میں صلح ہوئی ، اور فیصلہ ہوا کہ قیدیوں کا تبادلہ کر لیا جائے۔ اس غرض سے سیف الدولہ پہلے میافارقین آیا۔ نجا کی بغاوت کی وجہ سے جو شورش اور بدامنی پیدا ہو گئی تھی اسے فرو کرنے کے بعد وہ سمیساط چلا گیا۔ یہیں پر غرہ رجب سنہ ۳۵۵ (۲۳ جون سنہ ٩٦٦) کو دریائے فرات کے کنارے قیدیوں کا تبادلہ ہوا ، اور زر فدیہ ادا کیا گیا۔ قید سے رہا ہونے والوں میں سیف الدولہ کا بھتیجا ابوالفوارس محمد بن ناصرالدولہ ، اس کا چچا زاد بھائی ابو فراس ، اور ابوالهیثم بن قاضی ابوحصین بھی شامل تھے۔ ابوفراس منبج کا حاکم تھا ، اور جب سنہ ۳۵۱ میں یونانیوں نے اس علاقہ پر حملہ کیا ھے تو گرفتار ہوا تھا ، اور اب اسے قید سے رہائی ملی تھی [۲]۔ ابوالفوارس کے متعلق ابن تغری بردی نے

---

[۱] ابن تغری بردی (ج ۲ - ص ۳۷۴) نے لکھا ھے کہ انطاکیہ کا حاکم محمد بن موسے الصلاحی خزانۂ عامرہ کی پوری رقم لے کر بظاہر سیف الدولہ کی خدمت میں حاضر ہونے کے لئے روانہ ہوا تھا ، لیکن راستہ میں مرتد ہو کر یونانی علاقہ میں چلا گیا۔ ایک روایت ھے کہ اس نے شہر کو یونانیوں کے حوالے کر دینے کا ارادہ کیا تھا ، مگر لوگوں کی مخالفت کی وجہ سے ایسا نہ کر سکا ، اور اس خوف سے کہ اس کی غداری کی خبر سیف الدولہ کو نہ پہنچ جائے ، خزانے کی رقم لے کر شہر سے نکل گیا۔ [۲] فریتاگ نے زبدۃ الحلب میں ابوفراس کا ایک قصیدہ نقل کیا ھے جس میں اس نے اپنی قید اور فدیہ کا ذکر کیا ھے۔ دیکھو زبدۃ الحلب ص 135 -

لکھا ھے که قیصر کی بہن نے اپنے بھائی سے یه وعدہ لیا تھا که ابوالفوارس کے بدلے میں خود اس کا بھائی چھڑا لیا جائیگا۔ چنانچہ سیف الدوله نے اس یونانی امیر کو تین سو آدمیوں کے ساتھ قلعه ھیاج بھیجا۔ دوسری طرف سے تین سو یونانی ابوالفوارس کو لیکر وھاں پہنچے۔ قلعه کے قریب پہنچ کر فریقین کے پانچ پانچ آدمی اپنے قیدی کو لیکر آئے، اور ھر دو قیدی رھا کر دئے گئے [۱]۔ سیف الدوله نے (۳۰۰۰) مسلمان قیدیوں کے بدلے میں (۲۰۰۰۰۰) یونانی دینار بطور زر فدیه ادا کئے۔ تبادله کا فیصله ھو جانے کے بعد سیف الدوله نے دوسرے دن ان آزاد شدہ قیدیوں کو ایک فوج کی حفاظت میں حلب کی طرف روانه کر دیا۔

صلح ھونے کے بعد سیف الدوله بہت دن تک زندہ نہیں رھا۔ وہ تین برس سے برابر بیمار چلا آ رھا تھا۔ شیزر میں تھا که اس کی بیماری میں اضافه ھوا۔ جب زیست کی کوئی امید نه رھی تو اسے حلب لے آئے۔ یہاں پہنچنے سے دو تین دن بعد ۲۵ صفر سنه ۳۵٦ [۲] (۹ فروری سنه ۹٦۷) کو اس عظیم الشان شخص کا، جس نے تیئس برس تک اسلامی سرحد کی حفاظت کی تھی، انتقال ھو گیا۔

خدا رحمت کند بر عاشقان پاک طینت را

روایت ھے که فوجی مہموں کے دوران میں جو گرد اس کے کپڑوں پر جم جاتی تھی اسے باحتیاط جمع کر کے سیف الدوله نے ھتیھلی کے برابر ایک اینٹ بنوائی تھی، اور وصیت کی تھی که قبر میں یه اینٹ اس کے رخسار کے نیچے رکھ دی جائے۔ اس پر عمل کیا گیا [۳]۔ اس نے (۵۲) برس (۲) مہینے اور (۸) دن کی عمر پائی۔ مرض الموت کے متعلق دو روائتیں ھیں۔ بعض کا قول ھے که اسے حبس البول کا عارضه تھا [۴]، اور بعض کہتے ھیں که اس نے فالج سے انتقال کیا [۵]۔ اس کا جنازہ تقی الدین کی حفاظت میں، جو انطاکیه سے اسی غرض سے حلب آیا تھا، میافارقین لایا گیا، اور یہاں اس کی والدہ کے پہلو میں اسے دفن کیا گیا [٦]۔

---

[۱] ابن تغری بردی۔ ج ۲۔ ص ۳۷۴ — [۲] ابن خلکان۔ ج ۱۔ ص ۳٦٦ —
[۳] ابن خلکان۔ ج ۱۔ ص ۳٦٦ — [۴] ابن خلکان ج ۱۔ ص ۳٦٦ — [۵] ابن اثیر ج ۸۔ ص ۲۱۷ — [٦] ابن خلکان ج ۱۔ ص ۳٦٦ —

سیف الدوله کے چار بیٹے تھے - ابوالھیجا عبداللہ نے سنہ ۳۳۸ (سنہ ۹۴۹) میں انتقال کیا - ابوالبرکات کی موت جمادی الآخر سنہ ۳۵۴ (سنہ ۹۶۵) کو واقع ہوئی، اور ابوالمکارم کا انتقال سنہ ۳۵۵ (سنہ ۹۶۶) میں ہوا - ابوالمعالی سعد الدولہ باپ کا جانشین ہوا -

گذشتہ اوراق میں جو کچھ بیان ہوا وہ سیف الدولہ کی زندگی کا صرف ایک رخ تھا - بہادر سپاہی اور تجربہ کار سپہ سالار ہونے کے علاوہ سیف الدولہ علم و فن کا مربی، اور علماء و فضلاء کا سرپرست تھا - اسی وجہ سے اس کا دربار ہر طرح علوم و فنون کا مرکز بن گیا تھا - جب تک اس کی زندگی کے اس رخ کو ظاہر نہ کیا جائے اس کا اندازہ نہیں ہو سکتا کہ دنیائے اسلام میں اس شخص کے کارنامے کیا تھے، اور کس طرح اس نے ایک طرف مسلمانوں کی سرحد کی حفاظت کی، اور دوسرے طرف علم و فن کو فروغ دیا - کہا جاتا ہے کہ ''انہ لم یجتمع بباب احد من الملوك بعد الخلفاء ما اجتمع ببابه من شیوخ الشعر و نجوم الدھر'' [۱] -

[۱] ابن خلکان - ج ۱ - ص ۳۶۴ -

بنی حمدان کا شجرۂ نسب [۱]

[۱] Wustenfeld's Genealogische Tabalen der Arabischen Stamme und Familien, Gottingen, 1852. C.

موجودہ شجرہ میں بہت کچھ اضافہ کیا گیا ہے۔

حوالہ جات :-

(۱) ابن اثیر : کامل جلد ۷ ، ۸ - مطبوعہ مصر سنہ ۱۲۹۰ ھجری

(۲) ابوالمحاسن ابن تغری بردی : نجوم الزاھرہ - جلد ۲ - مصححہ ژون بال - لیدن (بریل) سنہ ۱۸۵۰ ء

(۳) ابوالفداء : کتاب المختصر فی اخبار البشر - جلد ۲ - مطبوعہ مصر سنہ ۱۳۲۵ ھجری

(۴) ذھبی : دول الاسلام - جلد ا - دائرۃ المعارف - حیدر آباد دکن سنہ ۱۳۳۷ ھجری

(۵) الیافعی ، عفیف الدین : مرآۃ الجنان و عبرۃ الیقظان - جلد ۲ - دائرۃ المعارف - حیدرآباد دکن - سنہ ۱۳۳۷ ھجری

(۶) ابن خلکان : وفیات الاعیان - مطبوعہ مصر سنہ ۱۳۱۰ ھجری

(۷) یاقوت : معجم البلدان - مطبوعہ مصر سنہ ۱۳۲۷ ھجری

(۸) محمد راغب بن محمود بن ھاشم الطباخ : اعلام النبلاء فی تاریخ حلب الشھباء - جلد ا - حلب سنہ ۱۳۴۲ ھجری

(۹) ابن العبری ، غریفوریوس ابی الفرج بن ھارون الطبیب الملطی المعروف بہ : تاریخ مختصر الدول

(۱۰) ابن مسکویہ : تجارب الامم جلد ۲ مصححہ آمدروز - مطبوعہ مصر سنہ ۱۳۳۳ ھجری

(۱۱) مسعودی : کتاب التنبیہ والاشرف - مصححہ دی خویہ

(۱۲) ابن خلدون : کتاب العبر - مطبوعہ مصر - جلد ۴

(۱۳) زبدۃ الحلب - مصححہ فریٹاگ (Freytag) - مطبوعہ پیرس سنہ ۱۸۱۹ ء -

(۱۴) Freytag: Geschichte der Dynastien der Hamdanides in Mosul und Aleppo. (In Zeitschritt der Deutschen morgenlandischen Gesellschaft, vol. XI, 1857)
اس مضمون کا حوالہ فریٹاگ کے نام سے دیا گیا ھے -

(۱۵) Sadruddin, M.,: Saifuddaulah and his Times, Lahore, 1930.

(۱۶) Le Strange: Palestine under the Moslems, London, 1890.

(۱۷) Weil: Geschichte der Chalifen, Mannheim, 1848, vol. II. III.

(۱۸) Wustenfeld: Genealogjsche Taballen der Arabishen Stamme und Familien, Gottingen, 1852-

دیکھو، کسی شخص کی شراب خواری کے حکم کے لئے کتنے اشخاص اور کتنے ماهرین فن سے مدد لینے کی ضرورت هوی ،، اس شخص نے جو عاقل، بالغ، تها بغیر کسی مجبوری کے شراب پی هے یه اصلی مقدمه هے جس پر حکم لگے گا. اس کے ثبوت کے لئے دو عاقل، بالغ مسلمان مردوں کی ضرورت هے۔ کیونکه نا تجربه کار هونے کی وجه سے حدود میں عورتوں وغیره کی شهادت نا قابل قبول هے۔ دوسرے احکام اسکے موقوف علیه هیں جن میں معیار شهادت کی ضرورت نهیں، بلکه اخبارات سے غلبه ظن کا حاصل هوجانا کافی هے۔ اب رہ گئی یه آیت اذا جاء کم فاسق بنبا فتبینوا یعنے جب تمهارے پاس کوئی فاسق کسی قسم کی خبر لائے تو اسکی تحقیق کرو۔ اخبار پر یقین کرنے کے لئے یا یوں کهو که اخبار پر یقین کئی وجوه کے مجموعه سے حاصل هوتا هے۔

کهنے والا (۱) پوری عقل کا (۲) راست باز (۳) معامله فهم (۴) واقعات کو صحیح طور سے خیال رکهنے والا (۵) جس شئی کی خبر دینا چاهتا هے اسکو اچهی طرح سے ادا بهی کرتا هو (٦) جس شخص کے متعلق شهادت دیجاتی هے کیا اس سے قرابت قریبه تو نهیں یا عداوت تو نهیں (۷) یا اس کے زیر اثر اور اس کا خادم تو نهیں (۸) قرائن سابقه ولا حقه معین مثبت یا مخالف و نافی تو نهیں (۹) زمانهٔ وقوع سے اسکی روایت کو کتنا بعد هے (۱۰) محل وقوع سے اس روایت کرنے والے کو کتنا بعد هے ان تمام امور پر غور کرنے کے بعد کهیں یقین یا غلبه ظن حاصل هوتا هے۔ پس فاسق کا خبر دینا خبر کو یقین سے دور کرتا هے۔ ایسی صورت میں مختلف امور پر غور کرنا، ماحول اسباب وعلل پر فکر و خوض کرنا ضرور هے تا که مجموعهٔ اسباب سے جانب اثبات یا جانب نفی کو قوت حاصل هو جائے۔

یه بات یاد رکهنی چاهئے که یقین کیا نهیں جاتا، یه انسان کا بالا راده فعل نهیں که چاها یقین کیا چاها یقین نه کیا۔ یه نفس کا واقعات سے تاثر هے یا ایک قلبی کیفیت هے جو بے اختیار پیدا هوتی هے۔

ایک حجرے میں ایک عورت هے جسے درد زه هو رها هے۔ اسکے پاس ایک هندو دائی هے باهر خاوند هے۔ دائی ایک بچه کو اس حجرے میں سے باهر لاتی هے اور کهتی هے که آپ کے یه لڑکا پیدا هوا هے۔ مبارک هو مبارک۔

دیکھو صرف ایک ہندو دائی کہتی ہے کہ یہ بچہ اس شخص کا ہے اور اس شخص کو یقین آجاتا ہے۔ اور شرع اس بچے کو اس شخص کا وارث تسلیم کرتی ہے

اگر میرے سامنے ایک مائع شیشی میں بھرا ہوا ہو اور ایک مولوی صاحب فرمائیں کہ یہ شراب نہیں ہے اور ایک شرابی کہے کہ یہ شراب ہے تو مجھے مولوی صاحب کے قول کی نسبت شرابی کے قول پر زیادہ اعتماد ہوگا۔ کیونکہ شرابی کو شراب سے سابقہ رہتا ہے۔ وہ اسے جانتا اور سمجھتا ہے

یہ بات خیال رکھنی چاہئے کہ جب ہم شرعی حکم کسی پر لگاتے ہیں تو ایک مقدمہ صغریٰ ہوتا ہے جو واقعاتی اور جزئی ہوتا ہے اور ایک مقدمہ کبریٰ جو شرعی کلیہ اور اصول دین سے ہوتا ہے۔ واقعاتی مقدمہ کا اثبات شہادت اور خبر سے ہوتا ہے۔ شہادت فصل خصومات اور عقوبات میں حاکم و قاضی کے پاس ہوتی ہے

اخبارات سے اپنے عمل کے لئے یقین یا ظن حاصل کیا جاتا ہے

اصول یقینیات حسب ذیل ہیں۔ اولیات، مشاہدات، وجدانیات، فطریات، حدسیات، تجربیات، متواترات۔ تجربیات پر دنیا کا تمام کام چلتا ہے۔ اسی سے تمام علوم و فنون بنتے ہیں۔ تجربیات و مشاہدات وغیرہ سے جو علم حاصل ہوتا ہے وہ ناقابل انکار ہوتا ہے۔

ماہر فن کا قول جس کو تجربات اور اختبارات سے علم حاصل ہے، قابل قبول ہوتا ہے۔ کیونکہ ہر شخص ہر امر کی تحقیق نہیں کر سکتا، ماہر فن کا قول معتبر ہے۔ لہذا ماہر فن کے لئے ضرور نہیں کہ مسلمان اور عدل ہو۔ اگر ایک انگریز ڈاکٹر کہے کہ یہ دوا زہر ہے یا لیبل پر پائزن لکھا ہوا ہو اور کوئی باوجود اس علم کے اس دوا کو کھائے اور مرجائے تو وہ بلاشک خود کشی کا مرتکب سمجھا جائیگا۔

متواترات سے پیدا ہونے والا یقین بھی ناقابل انکار ہے۔ اس کی مخالفت نرا مکابرہ ہے۔

متواترات میں مرد اور مسلمان اور عدل ہونا ضرور نہیں۔ سب جانتے ہیں اور یقین رکھتے ہیں کہ لندن ایک بڑا شہر ہے سلطنت برطانیہ کا پایہ تخت ہے۔ مگر کس مسلمان عاقل، بالغ، عدل نے دیکھ کر بیان کیا۔

خبر متواتر میں الفاظ متحد ہوں تو لاریب موجب یقین ہے۔ الفاظ مختلف اور معنے متحد ہوں تو تو بھی قطعاً موجب یقین ہے بات یہ ہے کہ انسان خبر کے بعد خبر سنتا جاتا ہے اور اس کا علم بڑھتا جاتا ہے یہاں تک کہ اس کو یقین ہو جاتا ہے۔

قرائن اور ماحول کو بھی یقین وظن کے پیدا کرنے میں بڑا دخل ہے۔ میرا مطلب یہ نہیں ہے کہ بلاتحقیق ہر ایک دعوی مان لیا جائے وھمیات کو ظنیات یا ظنیات کو یقینیات سمجھ لیا جائے ہر کس و ناکس کی بات قبول ہی کرلی جائے۔ راویان حدیث کی جرح و تعدیل کی جاتی ہے تا بہ دیگرے چہ رسد مگر ضرور ہے کہ جو شئی متواتر ہو روز روشن کی طرح واضح ہو اس کا انکار بھی نہ کیا جائے۔

مولنا بحر العلوم شرح مسلم الثبوت (ص ۸۴ الاصل الثانی سنة) میں تحریر فرماتے ہیں۔

"غایة ما یقال فی الجواب انه ای القدر المشترك بین الاخبار المنقولة۔ معلوم لا لان احدها صدق فقط عقلا حتی یرد ماقلت بل انما هو معلوم بالعادة قال العادة الالهیته قد جرت با حداث العلم عندوجود هذه الاخبارات وذلك کما فی التجربیات فان العادة الالهیة جرت با حداث العلم بعد التجربة والتکرار و السرفیه ان اجتماع الظنون الحاصلة باخبارات کثیره یعد الذهن عادة لقبول الذهن العلم والیقین الواقعی والاخبارات علی هذا الوجه انما لا یکون عادة الا فیما کان القدر المشترك حقا مطابقا للواقع فتفکر فان انکار ذلك مکابرة

اور صفحہ ۲۲۴ میں تحریر فرماتے ہیں۔

تقسیم للحنفیة محل الخبر مطلقا من غیر تقیید کونه خبرا عن رسول الله صلی الله علیه و علی اله و اصحابه و سلم، اما حقوق الله تعالی وهو عقوبات اولا کالعبادت والمعاملات وهو ای خبر الواحد العدل مقبول فیهما ای فی العقوبات والعبادات کالاخبار بطهارة الماء ونجاسته فاذا اخبر العدل بنجاسته یباح التیمم والاخبار عن رسول الله صلی الله علیه وعلی اله واصحابه وسلم قال حکمها الوجوب وهو عبادة کما مر ولا یقبل فیهما خبر الفاسق فلا یجوز التیمم باخبار الفاسق بنجاسة الماء بل یعمل بالتحری فان وقع التحری علی الطهوریه یتوضأ وان اخبر الفاسق بالنجاسة فضم التیمم احب وان وقع علی النجاسته تیمم واراقه الماء قبله احب واما حقوق العباد فاما ما فیه الزام محض اولیس فیه الزام اصلا او فیه الزام من وجه دون وجه فما فیه الزام محض کالبیوع عند انکار احدهما ونحوها کدعاوی اخری یشترط مع شرائط

الرواية الولاية فلايقبل قول الكافر على المسلم ولا قول العبد ولفظ الشهادة والعدد كون المخبرين رجلين او امراتين مع رجل واحد عند الامكان . فلا عدد ولا ذكورة شرط فى شهادة القابلة بالولادة فانه لايحضر الرجل عند ذلك فسقطت وقد صح عن رسول الله صلى الله عليه واله وصحبه وسلم انه قبل شهادة القابلة فى الاسلام ولا اسلام فى الشهادات على الكافر اذ قلما يشاهد المسلم معاملة الكفار ففيه ضرورة ايضا وفيه خلاف الشافعى رح وما لا الزام فيه اصلا كالوكالات والهدايا ونحوها ومنه اخبار كون اللحم الذى يباع فى الاسواق ذبيحة مسلم او كتابى فلا شيترط سوى التميز فلا يقبل قول الصبى الغير المميز والمعتوه غير المميز والمجنون يقبل قول المميز مع تصديق القلب صدق المخبر فاذا جاءت جارية واخبرت ان سيدى ارسلت نفسى اليك هدية يقبل قولها ويحل وطيها دفعا للحرج فانه لو اشترط العدالة لاختل امر المعاش فانه قلما يجد الانسان عدلا يعامل معه او يبعثه شهودا مع الهدايا كيف وكان عليه و على اله الصلواة والسلام يقبل خبر الهدية من البر والفاجر والحر والعبد وقد صح انه عليه الصلواة والسلام قبل هدية سلمان حين كونه عبدا نصرانيا وما فيه الزام من وجه دون وجه كعزل الوكيل وحجر الماذون فان هذا الخبر سلب المخبر الولاية التامة ولا تلزمها شيئ من الدعوىٰ فالوكيل والرسول من العادل والفاجر كما قبله يقبل قوله ولو فاسقا او عبدا لانهما يقومان مقام الموكل والمرسل فقولهما قوله وشرط الاسلام فى الخبر الفضولى احد شطرى الشهادة العدد او العدالته . لانه لما كان ذا شبهين عمل بهما فاعطى حكم كل من وجه فلو تصرف الوكيل بعد اخبار واحد فاسق نفذ تصرفه خلافا لهما فانهما يقولان انه مثل الاول لا يشترط فيه شيئ سوى التميز وتصديق القلب لمكان الضرورة قلنا الضرورة قد اندفعت لعدم الاشتراط فى الرسول والوكيل تعامل والا ظهر قولهما وفى وجوب الشرايع على من اسلم بدار الحرب باخبار واحد فاسق او كافر فيه خلاف فقيل تشترط العدالة لانه امر دينى ونقل على الخلاف بين الامام وصاحبيه كما فى القسم الثالث وقيل الاصح عدم اشتراط العدالة اتفاقاً حتى يجب عليه العبادات ويجب القضاء وان لم يأت بها باخبار فاسق وبه قال شمس الائمة لانه اى المخبر رسول الرسول ولا يشترط من اخبار الرسول شيئ وهو منقوض بالرواية فان راوى الحديث ايضاً رسول الرسول والحق ان عدم الاشتراط انما هو فى رسالة رجل بعينه لاخبار شيئ بعينه فى المعاهدات ولا يلزم من ذلك عدم الاشتراط مطلقا والحق فى الاستدلال انه لا يعتبر العدالة ههنا لمكان الحرج العظيم فان وصول العدل ههنا قلما تيسير فلو لم يقبل قول الفاسق والكافر فيه وجوز عدم الايقان يا

لعبادات لم ینل ذلك المسلم الکمال الانسانی و یلحق بالبهائم ۔

ان عبارتوں کا ماحصل یہ ھے کہ جب متعدد طرق سے خبر حاصل ھوتی ھے تو اگر الفاظ میں اختلاف ھو تو وہ متواتر معنوی ھے اور موجب یقین ھے ۔ اور یہ کہ محل خبر اگر عبادات ھو تو مخبر عدل ھونا چاھئے ، مخبر فاسق ھو تو تحری کرنی چاھئے ۔ اگر کوئی مسلم دارالحرب میں ھو تو عبادات میں بھی فاسق و کافر کے خبر پر عمل کرنا چاھئے ۔ الزام یعنی دوسرے پر کوئی شئے واجب ھونے کا حکم لگانے اور تصفیہ حقوق میں حاکم شہادت کے اصول پر تعداد و عدالت و صداقت کا اعتبار کریگا ۔ اگر محل خبر میں مردوں کو دخل نہو تو ایك عورت کا قول بھی کافی ھے ۔ جیسے قابلہ کے قول کو حضرت نے قبول فرمایا ۔ ایسے معاملات میں جو الزام نہیں ھیں ، ممیز کا قول مع تصدیق قلب معتبر ھے ۔

اور صفحہ ۳۰۶ میں متواتر کے عدد کے متعلق فرماتے ھیں ۔

والمختار عدم تعیین العدد للقطع بالعلم باخبار الجماعة من غیر علم بعدد مخصوص لا متقدما علیه ولا متاخرا عنه وایضالا سبیل الی علمه ای العلم بالعدد المخصوص عادة لان الاعتقاد یتقوی بتدریج کالعقل والقوة لبشریة عاجزة عن ضبط ذلك والعدد یقل بقوة اطلاع المخبرین کذ خالیل الملك و مظنة السامعین و قرینة لوقایع عقلا آگے چلکر کہتے ھیں ولو اخبر اهل قسطنطنیه بقتل ملکهم حصل العلم بلاریب فعلم ان العدالة غیر مشروطة وکذالاسلام نعم ذلك ای العدالة والاسلام دخیل فی تقلیل العدد الموجب للعلم و موکد لعدم التواطئی علی الکذب ۔

اس کا حاصل یہ ھے کہ متواتر کے لئے کوئی عدد معین نہیں ۔ قوت اطلاع مخبرین اور مظنہ سامعین اور قرب و قایع کو تقلیل عدد میں بڑا دخل ھے ۔ نیز متواتر میں نہ اسلام شرط سے نہ عدالت مگر یہ موجب تقلیل عدد ضرور ھیں ۔

اب میں ایك اور مسئلہ پر توجہ دلاتا ھوں اور وہ یہ ھے کہ اگر ایك تار کسی ملك سے ھم کو پہنچے تو اتنا ضرور یقینی امر ھے کہ جس ملك سے تار دیا گیا ھے وہ لفظاً لفظاً ھم تك پہنچا ھے اور یہ روزانہ کا تجربہ ھے ایسا ھرگز نہیں ھوسکتا کہ تار دینے والے نے تو تار اور دیا ھے اور پہنچا اور ۔ جو اشارات اس کے لئے متعین کئے گئے ھیں وہ منضبط اور با قاعدہ ھیں ۔ تجربہ اور قواعد اس

پر شاهد عدل هین مگر همکو صرف ایک تار سے اس کا یقین نهیں هوتا که تار دینے والے نے سچ کہا هے، جیسے ایک شخص کے کہنے سے پورا یقین نہیں هوتا۔ اگر مختلف مقامات سے بوقت واحد اتنے تار آئے هوں که ایک جهوٹی بات پر ان سب کا اتفاق کرلینا عقل باور نه کرے تو ظاهر هے که یه بهی خبر متواتر اور موجب یقین هے۔ مین نہیں سمجهتا که کوئی صاحب عقل سلیم اس کی مخالفت پر کربسته هوگا۔

اسکے بعد میں ایک اور مسئلے پر توجه دلاتا هوں۔ که ۲۴ گهنٹے مین افتاب کا پوری زمین کے اطراف گردش کر لینا بهی یقینی امر هے۔ تار کے ذریعے سے معلوم هوتا هے که هر ملک کا جدا وقت هوتا هے۔ کہیں دن هے کہیں رات کہیں صبح هے کہیں شام، کہیں دوپهر هے کہیں آدهی رات۔ میں نے خود اپنے سفر عراق و شام و فلسطین و حجاز میں ایک بالکل صحیح هشت روزه جیب گهڑی ساته رکهی تهی جسکو میں صرف کنجی دیدیتا تها گهٹاتا بڑهاتا نه تها۔ اس سے مجهے معلوم هوتا تها که میری گهڑی میں کچه اور وقت رهتا تها اور اس مقام میں کچه اور۔ اور بہت سے آدمی میرے تجربه کی اپنے تجربه سے تائید کرینگے۔ غرض که زمین کا کروی هونا اور آفتاب کا چوبیس گهنٹوں میں اس کے گرد پهرنا یقینی امر هے۔ اس سے انکار کرنا بالکل درست نہیں۔،،پس چوبیس گهنٹوں میں افتاب زمین کے گرد گهوم جاتا هے۔ تو بعید ترین مقام کا وقت ۱۲ گهنٹوں سے زیاده نہیں هوسکتا زیاده سے زیاده یه هوسکتا هے که کہیں صبح هے کہیں شام هے۔ کہیں دن کے باره بجے هیں اور کہیں رات کے باره۔ ایسا هرگز نہیں هوسکتا که کہیں جمعه کا دن هے اور کہیں یکشنبه یا دو شنبه کا دن اسی طرح یه بهی ممکن نہیں که کہیں پہلی تاریخ هو کہیں تیسری یا چوتهی تاریخ۔ ان قطعیات سے جو انکار کرنے کی جرات کرتا هے اس سے میری گفتگو نہیں۔ علم هئیات پر اعتبار نه کرنا جو هزارها سال اور مختلف مذاهب والوں کے تجربات پر مبنی هیں اتنا ناگوار نہیں جتنا ان کاروباری اور روز مره کے تجربات سے انکار کرنا اور کہنا که کہیں پہلی اور کہیں تیسری اور چوتهی بهی هوسکتی هے۔ متقدمین کے وسائل اطلاع محدود تهے، اب ریل هے، جہاز هے، هوائی جہاز هے تار هے لاسلکی هے جن سے علم صحیح حاصل هوسکتا هے۔ باوجود متواتر طور پر علم حاصل هوجانے کے انکار طریقۂ اهل علم نہیں۔

حدیث شریف میں جو فرمان واجب الاذعان هے۔ صوموالروية الهلال وافطروالرویته یا فان غم علیکم فاکملوا العدة اس کے یه معنے هیں که حضور رمضان یا شوال کا آگر تمکو علم نهین تو

مہینے کی تکمیل کر لو اور یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے سہولت اور عفو ہے کہ رمضان آگیا اور روزہ نہیں رکھا اور شوال آگیا اور روزہ رکھا۔ مواخذہ علم پر ہوتا ہے جب علم نہیں تو عفو ہے۔ اس کے ہرگز یہ معنے نہیں کہ اگر سال بھر ابر گھرا رہے تو تمام مہینوں کو تیس ہی کے سمجھا کرو۔ ان خیالات سے دامن اسلام پر تو کوئی دھبہ نہیں آتا۔ بلکہ انہی حضرات کا قول نہیں مانا جاتا جو حدیث شریف کے معنے خلاف واقع لیتے ہیں اور دنیا کے علم و یقین اور مشاہدات کے خلاف باور کرانا چاہتے ہیں۔

پس اگر فلک نما کے اسٹیشن سے ایک جگہ ایک تار اور کاچی گوڑے کے اسٹیشن سے ایک تار دوسری جگہ اور سکندر آباد کے اسٹیشن سے ایک تار تیسری ہی جگہ اور نام پلی کے اسٹیشن سے ایک تار ایک چوتھی جگہ اور بیگم پیٹھ کے اسٹیشن سے ایک تار پانچویں جگہ دیا جاے اور سب کا جواب ایک ہی آئے کہ چاند ہوگیا تو یہ خبر متواتر ہوجائیگی اور موجب یقین کیونکہ اتنے مقام کے لوگوں کا جھوٹ پر کمر باندھنا عقل کے خلاف ہے۔ واللہ اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب

هندوستان میں مغلوں کا قانونی

نظم و نسق

از

ابن حسن

(خاکہ)

اسلامی ریاست میں بادشاہ۔ اس کے فرائض، تحفظ شریعت، اور تحفظ رعیت
تحفظ شریعت کے دو پہلو، اور دربار سے علما کی ایک جماعت اور اس کے صدر کی
منسلک رہنے کی ضرورت۔ صدر اور اس کے فرائض۔ رعیت۔ مسلمان اور غیر مسلم قانون
میں سب کے لئے مساوات۔

مغلوں کی حکومت میں قانون اسکے حدود بہت محدود تھے۔ مسلمان مقننوں کا قائم کیا ہوا
قانونی نظم و نسق۔ دو خاص ذرائع۔ (الف) بادشاہ (ب) صدر (قاضی القضاۃ)۔ صدر، اسکا تقرر، مدت
ملازمت، اختیارات۔ ما تحت منصفوں کے تقررات۔ عدالت کی کارروائی۔ مفتی اور محتسب۔

مغلوں کا دستور۔ مسلمان قانون دانوں کے قائم کردہ دستور پر بالکل مبنی تھا۔ صدر اسکے
علاوہ شہر میں ایک اور منصف (میر عدل) تھا۔ مفتی، محتسب۔ قاضی صرف شہروں تک محدود نہ تھے۔

بادشاہ اور عدل۔ مغل بادشاہ بنفس نفیس عام درباروں میں منصفانہ فیصلے کرتے تھے۔
روزانہ صبح کو ہر شخص کی رسائی ممکن تھی۔ درخواستیں قبول کی جاتی تھیں اور ان پر غور کیا جاتا تھا۔
باقاعدہ عدالتی درباروں کے ہفتہ میں خاص دن مقرر تھے۔ شاہی سیر و سیاحت کی تیاریاں۔ بادشاہ
کس قسم کے مقدمات کی سماعت کرتا تھا۔

قانون تعزیرات کا نظم و نسق۔ حاکموں سے اسکی علاحدگی کا کہیں ذکر نہیں۔ صوبہ داروں
اور قاضیوں کا باہمی تعلق، اور ان کو قانونی عدالتوں کی نگرانی کے اختیارات۔

تعمیل | اسلامی قوانین کی سختی سے پابندی نہیں کی جاتی تھی ۔ نظائر پیش ہوتے تھے ۔

مغلوں | کے دستور کی اہم خصوصیات :۔

(۱) اسلامی قانون کی پابندی ۔
(۲) ریاست میں منصفوں کی حیثیت معمولی سی تھی ۔ اس کے وجوہ اس کے نتائج ۔
(۳) قانون میں مساوات ، سب کے لئے غیر جانبدارانہ انصاف ۔
(۴) قانونی چارہ جوئی کے لئے بہت کم مقدمات اور ان کے لئے بہت کم عدالتیں ۔ فیصلوں میں عجلت ۔ ایک ایسا دستور جو اس زمانے اور اس معاشرت کے لئے بہت موزوں تھا ۔

بادشاہ | ریاست کی ضرورت اور بادشاہت کا مقصد ، مسلمان قانون دانوں کے نقطۂ نظر سے تحفظ شریعت ، اور حفاظت رعایا ہے ۔

تحفظ شریعت | (قانون ، اسلام میں) دو پہلو رکھتا ہے : علم شریعت کی ترویج اور من حیث القانون سلطنت میں اسکا احیاء ۔ ان میں سے پہلی وجہ سے علماء کی ایک جماعت کا قیام جو درس و تدریس اور احیائے علم میں سرگرم رہے ضروری قرار پاتا ہے ۔ دوسری وجہ سے ان میں سے افضل ترین اور صالح ترین عالم کو بادشاہ کا مشیر سلطنت مقرر کرنا ضروری ہوجاتا ہے ۔ یہ علما قانونی اصطلاح میں بھی علما کہلاتے ہیں ۔ اور ان میں سے جس خاص عالم کا انتخاب کیا جاتا ہے آسکو شیخ الاسلام یا قاضی القضاۃ یا صدر کہتے ہیں [۱] ۔

---

[۱] سیاست نامہ نظام الملک صفحہ ۴۰ ۔ بادشاہ کا فرض تھا کہ ہفتے بھر میں ایک یا دو مرتبہ علما کو جمع کر کے ان سے مذہب اور اصول عدل پر گفتگو کرے جو علما اس طرح مشورہ کے لئے طلب کئے جاتے وہ بھی صدور کہلاتے ہیں ۔ اور ایک خاص عالم جو دائمی طور پر بادشاہ کی پیشی میں رہتا ہے صدر کہلاتا ہے ۔ ھندوستان میں یہ خطاب عام معنوں میں استعمال ہوتا رہا ہے ۔ مختلف زمانوں میں تینوں مذکورہ بالا خطاب استعمال ہوتے رہے ہیں ۔ بہر حال مغل اس عہدے کے لئے مستقل طور پر لفظ ،، صدر یا ،، صدرالصدور ،، کو استعمال کرتے رہے ہیں ۔

صدر مسلمان قانون دانوں کے قائم کردہ اصول کے اعتبار سے صدر بادشاہ اور رعایا کی درمیانی کڑی ہوتا تھا - وہ شرع کا علمبردار اور علما کا نقیب تھا۔ وہ بادشاہ اور رعایا دونوں کے لئے وہ ضروری تھا۔ بادشاہ پر اسکا ممکنہ احترام فرض تھا، اور ضروری تھا کہ وہ اس سے ہر مذہبی یا سیاسی معاملے میں مشورہ لے -

صدر کے فرائض سلطنت میں اسکی حیثیت پر اسکی وسعت عمل کا انحصار تھا:—
اسکے فرائض سہ گونہ تھے -

(۱) مسلمانوں میں کامل ترین عالم، اور مذہبی پیشوا ہونیکی وجہ سے وہ عوام الناس کی تعلیم، خیالات، اور اخلاق کی ایک طرح سے نگرانی کیا کرتا تھا - اور اسی حیثیت کی وجہ سے ریاست میں اسکا اثر بہت اہم ہوتا تھا - سلطنت کے علما کے نمائندے کی حیثیت سے وہ ایسی تمام باتوں سے بادشاہ کو آگاہ کرتا تھا جو مذہب کے مفاد کے مخالف یا منافی ہوں - ان معاملات میں بادشاہ خود رائی سے کام نہیں لے سکتا تھا -

(۲) چونکہ ریاست کا قانون، قانون اسلام پر مبنی تھا، اس لئے وہ محکمہ عدل کا بھی صدر ہوتا تھا، اور اس حیثیت سے وہ قاضیوں اور مفتیوں کے تقررات کا، اور انکے فرائض کی مکمل بجا آوری کا بھی ذمہ دار ہوتا تھا - اسی وجہ سے وہ تمام علما، فضلا اور طالبعلموں سے واقفیت رکھا کرتا تھا تاکہ اپنے محکمے میں حسب ضرورت عہددار فراہم کر سکے -

اس وجہ سے اسکی قوت اور زیادہ مستحکم ہوگئی اور اسے ملک کے نظم و نسق میں ایک خاص حیثیت حاصل ہوگئی -

(۳) بادشاہ اور رعایا کی درمیانی کڑی ہونیکی وجہ سے یہ اسی کا کام تھا کہ بادشاہ سے مستحق علما اور طالبعلموں کی سفارش کرے کہ انکو فکر معاش سے مخلصی حاصل ہو سکے۔ اسکے علاوہ اور جن معاملات میں ریاست کی مالی امداد کی ضرورت ہوتی انکی اطلاع بادشاہ کو دیتا۔ [۱]

---

[۱] اکبر کی حکومت کے ابتدائی زمانے میں علما کو زمینات عطا کرنے کے نہایت وسیع اختیارات حاصل تھے۔ لیکن محکمۂ امور مذہبی کی بد نظمی، اور اس گروہ علما سے اکبر کے قابل گرفت رویہ سے اکبر بہت متنفر ہوگیا اور صدرالصدور کے اختیارات بہت کم ہوگئے -

اس طرح دیوان (یعنی وزیر مالیہ و مالگزاری) سے بھی اس کا تعلق ہوتا تھا۔ اور اس وجہ سے اسکا اثر اور زیادہ بڑھ گیا۔

رعایا یہاں اسلامی نظریۂ ریاست پر بحث کرنے کی گنجایش نہیں اور نہ اسکا موقعہ ہے کہ آنکے قانونی دستور کو تفصیل سے بیان کیا جائے۔ صرف اتنا کہ دینا کافی ہے کہ اسلامی قانون رعایا کو دو طبقوں میں تقسیم کر دیتا ہے، مسلم اور غیر مسلم۔ اور بادشاہ پر یہ فرض عاید کرتا ہے کہ وہ اس امر کی نگرانی کرے کہ مسلم سچے مسلم رہیں، اور غیر مسلم آن تمام حقوق سے مستفید رہیں جو ذمی ہونیکی وجہ سے انکو دیئے گئے ہیں۔

جہاں تک ہندوستان کا تعلق ہے ان اصول پر حکومت کرنے کی دقتیں تیرھویں صدی ہی میں محسوس ہونے لگی تھیں۔ سلطان بلبن اور جلال الدین خلجی [۱] نے انکا کھلم کھلا اعتراف کیا ہے۔ مغلوں نے اپنے سے پہلے کی تین صد سالہ اسلامی حکومت کے تجربوں کو پیش نظر رکھکر ان اصول کی پابندی کی کوشش نہیں کی۔ اسلامی قانون گو غیر مسلموں کو مسلمانوں کے مساوی سیاسی رتبہ نہیں دیتا تھا، پھر بھی مساوی انصاف اور اسکے سوا امن اور حفاظت جان و مال کا ذمہ دار تھا۔ قانونی معاملات میں مسلمان مقنن دونوں طبقوں کو ایک نظر سے دیکھتے تھے۔ "عدل و انصاف پوری رعایا پر یکساں ہونا چاہئے۔ (جمیع رعایا) بادشاہ ظل اللہ ہے، اور خدا کا لطف و کرم مسلموں اور غیر مسلموں سب کے لئے یکساں ہے" [۲]۔ بادشاہ کو ظلم سے دست کشی کرنی چاہئے کیونکہ آنحضرت کا قول ہے کہ "مظلوم کی آہ خواہ وہ فقیر کیوں نہو بغیر مقبول ہوئے نہیں رہتی" [۳]

مغلوں کا قانون

انتظام عدالت میں دھلی کے سلاطین اسلامی قانون کی پوری پوری پابندی کیا کرتے تھے۔ مغلوں کے متعلق بھی یہی کہا جاسکتا ہے۔ اکبر کے متعلق البتہ یہ کہ سکتے ہیں کہ بعض بعض

---

[۱] تاریخ فیروز شاہی برنی۔ صفحہ (۷۰، ۷۱ اور ۲۱۷)۔ [۲] ذخیرۃ الملوک (مخطوطہ صفحات ۱۰۰ اور ۱۱۱)۔ [۳] آداب سلطنت (مخطوطہ صفحہ ۱۴)۔

موقعوں پر وہ اسلامی قانون سے ہٹ گیا ھے ، لیکن ایسے موقعے بہت کم ھیں ، اور ان کی حیثیت بہت معمولی سی تھی ، کیونکہ یہ کسی طرح نہیں معلوم ھوتا کہ اس کی پالیسی نے مسلمانوں کے قانونی نظم و نسق پر کوئی اثر ڈالا ھو ۔ چونکہ قوانین وراثت ۔ شادی اور طلاق کا تعلق مسلمانوں کے ایمان اور عقائد سے تھا اس لئے اس زمانہ میں ان قوانین میں کسی قسم کی تبدیلی یا اصلاح نہیں ھوسکتی تھی اور برٹش انڈیا میں بھی دو قوانین اس وقت بھی اسی شکل میں موجود ھیں

قانون تعزیرات اور قانون شہادت میں کبھی کبھی ترمیم کی جاتی تھی ۔ اور اکبر نے ایک سے زیادہ مرتبہ اس امر پر زور دیا کہ قاضیوں کو صرف گواھوں کے بیان پر اکتفا نہ کرنی چاھئیے بلکہ حقیقت سے آگاہ ھونیکے لئے دوسرے ذرائع کو بھی استعمال کرنا چاھئیے [۱] اور اس کے بعد کے جانشینوں نے اگر قانون کی حد تک نہیں، تو کم سے کم عمل کی حد تک اس اصول کو اختیار کیا ۔ اسی طرح بعض ایسے تعزیری مقدمات کا علم ھوتا ھے جن میں سزا دھی مین اسلامی قانون کی پابندی نہیں کی گئی تھی ۔

حدود قانون اس طرح پر جہاں تک کہ مسلمانوں کا تعلق تھا ، دیوانی مقدمات قانون شرع شریف کی رو سے فیصل کئے جاتے تھے ۔ قانون تعزیرات (ترمیم شدہ یا بغیر ترمیم کے) مسلمانوں اور غیر مسلموں کے لئے یکساں تھا ، اسی طرح قانون شہادت اور قانون معاھدہ دونوں کے لئے یکساں تھا ۔

برخلاف اس کے وراثت نکاح وغیرہ کے مقدمات میں ھندو قانون میں کسی قسم کی ترمیم ممکن نہیں تھی ، اور وہ ھندؤں کے لئے بدستور نافذ رھا ۔ اسلامی قانون کی حدود اس لحاظ سے بھی یکہ مختصر ھوگئیں کہ دیہاتوں کے قدیم ھندو نظم ونسق کو معہ ھندو اداروں کے بدستور برقرار رکھا گیا ۔ یہ مغلوں کی رواداری تھی کہ مذھبی اور معاشری اداروں (جن کی اس زمانے کے معاشی حالات میں خاص اھمیت تھی) میں دخل نہیں دیتے تھے ۔ مسٹر مکرجی نے اپنی کتاب Democracies In The East میں لکھا ھے ۔ کہ ھندو سیاسی مفکرین کے نزدیک سرکاری عہدداروں کو گاؤں میں مداخلت

---

[۱] اکبر نامہ جلد سوم ۔ صفحہ ۲۵۷ ، ۷۷۴ (قاسم بیگ تبریزی میر عدل لشکر کے نام نصیحت) اور صفحہ ۲۲۷ ۔

نه کرنا چاهئے ، اور هندو قانون کے مطابق عام حالات میں وہ اس وقت تک اندرونی معاملات میں دخل نہیں دیتے تھے جب تک که ان سے مشورہ نہیں لیا جاتا تھا ۔ نه موروی حکومت ، نه اسلامی حکومت ، اور نه اکبر یا اورنگ زیب کے مرکزی نظم ونسق اور نه انگریزوں کے دائمی بندوبست یا رعیت واڑی طریقے نے دیہاتی طبقوں کے روایتی حقوق میں دخل اندازی کی ۔ اور اب بھی وہ اسی طرح باقی هیں جیسے اوتھا شاستر (صفحه ۲۰۷) میں انھیں بیان کیا گیا هے ۔

اسطرح دیہاتوں اور انکی ستر فیصدی سے زیادہ آبادی کو چھوڑ کر ، حکومت کا ذمه دارانه عدالتی نظم ونسق صرف بڑے بڑے حلقوں یعنی :— پرگنے ، قصبات ، سرکار (اضلاع) ، صوبے کے مرکز اور دارالسلطنت کی حد تک موقوف تھا ۔

ان حلقوں میں بھی قانون وراثت ونکاح وغیرہ میں هندؤں کی حد تک انکے قوانین بر قرار رکھے گئے تھے ۔ بدایونی کا یه بیان که هندؤں کے مقدمات کی سماعت بھی هندو منصفین کرتے تھے ، اسی قسم کے مقدمات کے متعلق هوگا [۱] ۔ اسی طرح ابو منصرات کا یه قول که برهمن اپنی پنچایت سے عوام پر حکومت کرتے هیں ، دیہاتوں کے قانونی نظم و نسق کے متعلق هوگا [۲] ۔

قانونی نظم و نسق

مغلوں کے زیر حکومت ، سلطنت کے نظم و نسق کی بنیاد انہیں آئین پر تھی جو مسلمان قانون دانوں کے مقرر کردہ تھے اور اس کی ترکیب وهی تھی جو سلاطین دهلی نے قائم کی تھی ۔

اگرچه که مسلمان مقننوں میں اس امر میں اختلاف هے که بغیر قاضی کی مدد کے کس حد تک بادشاہ کو نظم و نسق عدل کا اختیار هے مگر اس بات پر سب متفق هیں که آسے بنفس نفیس قانونی مقدمات کی سماعت کا اختیار هے ۔ پھر بھی جمعیت علماء کا تقرر جو قانونی مسائل پر فتوے دے سکیں ، اور ان میں سے قابل ترین عالم کا قاضی القضاۃ مقرر کیا جانا ضروری تھا ۔ اس طرح انہوں نے نظم و نسق عدالت کے دو مرکز قرار دئے هیں ۔ بادشاہ اور قاضی القضاۃ ۔

---

[۱] البدایونی ۔ منتخب التواریخ جلد دوم صفحه ۳۵۶ ۔ [۲] ابو منصرات ۔ شرح صفحه ۲۱۹ ۔

قاضی القضاۃ بادشاہ اپنی رائے سے ، اور اپنی واقفیت سے کسی کو اس عہدے کے لئے نامزد کرے ۔ عہدے کی دعوت بادشاہ کی جانب سے ہوتی تھی ۔ اس عہدے کے لئے درخواست نہیں کی جا سکتی تھی ۔ تقرر کرنے والے (یعنی بادشاہ) کو اسے برطرف کر دینے کا بھی اختیار تھا ۔

مدت ملازمت مسلم قانون دانوں کے ایک گروہ نے قاضی القضاۃ کی مدت ملازمت کو بہت مختصر قرار دیا ہے ، بعض تو اس کے لئے ایک سال کافی تصور کرتے ہیں تاکہ وہ کسب علم کو فراموش نہ کرے ۔

اس کے اختیارات جب بادشاہ قاضی القضاۃ کا تقرر کر دیتا تھا تو پھر اپنے ماتحت قضاۃ کے تقرر کا اسے اختیار ہوتا تھا ۔ الماوردی نے اس سے اختلاف کیا ہے اور لکھا ہے کہ جب تک بادشاہ اسے یہ کہہ کے تمام اختیارات نہ دیدے کہ "میں تمہیں تمام معاملات میں قاضی قرار دیتا ہوں" اس وقت تک اسے اسقدر وسیع اختیارات حاصل نہیں ہو سکتے ۔

بادشاہ کو قاضی کے قانونی اختیارات مین دخل دینے کا کوئی حق نہ تھا ۔ وہ نہ یہ حکم دینے کا مجاز تھا کہ دارالسلطنت مین آسکی واپسی تک کسی خاص مقدمے کی سماعت ملتوی رہے ۔ اور نہ وہ کسی فیصلہ شدہ مقدمے کی ، جسکو قاضی اپنی صوابدید سے فیصل کر چکا ہو دوبارہ سماعت کرا سکتا تھا ۔

قاضی عسکر لیکن بادشاہ کو یہ اختیار تھا کہ فوج کے لئے ایک جداگانہ قاضی مقرر کرے ۔ مگر اس قاضی کے اختیارات صرف حدود متعلقہ تک محدود تھے ۔ قاضی عسکر ان مقدمات کی سماعت نہیں کر سکتا تھا جن میں طرفین میں سے کوئی فرد قاضی شہر کے علاقے کی حدود میں سکونت رکھتا ہو ۔ ہاں کبھی کبھی اسکو پورے اختیارات دے دیئے جاتے تھے کہ وہ ان مقدمات کی بھی سماعت کرے جن میں طرفین اہل مقدمہ میں سے ایک فریق اسکے حلقہ کا ساکن ہو ۔

شہر میں ایک سے زیادہ قاضی بادشاہ کو اسکا بھی اختیار تھا کہ وہ وقت واحد میں

ایک سے زیادہ قاضیوں کا تقرر کر سکے۔ لیکن اس صورت میں ان کے فرائض کی الگ الگ صراحت کردی جاتی تھی ۔

اس کے فرائض قاضی صرف منصف ہی نہیں بلکہ نگران کار محبس بھی ہوتا تھا، اور اپنے علاقے کے تمام اوقاف کا امین بھی وھی ہوتا تھا۔ اسکا فرض تھا کہ پابندی سے محبسوں کا معائنہ کرے اور قیدیوں کی حالت کی نگرانی کرے ۔

عدالتی کارروائی عدالت کا اجلاس کسی عام مقام پر اور عموماً مساجد میں [۱] ھوا کرتا تھا تاکہ غربا و مساکین آسانی سے اس تک پہنچ سکیں۔ اس کے ساتھ کاتب موجود رہتے تھے جو گواھوں کی شہادتیں قلمبند کرتے جاتے تھے، اور مترجم موجود رہتے تھے جو اس صورت میں کہ اھل مقدمہ یا گواھوں میں سے کوئی ایسی زبان بولتا ھو جو قاضی سمجھ نہ سکے، اس کا مفہوم قاضی کو سمجھاتے تھے ۔

فریقین اھل مقدمہ عدالت کی نظر میں یکساں تھے۔ اگر خود بادشاہ بھی فریقین میں ھوتا تب بھی عدالت کے آداب نشست میں کوئی تبدیلی نہ کی جاتی ۔

اگر مدعی عدالت میں بلا کسی تحریری درخواست کے حاضر ھوتا تو کاتب اس کے بیان کے ضروری امور کو مختصر طور پر لکھ لیتا اور پھر مدعا علیہ کو طلب کرتا ۔

جب دونوں فریق جمع ھوجاتے تب مقدمہ قاضی کے سامنے پیش ھوتا۔ مقدمہ اگر واضح اور قرین قیاس ھوتا تو اس کی سماعت ھوتی ورنہ خارج کردیا جاتا ۔

کارروائی کے دوران میں کاتب بیانات کو قلمبند کرتا جاتا اور قاضی غور سے مدعی کے بیان کو سنتا جاتا۔ جب بیان ختم ھو جاتا تو وہ کاتب کے قلمبند کردہ بیان کو پڑھ کر سناتا۔

---

[۱] علاءالدین خلجی کے زمانے میں قاضی مساجد میں بھی عدالت کیا کرتے تھے۔ مگر مغلوں کے زمانے میں یہ پابندی تھی کہ انھیں سرکاری مکانات میں اجلاس کرنا پڑتے تھے۔

اور اگر مدعی اس کو صرف بحرف صحیح تسلیم کرتا تو قاضی مدعا علیہ سے مخاطب ہو کر کہتا کہ فلاں شخص نے تمہیں اس الزام میں ملزم گردانا ہے ، تمہیں اس کے خلاف کیا کہنا ہے ۔ اقبال کرتے ہو یا انکار ؟ اگر وہ الزام سے انکار کرے اور اپنی بریت کے لئے کوئی بیان دے تو وہ بھی قلمبند کیا جاتا تھا ، اور اسے پڑھ کر سنایا جاتا تھا ۔ قاضی ان دونوں بیانوں کو سامنے رکھکر مقدمے کی تحقیق کرتا اور بجز اس صورت کے کسی مزید گواہ کے اظہار کی ضرورت ہو ، وہیں فیصلہ صادر کر دیتا ۔ اگر مقدمہ ثابت نہوتا تو وہ مدعی سے قانون شہادت کے تحت مزید واضح ثبوت طلب کرتا ۔ جب کوئی گواہ عدالت میں آتا تو قاضی اسے کسی قسم کی ہدایت نہیں کرتا جب کارروائی ختم ہو جاتی تو وہ حسب قانون فیصلہ صادر کرتا ۔

مفتی مفتی کا وجود لازمی نہیں تھا ۔ اگر قاضی خود فتویٰ دینے کا مجاز نہوتا تو وہ مقدمے کو مفتی کی طرف رجوع کرتا اور اس سے فتویٰ طلب کرتا ۔

محتسب اسلامی سلطنت میں ایک محتسب بھی ہوتا تھا جس کا کام صرف یہی نہیں تھا کہ وہ پولیس کے فرائض یعنی تجارت کے آلات وزن آلات پیمائش کی تنقیح کرے یا شراب خواری ، اور قمار بازی کا انسداد کرے بلکہ وہ مذہبی محتسب بھی ہوتا تھا ۔ اس حیثیت سے اس کے جو فرائض ہوتے تھے ان کو الماوردی نے حسب ذیل طریقے پر گنایا ہے ۔

(۱) یہ نگرانی اس پر فرض تھی کہ مسلمان پابندی سے نماز پڑھیں ، رمضان میں روزے رکھیں ، اور شراب سے پرہیز کریں ۔

(۲) انسداد گداگری بھی اس کا فریضہ تھا ، خصوصاً تنومند لوگوں کو وہ بھیک مانگنے سے باز رکھتا تھا ۔

(۳) وہ طبیبوں کے وثیقہ جات کی تنقیح کیا کرتا تھا تاکہ بہروپیے اس پیشے کو اختیار نہ کر سکیں ۔

(۴) غلاموں کی حالت کی نگرانی بھی اس پر فرض تھی اور وہ اسکا خیال رکھتا تھا کہ آقا غلاموں پر بہت زیادہ سختی نہ کریں۔

(۵) سفر کرنے والے جہازوں کی بھی وہ تنقیح کرتا کہ کہیں وہ اسقدر بوجھ نہ لادیں جو سنبھل نہ سکے یا وہ طوفان اور تیز ہوا میں سفر نہ کریں جس سے مسافروں کی جان خطرے میں پڑجائے

(٦) یہ بھی اس کا فرض تھا کہ وہ کوئی عمارت عام شاہراہوں پر بننے نہ دے۔ اور اگر بنائی جائے تو فوراً منہدم کرادے، خواہ وہ مسجد ھی کیوں نہو۔ [۱]

مغلوں کا نظم و نسق

مغلوں کے نظم و نسق کی تنظیم اسلامی مقننوں کے مقرر کردہ آئین پر مبنی تھی۔ بادشاہ قاضی القضاۃ کا تقرر کرتا تھا؛ جو صدرالصدور کہلاتا تھا۔ اور اس صدر کو ماتحت قاضیوں کے تقرر کا اختیار حاصل تھا۔ گو کہ بادشاہ کی اجازت بھی ضروری تھی۔ بادشاہ اپنے اختیارات سے ھر شہر میں ایک سے زیادہ قاضی کا بھی تقرر کرتا تھا، ھر بڑے شہر میں ایک قاضی اور ایک میر عدل ھوتا تھا۔ مغل فوج کے لئے قاضی عسکر کا بھی تقرر کرتے تھے، اور اکثر اسکے ساتھ بھی ایک میر عدل ھوتا تھا۔ مفتیوں کا تقرر التزام کے ساتھ نہ تھا۔ سلطنت کے معمولی حلقوں میں انکا ذکر بہت کم آتا ھے۔

محتسب اپنے مروجہ (پولیس کے اور اخلاق) فرائض کی انجام دھی کے دارالسلطنت اور صوبوں کے مستقر پر مقرر کئے جاتے تھے۔ مگر الموردی کے آئین کے بر خلاف سڑکوں اور جہازوں کی نگرانی یہاں ان پر فرض نہ تھی۔ محتسبوں کا تقرر بھی صدرالصدور کے وسیلے سے ھوتا تھا۔ [۲]

قاضی صرف شہروں کی حد تک محدود نہ تھے

عام طور پر، غلطی سے یہ باور کیا جاتا ھے کہ مغلوں کے زمانے میں صرف دارالسلطنت یا صوبوں کے مستقر یا دوسرے بڑے بڑے شہروں میں قاضیوں کا تقرر کیا جاتا تھا۔ لیکن مختلف منتشر مواد سے

---

[۱] یہ حصہ الموردی (احکام سلطانیہ) ھدایا اور سلطان الملوک پر مبنی ھے۔ مسودہ برٹش میوزیم میں یا ۲۳۳، جلدیں ۲٦ - ۴۱ - [۲] مراۃ احمدی۔ مسودہ برٹش میوزیم ۳۲۰

جو ابتک دستیاب ہوسکا ہے یہ مکمل طور پر ثابت ہوتا ہے کہ قصبات اور پرگنوں تک میں قاضی مقرر کئے جاتے تھے۔ صرف دیہات البتہ مستثنے تھے۔

ابوالفضل اس مبحث پر بالکل خاموش ہے۔ آئین اکبری میں عہدہ داران عدالت کے متعلق صرف دو جملے ہیں سلطنت میں صدرالصدور کی حیثیت کو وہ ان الفاظ میں بیان کرتا ہے۔ "قاضی اور میر عدل اسکے ماتحت ہیں" [۱]۔ اور ایک دوسری جگہ وہ لفظ میر داد کو صدرالصدور کی جگہ استعمال کرتا ہے اور لکھتا ہے "اسکا عناد اور خود غرضی سے پاک ہونا ضروری ہے۔ جس کی نظر میں نگہبان کی نظر کی وسعت و بلندی ہونی چاہئے۔ اور جو محض گواہوں اور قسموں پر اعتماد نہ کرے" [۲]۔ برخلاف اسکے مراۃ احمدی کے مصنف نے اس مسئلے پر تفصیلی روشنی ڈالی ہے۔ وہ لکھتا ہے۔ "صوبوں اور قصبات کے قاضیوں کا تقرر صدرالصدور کے ذریعے سے، دربار کی سند پر ہوتا ہے۔ اور وہ صوبوں کے صدور کے ذریعے سے جائزہ حاصل کرتے ہیں [۳]"، اس اہم ثبوت کے علاوہ (جو مغلوں کے صوبجاتی معاملات میں سند تسلیم کیا جاتا ہے) حسابات کی وہ مثلیں جو پرگنوں سے مرکزی حکومت کو بھیجی جاتی تھیں، یہی ظاہر کرتی ہیں۔ ان میں ایک مستقل مد اس انعام کی ہے جو قاضیوں کو عید کے موقوں پر دیا جاتا تھا [۴]۔ محکمۂ مالگزاری کا یہ دستور تھا کہ ہر پرگنے کے بازار کے چالو بھاؤ جو دارالسلطنت کو لکھکر بھیجے جاتے، ان پر مقامی قاضی کے دستخط ہونا ضروری تھے۔

لیکن قصبوں اور پرگنوں میں قاضیوں کے ساتھ ساتھ میر عدل کا ہونا ثابت نہیں ہوتا۔ اور اس زمانے کی معاشی حالت اور معاشرتی انتظام کو پیش نظر رکھتے ہوئے جس میں بہت زیادہ مقدمہ بازی کے امکانات نہیں تھے، ہر طرح سے یہ مان لینے میں کوئی امر مانع نہیں کہ میر عدل ان مقامات پر ہوتے بھی نہیں تھے۔

بادشاہ اور عدل

عدالت کے نظم ونسق کا دوسرا مرکز بادشاہ کا دربار تھا۔ مغل شہنشاہ، مسلم مقننوں کے

---

[۱] آئین۔ صفحہ ۱۹۸۔ مترجمہ میوزیم صفحہ ۲۶۸ — [۲] آئین اکبری صفحہ ۵۔ مترجمہ بیوریج صفحہ ۲۹۱ — [۳] مراۃ احمدی۔ ف ۳۲۰ — [۴] برٹش میوزیم مسودہ —

دیئے ہوئے حقوق کو مقدمات کی سماعت میں پوری طرح استعمال کرتے تھے۔ لیکن ان کی یہ خواہش اور فکر کہ وہ بنفس نفیس انصاف کریں اور ظالموں کے مقابلے میں مظلوموں کی داد رسی کریں اسوقت تک پوری نہیں ہوسکتی تھی جب تک کہ اس کا انتظام نہو تاکہ رعایا آسانی سے دربار شاھی تک پہنچ سکے جس طریقے سے اسکا انتظام کیا گیا تھا اسکا مفصل ذکر معاصر تذکروں اور اس زمانے کے یوروپین سیاحوں کے سفر ناموں میں موجود ھے ۔

مغل شہنشاہ نے کاروبار سلطنت کے لئے ایک مستقل نظام العمل مرتب کر رکھا تھا ۔ اکبر دن میں کم سے کم تین مرتبہ برآمد ہوکر مسلسل تین تین چار چار گھنٹوں تک بیٹھ کے کام کرتا ۔ جہانگیر نے بھی اس دستور کی پیروی کی ۔ اور شاہ جہاں نے اس کو اور زیادہ منظم بنادیا اور کام کے گھنٹے بڑھادئے تاکہ وسیع سلطنت کے بڑھتے ہوے کاروبار کو سرانجام دے سکے ۔

سب سے پہلی مرتبہ تو یہ سلاطین طلوع آفتاب کے وقت رعایا کو درشن دکھانیکے لئے برآمد ہوتے پھر اسکے بعد دربار عام ہوتا جس میں ھندو مسلم ، غریب امیر ، مرد عورت سب کو آنیکی اور اپنی تحریری عرضیاں اور اپنے مقدمات بادشاہ کے سامنے پیش کرنیکی اجازت تھی ۔ اکبر ایسے مقدمات کا وھیں فیصلہ کر دیتا اور وھاں تقریباً چار سے لیکر ساڑھے چار گھنٹے تک صرف کر دیتا اور شاھجہاں اڑتالیس منٹ کے عرصے میں صرف درخواستیں لے لیتا اور پھر مقدمات کی اھمیت کے اعتبار سے ایک کھلے ہوے دربار (جو دربار خاص و عام کہلاتا تھا) یا اپنے حجرۂ خاص میں فیصلے صادر کرتا تھا ۔

تیسرے پہر اور شام کو جو اجلاس [۱] ہوتے وہ صرف اہم تر سرکاری کاروبار کے لئے مخصوص تھے ۔ جن میں صرف وزرا اور عمائد سلطنت شریک ہوسکتے تھے ۔

---

[۱] یہ اجلاس ایک خاص کمرے میں ہوتے جو ,, غسل خانہ ،، کہلاتا تھا ۔ اکبر اور جہانگیر یہاں شام کو آتے ، لیکن شاھجہاں دربار سے واپسی ھی پر یہاں آتا اور یہاں زیادہ دو گھنٹے کام کاج میں صرف کرتا ۔ وہ اپنے بزرگوں کے برخلاف شاہ برج میں بہتر (۷۲) منٹ تک وہ ایک پوشیدہ اور مختصر سا اجلاس کرتا ۔ سہ پہر کے بعد کے اجلاس بھی شاہ جہاں کے عہد میں بدستور جاری رھے ۔ اور وھاں پر وہ عصر سے مغرب تک نشست رکھتا ۔ اپنے بزرگوں کی طرح وہ شام کو بھی دربار کرتا جو عشاء کے وقت تک جاری رھتا ۔ اور پھر کھانیکے لئے برخاست ھو جاتا ۔

طلوع آفتاب کے وقت درشن کی رسم اکبر کی ایجاد تھی۔ اور اُس کی بنیاد ھندوستانی ذھنیت کے مطالعے پر تھی۔ ’’جب بادشاہ جھروکہ کی کھڑکی میں نمودار ہوتا تو ھندوؤں کے گروہ کے گروہ جمع ہوجاتے تاکہ دن کے کام کاج کو وشنو کے دوسرے جنم لینے والے کی صورت دیکھکر شروع کریں،، [۱]۔ اُس کے بعد ھی جو دربار عام ہوتا اُس میں عوام الناس کو بادشاہ تك آسانی سے پہنچنے کا موقع ملتا۔ اور جس تلطف اور مہربانی سے اُن کی طرف توجہ کی جاتی اس کی وجہ سے ان کی ھمت بڑتی کہ وہ اپنے دل کی بات صاف صاف بیان کرسکیں، اور ملك کی سب سے طاقتور ھستی سے اپنے نقصانات کی تلافی حاصل کرسکیں۔

معاصر مصنفین یہ بیان کرتے ھیں کہ لوگ اس موقع سے پورا فائدہ اُٹھاتے تھے، اور مغلوں کے دور حکومت میں یہ رسم بہت مفید رھی۔ بدایونی لکھتا ھے۔ ’’لوگ جوق درجوق جمع ہوجاتے اور بہت چہل پہل ہوتی،، [۲]۔ دھایت نے جہانگیر کے زمانے میں بھی یہی دیکھا۔ ’’عوام الناس صحن میں جمع ہوجاتے ھیں۔ اُس کا (بادشاہ کا) بادشاہ سلامت کے نعرے سے استقبال کیا جاتا ھے۔ ان مواقع پر ھر اس شخص کو باریابی کا موقع ملتا ھے جو ایك تحریری عرضی لایا ہو۔ [۳]

شاھجہاں کے دور حکومت کا مورخ لاھوری شاھجہاں کے جھروکے میں نمودار ہونے اور روزانہ دربار کرنے کا حال لکھتا ھے۔ لوگ اپنی درخواستیں گذرانتے اور اپنے مقدمات پیش کرتے۔ محکمۂ عدالت کے منشی اُن کے خلاصے لکھ لیتے اور ان کو بادشاہ کے سامنے پیش کرتے [۴]۔

برنیز، اورنگ زیب کے زمانے کے حالات میں یہی لکھتا ھے۔ ’’تمام لوگ جو عرضیاں لیکر ’’عام خاص،، یعنی کھلے ہوئے دربار میں جمع ہوتے، بادشاہ کے سامنے لائے جاتے، مقدمات

---

[۱] ای۔ بی۔ ھیول۔ ’’History of Aryan Rule in India,, صفحات ۵۱٦ تا ۵۱۸ –

[۲] عبدالقادر بدایونی۔ جلد دوم صفحہ ۲۳٦ – [۳] دیھایت:۔ Dehaet

Empire of the Great Moghul .p 92,93,97) [۴] عبدالحمید لاھوری۔ بادشاہ نامہ جلد اول صفحہ ۱۴۳ و ۱۴۴ –

پڑھ کر سنائے جاتے ہیں، اور درخواست گذاروں سے بادشاہ خود مخاطب ہوتا ہے۔ اور اکثر ظلم رسیدہ درخواست گذاروں کی اسی موقع پر داد رسی کرتا ہے،، [۱]۔

عدالت کے مقررہ ایام اس انتظام کے علاوہ ہر شہنشاہ نے ایک نہ ایک دن محض عدالت کے لئے وقف کر دیا تھا جس میں اہم تر مقدمات کی سماعت ہوتی جن میں گواہوں کی شہادت یا جرم کی ضرورت ہوتی۔ اکبر نے اس کام کے لئے جمعرات، جہانگیر نے سہ شنبہ، شاہجہاں اور اورنگ زیب نے چہارشنبہ کو مقرر کیا تھا [۲]۔ اس دن کاروبار سلطنت بند کر دیا جاتا تھا۔ اور بادشاہ قاضی القضاۃ اور محکمۂ عدل کے دوسرے عہدہ داروں، اور ارباب فتویٰ کے ساتھ اجلاس کرتا۔ سوائے چند برگزیدۃ علما اور امرائے خاص کے جو ہمیشہ حاضر خدمت رہتے تھے عہداروں و امرائے سلطنت میں سے اور کوئی حاضر نہو سکتا تھا۔ محکمہ کے عہدہ دار درخواستگزاروں کو یکے بعد دیگرے پیش کرتے، بادشاہ غور سے انکی شکایت سنتا، نرم لہجے میں جرح کرتا اور اور علما کے فتاویٰ کے مطابق فیصلہ صادر کرتا [۳]۔

ایام سفر میں انتظامات جب بادشاہ کسی سرکاری دورے پر ہوتا یا تفریحا سیر کرنے لئے سفر کرتا تب بھی یہ انتظامات برقرار رہتے۔ تمام مغل شہنشاہوں میں جہانگیر اس انتظام عدل کا بہت پابند

---

[۱] برنیر۔ سفر نامہ صفحہ ۲۶۳ - [۲] جہانگیر نے ایک زنجیر طلائی گھنٹیوں کے ساتھ اسی مقصد کے لئے نصب کی تھی۔ کہ براہ راست مظلوموں کی شکایت سن سکے۔ ولیم فنچ نے (William Finch) جو سنہ ۱۶۱۰ میں آگرے گیا یہ زنجیر دیکھی تھی وہ اس دربار کے ایک طرف طلائی گھنٹیاں لٹکی ہوئی تھیں کہ اگر کوئی مظلوم عہداروں سے انصاف نہ پا سکے تو بادشاہ کی نشست کے وقت ان گھنٹیوں کو بجائے تاکہ وہ بادشاہ کے سامنے بلا یا جا سکے اور اسکی شکایت کی سماعت ہو۔ (پڑھو۔ Early Travels in India edited by William Foster P 184) برنیر لکھتا ہے کہ چہارشنبہ کے علاوہ ایک اور دن بھی بادشاہ خلوت میں معمول طبقے کے لوگوں سے جن کی عرضیاں ملاحظہ کرتا تھا۔ (صفحہ ۲۶۳) -

[۳] ابوالفضل اکبر نامہ۔ جلد دوم صفحہ ۲۰۷ - Hawkins: Early Travels (Foster) P.116 Dehast: Empire of Great Moghul P.93 لاہوری - بادشاہ نامہ جلد اول۔ صفحہ ۱۵۰ برنیر۔ سفر نامہ۔ صفحہ ۲۶۳ تراونیر (Travenier) سفر نامہ صفحات ۷۸-۷۹ -

تھا اور اس نے اپنی توزک میں جن مقدمات کا ذکر کیا ہے، وہ اسکے والد اور اسکے بیٹے کے عہد کے مقدمات سے تعداد میں بہت زیادہ ہیں۔

احمد آباد میں، جہاں کے لوگ کمزور اور رقیق القلب تھے اُس نے ایک مقام کو عدالت کے لئے انتخاب کیا جس میں دروازے یا چوبداروں یا نقیبوں یا کسی اور روکنے والی شے کا دخل نہ تھا۔ وہ خود لکھتا ہے "جس دن سے میں اس شہر میں داخل ہوا ہوں، باوجود یہاں کی سخت گرمی کے روز دو یا تین گھنٹے میں یہاں اجلاس کرتا ہوں، مظلوموں کی داد رسی کرتا ہوں، اور ظالموں کے لئے اُن کے ظلم کے سنگینی کے لحاظ سے سزائیں تجویز کرتا ہوں"۔ باوجود اپنی طبیعت کی ناسازی کے وہ برابر عدالت کرتا رہا۔ "روزآنہ میں باوجود انتہائی درد و تکلیف کے جھروکے میں جاتا ہوں، اور آرام و تن آسانی کو حرام سمجھتا ہوں"۔ شاہ جہاں نے بھی اپنے پنجاب، کشمیر کابل اور پشاور کے سفر میں اسی قسم کے انتظامات کئے تھے۔ برنیر نے اورنگ زیب کے زمانے میں بھی یہی حال دیکھا "بادشاہ ان عدالت کے اجلاسوں کو محاز جنگ پر بھی نہیں بھولتا تھا۔ یہ دستور قانون اور فرض سمجھا جاتا ہے، اور اُس کی پابندی میں شاذ و نادر ہی تعویق ہوتی ہے"۔

کس قسم کے مقدمات فیصل کئے جاتے تھے

دیوانی اور فوجداری دونوں قسم کے مقدمات بادشاہ کے سامنے پیش ہوتے تھے۔ وہ عدالت ابتدائی اور عدالت اپیل دونوں کے مقدمات فیصل کرتا تھا۔ اس زمانے کی تاریخوں میں فوجداری مقدمات کا ذکر زیادہ نظر آتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ ہندو اور مسلم قانون میں دیوانی مقدمات کی دیوانی مقدمہ بازی کی بہت کم گنجائش تھی جسکا پیشتر تذکرہ کیا گیا ہے۔ صرف پیچیدہ اور غیر معمولی مقدمات دربار شاہی تک پہنچتے ورنہ عام حالات میں اخراجات سفر ہی فریقین کو مرافعے سے روکتے تھے۔ برخلاف اس کے مغاوں کا ہمیشہ یہ دستور رہا کہ فوجداری جرائم کی سزا دہی کے اختیارات مقامی عہدہ داروں کو بہت کم دیئے گئے۔ اور اہم سزاؤں کے لئے بادشاہ کی منظوری ضروری تھی۔ اس زمانے کے نوشتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ صوبہ دار، یہاں تک کہ خود دارالسلطنت کے عہدہ دار سنگین سزائیں دینے سے ہچکچاتے تھے اور اہم تر مقدمات کو بادشاہ کے پاس بھیج دیتے تھے یہی وجہ ہے کہ ہر ہفتے سنگین سزاؤں کے مناظر یوروپین سیاحوں کو دربار میں نظر آتے تھے۔

مرافعے کے کوئی خاص آصول یا دستور نہیں تھے ، اور نہ عدالتوں میں اس قسم کا امتیاز تھا کہ درجہ بدرجہ مرافعے دربار تک پہنچیں ۔ لیکن عمل یہ تھا کہ دیوانی مقدمہ میں فریقین براہ راست بادشاہ کے پاس اپنا مقدمہ لے جاتے یا قاضی کے فیصلے کے خلاف مرافعہ کرنیکا حق حاصل تھا ۔ اسی طرح کسی فوجداری مقدمہ میں مجرم کو اس کا حق تھا کہ خود بادشاہ کے پاس مرافعہ کرے ۔ اور اسی طرح قاضی کو بھی اختیار تھا کہ چاھے مقدمہ کو خود سماعت کرے ، خواہ بادشاہ کے پاس بھجوادے خواہ کارروائی کسی درجے پر کیوں نہو ۔

جس قسم کے دیوانی مقدمات بادشاہ کے پاس آتے تھے ، یا منصفین اس کے پاس بھیجتے تھے ان کا اندازہ ذیل کی مثالوں سے ہوسکے گا ۔

جہانگیر کے جلوس کے پندرھویں سال لاہور کے قاضی اور میرعدل نے ایك مقدمہ دربار کو بھجوایا جس میں مسمی عبدالوھاب نے مسمی سید ولی کے بیٹوں سے اسی ھزار روپیے کا مطالبہ اس بنا پر کیا تھا اس کے باپ نے ان دونوں کے متوفی باپ کے پاس مذکورہ بالا رقم امانتاً جمع کردی تھی اور انکے پاس قاضی نوراللہ کی دستخطی دستاویز موجود تھی ۔ سید برادران نے اس معاھدے سے لاعلمی کا اظہار کیا عبدالوھاب نے قاضی کی عدالت میں اپنے دعوے کو ثابت کردیا اور قرآن پر قسم کھانیکو بھی تیار تھا ۔ جہانگیر نے دونوں منصفوں کو جنکی عدالت میں مقدمہ چل رھا تھا ۔ حسب قانون کارروائی کرنیکا حکم دیا لیکن مقدمہ کو معتمد خاں بخشی دربار نے سیدوں کی جانب سے دوبارہ دربار میں پیش کیا ، اور مقدمے کی پیچیدگی کی طرف توجہ دلا کر عرض کی کہ حقیقت مقدمہ تك پہنچنے میں زیادہ توجہ صرف کیجائے بادشاہ نے آصف خاں [۱] کو مقرر کیا کہ وہ مقدمے کی ھر تفصیل کو بغور جانچے اور اگر اس پر بھی مقدمہ صاف نہ ھو تو بادشاہ نے دونوں فریقوں پر جرح کرنیکا ارادہ ظاھر کیا ۔ اس پر مدعی ھراسان ھوگیا اور مقدمے سے دست کش ھونا چاھا اسکی اجازت نہیں دی گئی ۔ آصف خاں نے جو خود مقدمے کی سماعت کی ، مدعی نے جعلسازی کا اقبال کرلیا ، اور اس جعل کا الزام اپنے ایك ملازم پر رکھا ۔ اس سے

---

[۱] آصف خاں ، جہانگیر کی محبوب ملکہ نور جہاں کا بھائی ، اور نہایت بلند پایا امرا میں سے تھا ، اور ھمیشہ بادشاہ کے ھمرکاب رھتا تھا ۔

تحریری اقبال نامہ لکھا لیا گیا جو بادشاہ کے سامنے پیش کیا گیا۔ چونکہ مدعی جاگیردار بھی تھا اس لئے اسکی جاگیر ضبط کرلی گئی اور مدعا علیہم کو بعزت و احترام لاہور واپس جانیکی اجازت دیدی گئی۔ [۱]

شاہ جہان کے پاس ایک بہت دلچسپ مقدمہ آیا تھا، جس میں دو شخصوں میں ہو ایک لڑکے کے متعلق یہ امر متنازعہ فیہ تھا کہ ان میں سے ہر ایک اسکو اپنا بیٹا کہتا تھا۔ مقامی قاضی اور میر عدل نے مقدمے کی سماعت کی، فیصلہ صادر ہوگیا، مگر جسکے خلاف فیصلہ ہوا تھا وہ یہی کہتا رہا کہ لڑکا میرا ہے مقدمہ بادشاہ کے پاس بھجوایا گیا۔ شاھجہان کو پیش کردہ شہادت کی بنا پر فیصلہ منسوخ کرنے کی کوئی وجہ نہ معلوم ہوئی۔ لیکن اس نے فریقین کو آزمانے کا یہ ذریعہ سوچا اور یہ حکم دیا کہ لڑکے دو ٹکڑے کردیئے جائیں اور فریقین میں تقسیم کردئے جائیں۔ جس شخص کے حق میں عدالت ماتحت سے فیصلہ ہوا تھا وہ تو خاموش رہا لیکن دوسرا شخص کانپنے لگا اور چلا اٹھا " میں اپنے حق سے دست بردار ہوتا ہوں، بچے کو مت کاٹو، اس طرح سچ ظاہر ہوگیا، بچہ اسکو دیدیا گیا اور پھر مزید تفتیش سے بادشاہ کے فیصلے کی تصدیق ہوگئی۔ [۲]

شاہ جہان کے زمانے کے ایک اور مقدمہ کا نوشتوں میں پتہ چلتا ہے جس میں فریقین ہندو تھے۔ مقدمہ بہت پچیدہ تھا، اور باھمی معاھدے اور تجارتی حصہ داری کے متعلق تھا۔ یہ مقدمہ براہ راست دربار کو بھیجا گیا تھا جہاں اسکا فیصلہ ہوگیا مگر کسی خاص قانونی دقت کے باعث مقامی عہدار تعمیل نہ کراسکے، اور بادشاہ کے پاس پھر مرافعہ کیا گیا۔ اسی دوران میں فریقین میں سے ایک فوت ہوگیا اور اسکے بیٹوں نے متوفی کے سارے مال و متاع پر قبضہ کرلیا جس پر مدعی کے بھی حقوق تھے۔ قبل اسکے کہ کوئی اور کارروائی کی جاسکتی وھاں کے میر عدل کا تبادلہ ہوگیا، اور نیا عہدہ‌دار جو وھاں آیا اسنے اپنے آپ کو اس قضیے کے چکانے کے قابل نہ پایا۔ اس نے اس تحریر کے ساتھ یہ مقدمہ بادشاہ کے پاس بھجوادیا کہ مقدمہ بہت پیچیدہ اور بہت پرانا ہے اور اس پرگنے کے بقالوں کی چالاکی کی وجہ سے جو نہ تو حقیقت حال کا اظہار کرتے ہیں، اور

---

[۱] جب یہ مقدمہ اور فریقین اس کے پاس پہنچے ہیں تو جہانگیر کشمیر میں تھا۔ (توزک جہانگیری صفحہ ۳۰۶) [۲] چندربھان برھمن۔ بابرچمن (مسودہ برٹش میوزیم فولیو ۱۹، ۲۰)۔

نہ اس قضیے کو سلجھانے کی کوشش کرتے ہیں ، میں اپنے آپ کو بالکل مجبور پاتا ہوں ۔ اور اسی لئے فریقین کو دربار روانہ کرتا ہوں ۔

عدالت فوجداری کا نظم و نسق

جہاں تک عدالت فوجداری کا تعلق ہے ، وہ علحدگی جو حکومت اور عدالت کے عہدہ داروں میں دیوانی مقدمات کی حد تک تھی اس صورت میں نہ تھی ۔ صوبہ داروں کو سنگین سزائیں دینے کے اختیارات تھے گو عملاً ان پر بہت سی بندشیں تھیں ۔ صوبہ دار نہ صرف فوجداری مقدمات کی نگرانی کرتا تھا ۔ بلکہ خود فیصلے بھی کر سکتا تھا ۔ اس کا فرض تھا کہ ان مقدمات کی تفتیش کرے جو اسکے پاس پیش ہوں یا فوجدار (ضلعوں کے حاکم) اس کے پاس بھیجیں ۔ ان میں سے جو مقدمات شرع شریف کی حدود میں آتے ان کو وہ قاضی کے پاس بھیجدیتا ، جنکا تعلق مالگزاری سے ہوتا انکو دیوان کے پاس بھیجدیتا ، اور جو سیاسی جرائم ہوتے وہ خود اس کے اجلاس پر پیش ہوتے ۔ کوتوال شہر اس کا ماتحت ہوتا ۔ اس کو قید خانوں کے معائنے کا اختیار تھا ۔ اور وہ ان قیدیوں کو رہا بھی کر سکتا ، جسکو حراست میں رکھنے کی ضرورت نہ سمجھتا ۔

ایسے مقدمات میں اس کے اختیارات کا اندازہ اس مقدمے سے ہو سکتا ہے جس میں اورنگ زیب نے احمدآباد کے قاضی کو اس وجہ سے تنبیہ کی تھی کہ اس نے ان قیدیوں کو جو صوبہ دار کے حکم سے نقض امن کے جرم میں زیر حراست رکھے گئے تھے کیوں رہا کر دیا ۔

اسکا بھی پتہ چلتا ہے ۔ کہ صوبوں کے دیوان (یعنی محکمۂ مال و مالگزاری کے صدور) بھی صوبہ داروں کے ساتھ عدالتی تنظیم کے اس شعبے (فوجداری) پر نگرانی کیا کرتے تھے ۔ Pelsoert کا یہ قول کہ صوبہ دار ، دیوان اور بخشی روزانہ یا ہفتے میں چار بار منصفوں کے ساتھ

اجلاس کرتے ھیں جو صرف فوجداری مقدمات سے متعلق تھے [۱]

جس طرح دارالسلطنت میں بادشاہ فوجداری مقدمات کی نگرانی کرتا تھا اسی طرح صوبجات میں صوبہ دار اسکے نائب کی حیثیت سے نگرانی کرتا تھا۔ اور دیوان [۲] ۔ صوبہ دار اور قاضی دونوں کا ایك حدتك نگران تھا۔

قصاص آئین قصاص میں ھمیشہ اسلامی قانون کی پابندی نہیں کی جاتی تھی۔ اور جرم کی نوعیت، اور مقدمے کے حالات پر اسکا دارو مدار ھوتا تھا۔ ابو منصرات نے اکبر کے زمانے کی سزاؤں کے مختلف طریقے بھی بیان کئے ھیں۔ "جو کسی سنگین جرم کا ارتکاب کرتے تھے یا تو وہ ھاتھیوں سے کچلوا دئے جاتے تھے [۳] یا انکو سولی یا پھانسی دیدی جاتی تھی۔ زانی اور بدکاروں کا یا گلا گھونٹ دیا جاتا تھا یا پھانسی دیدی جاتی تھی۔ پھر بھی اس امر کا لحاظ رکھنا چاھئے کہ قاضی یا وہ منصف جو فوجداری مقدمات کی سماعت کرتے تھے اس قسم کی سزائیں تجویز کرنے کے مجاز نہ تھے ان کی سزائیں شرع شریف پر مبنی ھوتی تھیں، یا وہ ایسے مقدمات کو بادشاہ کے پاس بھیجدیتے تھے۔

---

[۱] Pelsoert Jahangir's India P57 [۲] ایك سے زیادہ مواقع پر اورنگ زیب نے دیوانوں کو ایسے مقدمات کی نگرانی اور دربار میں مسلسل انکی رپورٹ بھیجنے کا حکم دیا تھا۔ (مراۃ احمدی۔ صفحہ (۱۰۴) اور (۱۱۱))۔ [۳] ابو منصرات۔ شرح صفحہ ۸۰ تا ۸۲ ــ " ھاتھی مختلف کاموں کے لئے سدھائے جاتے ھیں اپنے مہاوتوں کی آواز کے پابند اور انکے مطیع ھوجاتے ھیں۔ گرہ کو باندہ یا کھول سکتے ھیں۔ کسی چیز کو ڈھکیل سکتے ھیں، اٹھا سکتے ھیں، اور پھر رکھ سکتے ھیں، اور الٹ سکتے ھیں۔ ناك پھیلا کر کھانس کے تنکوں یا سکوں کو اٹھا سکتے ھیں۔ یہاں تك کہ انکو ناچنا بھی سکھایا جاتا ھے مجرموں کو انکے پیروں کے نیچے کچلوا کر قتل کیا جاتا ھے۔ منصرات نے اکبر کے ایك دیوان شاہ منصور کو غداری کے جرم میں پھانسی پاتے دیکھا (صفحہ ۹۹) اور عہدہ دار تجارت کا زناکاری کی پاداش میں گلا گھونٹا گیا۔ بادشاہ کو بدکاری اور زناکاری سے اسقدر نفرت ھے کہ منت سماجت، اثرات، یا تاوان کی گراں قدر رقم کوئی چیز اسے معاف کردینے پر آمادہ نہ کرسکی (صفحہ ۲۱۰) ان دونوں مقدمات کا اکبر نامے میں بھی ذکر ھے۔

شاہ جہاں کے ہم عصر مورخ تغلب نے اس کو واضع طور پر لکھا ہے کہ اگر کوئی منصف شرعی حد سے متجاوز ہو کر سزا تجویز کرتا تو بادشاہ اسکو سزا دیتا ۔ (جلد اول صفحۂ ۲۰۲)

اعضا کی قطع و برید

ابوالفضل سزائے موت کا حامی نہیں ہے ، قطع اعضا کو وہ بمقابل ترجیح دیتا ہے جب کسی مجرم کے جرائم دوسروں کو ہراسان کردیں اور دھمکیاں ، سزائیں ، قید سب بیکار ثابت ہوں تب اسکو اسی عضو سے محروم کردینا چاہئے جس سے اس نے جرم کیا ہے ، یعنی آ سے اندھا کردینا چاہئے یا اسکے ہاتھ پیر قطع کردینا چاہئے ۔ لیکن بادشاہوں کو یہ نہیں چاہئے کہ کسی کی جان لیں ، اور محقق عارفیں جسم انسانی کو ایک عمارت کہتے ہیں جس کو خدا نے بنایا ہے ، اور اسی لئے وہ اسکو ضائع کرنیکی اجازت نہیں دیتے ۔

صوبہ داروں کو اسی اصول کی بنا پر حکمنامے بھیجے گئے تھے کہ وہ جب تک ہر پہلو سے غور و خوض نہ کرلیں سزائے موت نہ صادر کریں ۔

اکبر قطع اعضا کی سزا دینے میں بہت احتیاط کرتا تھا اور ابو منصرات نے اپنے قیام دربار کے زمانے میں اس قسم کا کوئی واقعہ نہیں دیکھا ۔ [۱] جہانگیر نے اپنے سنہ جلوس میں ایک فرمان نافذ کیا جس میں قطع بینی و گوش کی سخت مخالفت کی اور خود بھی عہد کیا کہ کسی کو یہ سزا نہ دے گا ۔ اپنی تخت نشینی کے چھٹے سال اس نے ایک اور فرمان نافذ کیا جس میں صوبہ داروں کو تاکید کی کہ وہ سزاً مجرموں کو بینائی سے محروم کرنا ترک کردیں ۔

نظم و نسق کی اہم خصوصیات

قانونی نظم و نسق کی اہم خصوصیات جن پر ان صفحات میں روشنی ڈالی گئی ہے یہ ہیں ۔

(۱) محکمۂ عدالت میں اسلامی طریقۂ نظم و نسق اور ایک حد تک اسلامی قانون مغلوں نے بدستور جاری رکھا ۔ حالانکہ آنکے سیاسی نظم و نسق کے کسی اور شعبے میں یہ اثر

---

[۱] اس نے ان آلات کی فہرست گنائی ہے جو جلاد کے پاس ہوتے تھے ، لیکن کسی کو ان آلات سے سزا نہیں دی گئی ، انکا مقصد استعمال سے زیادہ محض خوف دلانا تھا (صفحہ ۲۱۱) ۔

نظر نہیں آتا۔ اس مبحث پر اس مضمون کے ابتدائی حصے میں کافی روشنی ڈالی جاچکی ہے۔

(۲) محکمۂ عدالت کے عہدہ داروں کی معمولی حیثیت جو مرکزی حکومت کے دوسرے با اثر محکموں کے عہدہ داروں کے مقابلے میں بہت متضاد حیثیت رکھتے۔ اسکی پہلی وجہ یہ ہے کہ حکومت کو عدالتی نظم و نسق کا بہت کم موقع تھا کیونکہ

(الف) ہندو اور مسلم قانون میں تبدیلی کی گنجایش مطلق نہ تھی۔

(ب) دیہاتوں میں ملک کے پرانے دستور کو برقرار رکھا گیا تھا جہاں پنچایت ہی دیوانی اور فوجداری دونوں قسم کے مقدمات کا تصفیہ کرتی۔

(ج) قصبوں اور شہروں کی معاشری تنظیم۔ ''برادری'' کا دستور۔

(د) ہر قصبے میں لوگوں کا معاشی اور معاشرتی وجوہات سے ایک دوسرے سے اس قدر گہرا تعلق ہوتا تھا کہ چونکہ ہر ایک دوسرے کے حرکات وسکنات، عادات واطوار، اور طرز زندگی سے واقف ہوتا تھا، اور ہر خبر بجلی کی سرعت سے پھیل جاتی تھی، اور ذرا سی بد نامی خاندان بھر کے ناموس کو خاک میں ملا دیتی تھی اس لئے جرائم کا بہت کم ارتکاب ہوتا تھا، اور بلا کسی دقت کے فوراً مکمل تفتیش ہوسکتی تھی [۱] ان حالات نے حکومت کے محکمۂ عدالت کی مصروفیت عمل بہت محدود کردیں۔ شہروں اور قصبوں میں جو سرکاری عدالتیں تھیں وہی معدودے چند دیوانی یا فوجداری مقدمات کی سماعت کے لئے کافی تھیں۔

---

[۱] چوری۔ قزاقی، ڈاکہ زنی جیسے جرائم کے کرنے والے لوگ پیشہ ور مجرم ہوتے تھے جو مختلف گروہوں کی شکل میں ملک کے مختلف حصوں میں پھیلے ہوئے تھے۔ ان لوگوں کو حکومت امن کا دشمن سمجھتی تھی، اور کھلے میدان میں ان کا مقابلہ کر کے ان کا استقبال (استیصال) کیا جاتا تھا، اور یہ لوگ خود بھی مقابلے کے لئے تیار رہتے تھے، اور قانونی چارہ جوئی نہیں کرتے تھے اس صورت حال نے عدالت میں فوجداری مقدمات کی تعداد اور کم کردی تھی۔

(۳) حکومت کی اس پالیسی نے کہ مقدمہ بازی کی حوصلہ شکنی کی جائے نظام معاشرت کو برقرار رکھا جس نے اس پالسی میں امداد کی اور مختلف درجوں کی عدالتیں بھی قائم کی گئیں جو عام طور پر فریقین کو ہر ایک عدالت کے فیصلہ کے خلاف مرافعہ کرنے کی ترغیب دیتی ہیں۔

دوسری وجہ قاضیوں کے ادنٰی مراتب ہیں۔ اس نظام کی سب سے بڑی کمزوری جو ہر دور میں نمایاں رہی اور جسپر یوروپی سیاحوں نے بھی زور دیا ہے وہ قاضیوں کی ابتری ہے اور یہ زیادہ تر نتیجہ ہے اس طویل دور انتشار و انحطاط کا جو چودھویں صدی کے نصف آخر میں خاندان تغلق کے تحت سلطنت دہلی کی تباہی کے بعد شروع ہوا تھا۔ اکبر کو اپنی حکومت کے دیگر شعبہ جات میں بھی ان عناصر کا انسداد کرنا پڑا لیکن جو طریقہ اس نے مسلم معاشرہ کے اس خاص طبقہ کی اصلاح کے لئے اختیار کیا اس سے مطلوبہ مقصد حاصل نہو سکا۔ جب عدل گستری کو قاضیوں کے ہاتھوں میں علٰی حالہ برقرار رکھا گیا تھا تو چاہئے تھا کہ سررشتہ کی دیگر اصلاحات کے ساتھ ساتھ ان کے مراتب بھی بلند کئے جاتے لیکن اس کے برعکس اکبر نے نہ صرف ان کے مراتب گھٹادئے بلکہ وقار میں بھی کمی کردی یہی حالت اکبر کے جانشینوں کے زمانہ میں بھی رہی یہاں تک کہ خود شاہجہاں کے دور میں جس نے عہدہ داران حکومت کی تنخواہوں میں قابل لحاظ اضافہ کیا تھا قاضی اسلم جیسے ممتاز شخص کو صرف دس ہزار روپیہ سالانہ آمدنی کی اراضی دیگئی تھی اور شاہجہاں آباد (دارالسلطنت) کے قاضی خوشحال کو صرف پانچ سو جات کا رتبہ حاصل تھا۔

اکبر نے نظماء صوبجات کو یہ حکم دے رکھا تھا کہ وہ اپنے اپنے مستقر پر قاضیوں کی نگرانی کریں حالانکہ موخرالذکر سرکاری حیثیت سے صدر کے ماتحت تھے۔ اورنگ زیب نے بھی اس خصوص میں انکی کوئی قدر افزائی نہیں کی۔ اس کا بھی حکم تھا کہ قاضی ہر چہار شنبہ کو ناظم صوبہ سے ملا کریں (روز چہارشنبہ نزد ناظم صوبہ حاضر شوند)۔

بہر حال قاضیوں کو نہ قوت حاصل تھی اور نہ مرتبہ۔ انکی تنخواہیں کم تھیں اور عہدہ داران عاملہ اور رعایاء کے نزدیک انکی حیثیت اور بھی گری ہوئی تھی اس لئے کچھ عجب نہیں کہ یہ

سررشتہ موزوں افراد کی خدمات سے جو ان حالات میں عہدہ قضاۃ کو قبول کرنے کے لئے آمادہ نہ تھے محروم رہا ہو اور جو افراد کہ اسمیں داخل ہوئے ہوں وہ ان توقعات کو پورا نہ کر سکے ہوں جو ان سے وابستہ کی گئی تھیں اور رشوت ستانی پر اتر آئے ہوں تاہم اس سررشتہ پر اکبر کی نگرانی اور صوبہ جات میں قاضیوں کو نظماء کے ساتھ وابستہ کر دینے سے اچھے اثرات مترتب ہوئے اور بدعنوانیوں کا دائرہ بہت بڑی حد تک محدود ہو گیا جسکا ثبوت یہ ہے کہ ہر عہد میں چند افراد ایسے بھی ملتے ہیں جنکی صداقت راستبازی اور دیانت داری کا بادشاہ اور رعایاء دونوں احترام کرتے تھے ۔

(۳) مغلوں کے قانونی نظام کی نمایاں خصوصیت انکی سخت انصاف رسانی اور غیر جانبداری ہے ۔

انصاف کے آگے ہر شخص جھک جاتا ہے ۔ مساوات سے اکثر لوگ ڈرتے ہیں .... تاہم انصاف کو ارسطو بجا طور پر مساوات کی ایک صورت قرار دیتا ہے اس لحاظ سے انصاف میں غیر جانبداری کے دو معنی ہو سکتے ہیں (۱) قانون کا اطلاق غیر جانبداری اور ٹھیک ٹھیک مساوات کے ساتھ ان تمام صورتوں پر کیا جائے جو اس کی تعریف میں آتی ہیں لیکن قانون کے نزدیک مساوات کے معنی اس سے بھی آگے جاتے ہیں ۔ اسمیں قانون کا غیر جانبدارانہ استعمال کافی نہیں (۲) خود قانون کو بلالحاظ مذہب و ملت مرتبہ و نسل سب کیلئے یکساں ہونا چاہئے ۔ پروفیسر ہاب ہوز کہتا ہے کہ " قانون کے آگے مساوات کے معنی جیسا کہ ایک موجودہ زمانہ کا آدمی سمجھتا ہے یہ ہیں کہ نہ صرف قتل کی سزاء خواہ وہ کچھ ہو غیر جانبدارانہ طور پر نافذ کی جائے بلکہ سزاء سب کیلئے ایک ہو خواہ قاتل اور مقتول کوئی ہوں ۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ اس قانون کے تحت ہر شخص کے جسم و جان کی یکساں حفاظت ہوگی اور جو اس کی خلاف ورزی کریگا اس پر سزاوں کا نفاذ یکساں ہوگا "[۱] ۔ مغل شہنشاہ عدل گستری میں اس معیار کے مطابق بجا طور پر غیر جانبدار کہلا سکتے ہیں ۔ علاوہ نظری حوالوں اور شہنشاہوں کے اقوال کے جو تواریخ میں جا بجا ملتے ہیں اور جن پر مورخین نے زور دیا ہے ایسی حقیقی مثالیں پیش کیجا سکتی ہیں جنمیں

---

[۱] معاشری عدل کے عناصر مصنفہ ہاب ہوز صفحہ ۱۰۳ ۔

انصاف بالکل غیر جانبداری کے ساتھ کیا گیا۔ اکبر کی حکومت کے چوبیسویں سال اس کا ایک چہیتا گورنر اور بچپن کا ساتھی مصیبت میں آ گیا تھا اسطرح سے کہ اس نے ایک عامل (عہدہ دار مالگزاری) کو غلاب کے الزام میں گرفتار کر کے اپنے کسی خانگی ملازم کی تحویل میں دیدیا تھا اس ملازم کو عامل سے عداوت تھی اس نے عامل کا خاتمہ کردیا۔ اس پر گورنر نے حسب ضابطہ ملازم کے خلاف مقدمہ چلایا اور اس کو موت کی سزا دلائی لیکن معاملہ یہاں ختم نہیں ہوا۔ عامل کا باپ ایران سے آیا اور داد رسی چاہی۔ گورنر پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی تھی کہ وہ عامل کو گرفتار کر کے اس کے قتل کا باعث ہوا۔ جب اس کی خبر بادشاہ کو ہوئی تو اس نے عام عدالت میں مقدمہ کی تحقیقات کا حکم دیدیا اور گورنر کو بڑی مشکل سے متوفی کے والد کو شرعی خون بہا قبول کرنے پر آمادہ کر کے مقدمہ کا تصفیہ کرانا پڑا۔ اس موقع پر ابوالفضل نے بجا طور پر یہ ریمارک کیا تھا کہ "وہ ہز مجسٹی عدل و انصاف میں اجنب و اقرب، میں کوئی فرق نہیں کرتے اور نہ اعلیٰ سے اعلیٰ عہدہ دار اور معمولی سے معمولی بہکاری میں کسی امتیاز کو روا رکھتے ہیں" [۱]۔

اسیطرح سے اکبر نے گجرات کے ایک زبردست امیر چنگیز کو سپرد عدالت کرنے کا حکم دیکر سنسنی پھیلادی تھی جس پر متوفی کی ضعیف ماں نے قتل کا الزام لگایا تھا۔ چنگیز مجرم ثابت ہوا اور اس کو قتل کی سزا دیگئی [۲]۔

اسی طریقہ سے جب جہانگیر کو معلوم ہوا کہ سلطنت کے ایک قدیم گورنر سعید خان کے لوگ غرباء پر ظلم و زیادتی کرتے ہیں تو اس نے لکھہ بھیجا کہ "میرا انصاف کسی کے ظلم کو برداشت نہیں کرسکتا اور میزان عدل میں بڑے اور چھوٹے کا لحاظ نہیں ہوتا"، گورنر کو یہ تحریری اقرار کرنا پڑا کہ اگر اسکے لوگ آئندہ ظلم و زیادتی کرینگے تو وہ اپنا سر نذر کردیگا۔

---

[۱] اکبر نامہ حصہ سوم ص ۲۶۶ سال بست و چہارم۔ انگریزی ترجمہ ص ۳۸۷۔

[۲] اکبر نامہ۔ سال اول۔ انگریزی ترجمہ ص ۶۴۔ ضعیف اور بے وسیلہ ماں کو یہ خواب و خیال بھی نہ تھا کہ ایسے صاحب اقتدار شخص کو اس کے بد اعمالیوں کی سزاء ملیگی اس انصاف کو دیکھکر وہ متحیر ہوتی تھی۔

دوسری نمایاں مثال خان عالم کے بھائی کا مقدمہ ہے جو سلطنت کا ایک بلند پایہ امیر تھا۔ اسپر ایک معمولی شخص کے قتل کا الزام تھا جسکا نام کہیں نہیں پایا جاتا۔ بادشاہ نے اس پر مقدمہ چلایا اور موت کی سزاء دی؟ خود جہانگیر نے اس واقعہ کو اپنی یادداشتوں میں اس طرح نوٹ کیا ہے ،، اسکو (یعنی ہوشنگ ملزم کو) اپنے حضور میں طلب کر کے میں نے تحقیقات کی اور جب الزام ثابت ہوگیا تو اس کے قتل کا حکم دیا۔ خدا نکرے کہ ان معاملات میں امراء تو بجا شہزادوں کا بھی پاس و لحاظ کروں۔ مجھے امید ہے کہ اس معاملہ میں خدا میری مدد کریگا۔ (حاشا کہ دریں اوور رعایت خاطر صاحبزادہ نہ کردہ تا بہ امراء وساتر بندھا چہ رسد) ص ۳۳۳ سال ششدھم۔

عدل و انصاف کیطرف شاہجہاں کی توجہ بھی جہانگیر کی طرح ضرب المثل ہے اور اس صفت کو اس کے دور کے ہر مورخ نے نمایاں طور پر بیان کیا ہے۔ ھالم کا یہ ریمارک کہ مسلم بادشاہوں کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ وہ خاطیوں کے تدارک میں سخت انصاف سے کام لیتے ہیں ہندوستان کے مغل شہنشاہوں پر بھی صادق آتا ہے اور اس صفت کا بہت بڑا حصہ انمیں پایا جاتا تھا۔

قانونی مساوات اور غیر طرفدارانہ عدل و انصاف کے باوجود عدالتیں چند تھیں ضابطہ سادہ تھا اور انفصال مقدمات میں عجلت کیجاتی تھی [۱]۔ اس زمانہ میں نہ تو وکلاء تھے جو مقدمہ بازی پر زندگی بسر کرتے ہیں اور نہ ایک اعلیٰ پیمانہ پر منظم سررشتہ عدالت کے اخراجات کی پابجائی کیلئے گراں بار رسوم عدالت عائد کئے جاتے تھے۔ آیا یہ طریقہ اصولاً اچھا تھا یا برا یہ ایک ایسا بحث طلب سوال ہے جس کا جواب موجودہ زمانہ کے ماہرین بھی قطعیت کے ساتھ نہیں دے سکتے۔ لیکن اسقدر یقینی ہے کہ یہ نظام اس دور کے لئے جس میں وہ رائج تھا اور اس معاشرہ کے لئے جس کے لئے وہ مدون کیا گیا تھا موزوں تھا۔

---

[۱] سیاحت برنیر ص ۲۳۶۔ ان کے ہاں چند وکلاء ہیں اور چند مقدمہ اور یہ چند بھی بہت عجلت کے ساتھ طے کردے جاتے ہیں اگرچہ وہ اس صورت حال کو حق جا ئداد شخصی کی عدم موجودگی کا باعث قرار دیتا ہے۔

اردو شاعری میں ایہام گوئی

از

مولوی عبدالحق صاحب پروفیسر ادب آردو

صنائع بدائع ادب کا جز ہیں ، یہ ایک فطری چیز ہے ۔ کلام کا حسن بڑھانے کے لئے نہیں بلکہ اکثر اوقات مفہوم کو صحیح طور پر ادا کرنے کے لئے اس کی ضرورت پڑتی ہے ۔ لیکن جب صنعت کے ساتھ تصنع اور تکلف آجاتا ہے اور سوچ سوچ کر اور کوشش کر کے صنائع کو داخل کیا جاتا ہے تو کلام بے لطف اور مضحکہ خیز ہو جاتا ہے ۔ شعر شعر نہیں رہتا ، ضلع جگت ہو جاتا ہے ۔ اردو شاعری پر فارسی کا بہت بڑا اثر ہے بلکہ یوں کہنا چاہئے کہ یہ اس کی دست گرفتہ اور پروردہ ہے ۔ یہ صنائع ادبی جو ہمارے ہاں رائج ہیں سب وہیں سے آئے ہیں ۔ اردو شاعری میں تجنیس ، مراعاۃ النظیر اور ایہام وغیرہ کے بڑے دور دورے رہے ہیں ۔ خاص کر ایہام کا تو ایک خاص دور گزرا ہے ، جبکہ اس کا شوق خبط کی حد تک پہنچ گیا تھا اور ایہام ریختے کی ایک قسم قرار دے دی گئی تھی ۔ چنانچہ میر تقی میر نے جہاں ریختے کی قسمیں گنوائی ہیں وہاں ایہام کو بھی اس کی ایک قسم بتایا ہے ۔ فرماتے ہیں

"پنجم ایہام است کہ در شاعران سلف دریں فن رواج داشت ۔ اکنوں طبعہا مصروف ایں صنعت کم است ، مگر بسیار بشستگی بستہ شود"۔

اس کے بعد وہ ایہام کی تعریف کرتے ہیں ۔

"معنی ایہام اینست ، کہ لفظے کہ بر او بنائے بیت بود آں دو معنی داشتہ باشد یکے قریب و یکے بعید ؛ و بعید منظور شاعر باشد و قریب متروک او۔"

ایہام گوئی کا سارا دارومدار ذومعنی لفظ پر ھے۔ اور یہ کھیل اسی سے کھیلا جاتا ھے فارسی میں تکلفات کی کچھ کمی نہیں خصوصاً متاخرین نے اس معاملے میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی۔ لیکن باوجود اس کے فارسی شعرا نے غزل میں صنائع کے استعمال میں احتیاط سے کام لیا ھے اور اس کا استعمال اس حد تک نہیں کیا کہ وہ گران گذرے۔ اس لئے یہ خیال قرین صحت معلوم ھوتا ھے کہ اردو ایہام گوئی پر زیادہ تر ھندی شاعری کا اثر ھوا ھے۔ اور ھندی میں یہ چیز سنسکرت سے پہنچی ھے۔

سنسکرت میں اس صنعت کا نام شلیش ھے۔ شلیش ایسے لفظ کو کہتے ھیں جس کے کئی معنی ھوں۔ اس کی کئی قسمیں ھیں۔ لیکن خاص قسمیں دو ھیں، سبھنگ اور ابھنگ۔ سبھنگ وہ حالت ھے جبکہ لفظ سالم رھتا ھے اور ابھنگ وہ ھے جبکہ لفظ کے ٹکڑے کر کے یہ صنعت پیدا کی جاتی ھے۔

ھندی میں اس صنعت کو بہت فروغ ھوا اور اس کی لے یہاں تک بڑھی کہ بعض جدت پسند صاحبوں نے بہاری کے کلام سے طبی نسخے نکالے ھیں۔ ھندی میں اکثر شاعروں نے اس صنعت کو استعمال کیا ھے۔ مثلاً رحیم کہتا ھے

جیوں رحیم گتی دیپ کی کُل کپوت گتی سوے   بارے اجیارو لگے بڑھے اندھیرو ھوے

جیسے چراغ کی حالت ھے ایسے ھی خاندان میں کپوت کی حالت ھے جلانے پر اجالا ھوتا ھے اور بڑھانے پر اندھیرا۔

یہاں بارا کا لفظ ذومعنی ھے ایک معنے بچپن کے اور دوسرے جلانے کے۔ اسی طرح بڑھنا کے بھی دو معنے ھیں یعنے بچے کا بڑھنا اور چراغ کا بڑھنا یعنے بجھنا۔ آخری مصرعے کے دوسرے معنے یہ ھوے کہ بچپن میں بچہ اجالا ھوتا ھے اور جوں جوں بڑھتا جاتا ھے تو وہ اندھیرا ھوجاتا ھے بہاری لعل کا ایک شعر ھے

چر جیو جوری جرے کیوں نہ سنیہ گنبھیر   کو گھٹی یہ ورش بھانو جاوے ھلدھر کے ویر

(رادھا کرشن) کی جوڑی دیر تک قائم رھے۔ دونوں میں گہری محبت کیوں نہ ھو، دونوں برابر کی جوڑی ھیں۔ ایک ورش بھانو کی بیٹی ھے اور دوسرا بلرام کا بھائی ھے۔

یہاں ورش ہانوجا کے لفظ کو توڑ کر صنعت ایہام پیدا کی گئی ہے یعنی ورشبھ بمعنے بیل اور انوجا کے معنے چھوٹی بہن ۔ اور اسی طرح ھلدھر کے دو معنے لئے گئے ھیں ایک بلرام کا نام ھے اور دوسرا ھل دھر بمعنے بیل ۔ دوسرا مطلب یہ ھوا کہ ایک تو بیل اور دوسری بیل کی چھوٹی بہن ۔

رس خان کہتا ھے

گورس کے مس جورس چاھت سورس کانہہ جیو نیکو نہ پئی ھو

یعنے گئو کے رس کے بہانے سے جو رس چاھتے ھو وہ کشن جی تم کو نہیں ملے گا ۔ دوسرے معنے گورس کے دودہ کے ھیں ۔

اورنگ زیب ، بہادر شاہ اور ان کے بعد محمد شاہ کے عہد میں اگرچہ ھندی کے اعلیٰ درجے کے استاد بہت کم ھوے ھیں لیکن تعداد میں ھندی شاعر بکثرت پاے جاتے ھیں ۔ اور کمتر درجہ کے شعرا کا یہ قاعدہ ھے کہ وہ بجاے معانی کے الفاظ سے زیادہ کام لیتے ھیں اور طرح طرح کی صنعتوں سے اپنی دکان سجاتے ھیں ۔ ایسے اردو شعرا کے لئے جن کی رسائی بلند معانی تک نہ تھی اور جن کا تخیل بام رفعت تک پہنچنے سے عاجز تھا ، یہ چیز بہت للچانے والی تھی عہد محمد شاھی جس میں اردو شاعری کا چرچا عام ھوگیا تھا ، اس بارے میں خاص امتیاز رکھتا ھے ۔ اس دور میں چھوٹے بڑے سب شاعر ایہام گوی میں مبتلا پاے جاتے ھیں ۔ محمد شاھی دربار کے تکلفات نے اس قسم کی شاعری کو اور فروغ دیا ۔ اس گروہ کا سب سے بڑا معلم نجم الدین شاہ مبارک آبرو ھے ۔

آبرو گوالیار کے رھنے والے اور سراج الدین علی خان آرزو کے شاگرد تھے ۔ ابتدای جوانی سے شاھجہان آباد میں آگئے تھے ۔ انہیں ایہام گوئی کا ایسا چسکا پڑ گیا تھا کہ گویا بغیر اس کے شعر سوجھتا ھی نہ تھا ۔ طبیعت شوخ پائی تھی اس لئے اور کھل کھیلے ۔ مضمون بگڑتے بگڑجاے ، متانت رھے یا نہ رھے لیکن ایہام ھاتھ سے نہ جاے ۔ شعر گوئی ایہام کے مترادف ھوگئی تھی ۔ تمام ایہام گو شعرا کی یہی روش ھے ۔ لفظ کی خاطر یہ بزرگ سوقیانہ پن اور فحش گوئی سے بھی نہیں چوکتے ۔ آبرو کا دیوان اس صنعت سے مالا مال ھے ۔ چند شعر نمونے کے طور پر لکھے جاتے ھیں ۔

آج عاشق کی بے نصیبی ھے کہ تم آس پاس سیں چلے ھو بھاگ

بھاگ کے دوسرے معنے نصیب کے بھی ھیں -

دعویٰ ھے جس کوں شعر کی قوت کا آبرو — مضموں کا بوجھ آ کے اٹھاوے ھمن کے نال

نال کے ایک معنے تو ساتھ کے اور دوسرے معنے ھیں پتھر یا لکڑی کا کندا جسے پہلوان زور آزمائی کے لئے اٹھاتے ھیں -

اس کی کنجی زبان شیریں ھے — دل مرا قفل ھے بتاشے کا

"بتاشے کا قفل" کے معنے چھوٹے قفل کے ھیں -

تشنہ ھوں دلربا کی صورت کا کس کو دیکھوں — حیران ھوں ندیکھا کوئی آبرو پیاسا

پیاسا یعنے پیا جیسا اور دوسرے معنے تشنہ کے ھیں -

سن کے چرچا غیر نیں جا کر چھچھوندر چھوڑ دی — گھر جلا عاشق کا ان لوگوں کا کیا ٹوٹا ھوا

چھچھوندر ایک آتش بازی ھے اور چھچھوندر چھوڑنا یعنے شگوفہ چھوڑنا۔ ٹوٹا کے معنے ایک تو نقصان کے ھیں دوسرے ایک آتشبازی کے ھیں -

جان ھر جائی نہو جا یا نکر تو جا بجا — مان جا بیجا نجا جاتا ھی ھے تو جا بجا

جا بجا یعنے ھر جگہ اور جا بجا یعنے معقول جگہ جا -

آبرو کے ھم عصر اور شاگرد بھی ایہام گوئی میں شہرت رکھتے ھیں۔ ان میں سے چند کا ذکر کیا جاتا ھے -

محمد شاکر ناجی دھلی کے رھنے والے اور ایہام گوئی کے دلدادہ تھے۔ آبرو کے ھم عصر تھے -

تری نگاہ کی کثرت سے اے کمان ابرو — ھمارے سینہ پہ تودہ ھوا ھے تیروں کا

اس شعر میں تودہ ایک تو عام معنوں میں ھے یعنے ڈھیر اور دوسرے معنے اس مٹی کے ڈھیر یا ٹیلے یا کچی دیوار کے ھیں جس پر تیر اندازی کی مشق کی جاتی ھے -

موجی ھے اپنے دل کا مچھی ندے کہے سے — اور اب مخالفوں نے وہ بات ھی ڈبوئی

مچھی کے ایک معنے تو مچھلی کے ھیں اور دوسرے معنے بوسہ کے ھیں -

ترے غنچہ دھن کی دیکھ لالی   امیٹھے تھا کلی کے گوش مالی

اس شعر میں "گوش مالی" سے ایہام پیدا کیا گیا ہے۔ ایک تو یہ کہ مالی کلی کے گوش (کان) امیٹھتا تھا۔ دوسرے گوش اور مالی کے لفظوں کو ملا کر "گوشمالی" بنایا گیا ہے جو مضمون سے مناسبت رکھتا ہے۔

شرف الدین مضمون بھی اسی زمانے کے شخص ہیں۔ اگرچہ آگرہ کے قریب کے ایک قصبے کے رہنے والے تھے، لیکن ابتدائے جوانی سے دھلی میں آگئے تھے اور وھیں انتقال کیا۔

ایک تو تھا ھی وہ مہرو خود پسند   ہو گیا دیکھ آرسی کے تئیں دو چند

یہاں ایہام چند کے لفظ سے پیدا کیا گیا ہے جس کے معنے چاند کے بھی ہیں۔

نہیں ہیں ہونٹھ تیرے پان سے سرخ   ہوا ہے خون میرا آ کے لبریز

اس میں لبریز کے جز لب سے ایہام پیدا کیا گیا ہے۔

میاں آبرو کے ایک اور معاصر مصطفٰی خاں یکرنگ ہیں، وہ بھی اس صنعت سے خوب کام لیتے ہیں۔

لب شیریں سے تلخ کاموں کو   بولنا تلخ کام ہے تیرا

اس شعر میں ایہام کام کے لفظ میں ہے۔

اب تو تمہیں نباھے ھی ھم سے سجن پڑے   ھم سب طرف سے ھار تمہارے گلے پڑے

ایک تو ھار کے معنے ھار کر ھیں اور دوسرے گلے کا ھار۔

امروھے کے ایک صاحب سعادت علی تھے وہ بھی اس رنگ میں کہتے ہیں۔

اھل زر کے سیم تن ہوتے ہیں رام   صید ہو ہیں جس جگہ دیکھے ہیں دام

پپیہے کی طرح دارو کے شیشے   زبان حال سے کہتے ہیں پی پی

میر سجاد اکبر آباد کے تھے اور بہت خوش گو شاعر ہیں، لیکن جب کبھی موقع ملتا ہے تو ایہام گوئی سے نہیں چوکتے۔

ساقی بغیر جام کے جیو کا بچاؤ نہیں — جوں نیل مست آوے ہے ابر سیہ پلا

پلا ایک تو پینے سے ہے اور دوسرا پالنا ہے۔

مقبول اس جہان کا ہرگز غنی نہ دیکھا — راجا وہی ہے جو کوئی یہاں سے گیا ہے رانا

رانا کے ایک معنے رانده کے ہیں اور دوسرے معنے راجا کے ہیں۔

جان و دل سے قبول ہے جانا — ہر گلی میں تیری مجھے آنا

جانا یعنے اے جان۔

قاتل کی تیغ آگے جاتے ہیں ہم ندھڑک کے — ہرگز ہمارے دل میں سر کا نہیں ہے دھڑکا

ہر سادہ رو مخطط ہونے کی دھن رکھے ہے — لیکن کوئی نکالے تیرا سا خط تو لکھ دیں

لکھ دیں کے ایک معنے تو عام ہیں دوسرے معنے یہ ہیں کہ ہم شرط کرتے ہیں۔

آبرو کے ایک ہم عصر میاں احسن اللہ ہیں انہیں بھی ایہام کا لپکا ہے

یہی مضمون خط ہے احسن اللہ — کہ حسن خوبرویاں عارضی ہے

حاتم خاص دلی کے رہنے والے تھے۔ مشہور شاعر ہیں۔ اکثر سخنوروں کی صحبت پائی تھی آبرو اور ناجی کے ہم عصر اور ہم کلام تھے۔ شاگرد بھی بہت سے تھے منجملہ ان کے مرزا رفیع سودا ہیں۔ ابتدا میں انہیں بھی ایہام کا بہت شوق تھا۔

مثال بحر موجیں مارتا ہے — لیا ہے جس نے اس جگ سے کنارا

ہجر میں زندگی سے مرگ بھلی — تا کہ سب مل کہیں وصال ہوا

نظر آوے تھا بکری سا کیا پر ذبح شیروں کو — نجانا میں کہ یہ قصاب کا رکھتا ہے دل گردا

دل گردا یعنے ہمت یا حوصلہ

خاصے سجن کا ملنا نہ سکہ ہے عاشقاں کا — گاڑھے رقیب سارے روتے ہیں ہاتھ مل مل

مضمون کے ایک شاگرد محمد عارف تھے، وہ بھی ایہام گوئی میں طبع آزمائی کرتے تھے۔

دختر رز کو کہہ کہ آس سے ملے ورنہ عارف افیم کھاتا ہے

"افیم کھاتا ہے" یعنے اگر دختر رز (شراب) نہ ملی تو وہ افیم کھانی شروع کر دے گا۔ دوسرے معنے یہ ہے کہ اگر دختر رز نہ ملی تو افیم کھا کر جان دیدے گا۔

کمترین اگرچہ قوم کے پٹھان تھے مگر ایہام گوئی کی صنعت انہیں بھی مرغوب تھی۔

تیری انگیا میں کیا بلا کچھ ہے جن نے دیکھا وہ ہاتھ ملتا ہے

ہاتھ ملنے سے ایہام پیدا کیا گیا ہے۔

تم شاہ پسند ہو ہم کمترین تمہارے کے بیر ہم کو دو کے نازک بدن پیارے

شاہ پسند اور نازک بدن بیروں کی قسمیں ہیں۔ بیر کے دوسرے معنی باری کے ہیں۔

یہ مقصدی نہیں ملتے اگر بھانڈوں سے ذاتوں میں تو کیوں پیسے کماتے ہیں نقل کر کر براتوں میں

نقل اور برات کے الفاظ میں ایہام ہے۔ برات کے ایک معنی تو معروف ہیں اور دوسرے معنے حساب کے کاغذ وغیرہ کے ہیں۔

مصطفیٰ خاں یکرنگ کے بھائی دلاور خاں ہمرنگ (نیرنگ) بھی اسی رنگ کے شعر کہتے تھے

سدا بیدار رہ غفلت سے ہو ترش مثل مشہور ہے سویا سو چوکا

سویا اور چوکا دونوں ساگ ہیں۔ چوکا میں ایہام ہے، یہ ترش ہوتا ہے۔

اسی زمانے میں شاہ مزمل بھی ایک ایہام گو شاعر ہوئے ہیں۔

من ہرن میرا مزمل ہو گیا دشمنوں کے من کے چیتے ہو گئے

صلاح الدین عرف مکھن و پاکباز کا رجحان طبعیت بھی اس طرف پایا جاتا ہے۔

بہیں ندیاں مرے آنسو سے جو میں ہجر میں رویا کہے ہے ساری بستی ہائے مکھن نے ہمیں کھویا

اس میں کھویا اور مکھن کی مناسبت سے ایہام پیدا کیا ہے۔

مضمون کے ایک شاگرد فضل علی دانا بھی صنعت ایہام کے شائق معلوم ہوتے ہیں۔

دل میں ہر ایک کے سودا ہے خریداری کا یوسف مصر مگر تو ہی ہے اے یار عزیز

ان کا ایک دوسرا شعر ہے۔

نہ چاٹے خون کو جس روز میرے اُس کے فاقا ھے   رگِ گردن سے میری اُس کے خنجر کو علاقا ھے

یہاں علاقے کے لفظ میں ایہام ھے۔ علاقہ اُس گھنڈی دار ڈوری کو کہتے ھیں جو تلوار یا خنجر کی موٹھ میں لگی رھتی ھے۔

شاہ ولی اللہ اشتیاق کا شمار بھی انہیں شاعروں میں ھے۔

دوبالا ھو کے مخموری عبث آنکھوں کو ملتا ھے   پیالا اور بھی پی لے سجن یہ دور چلتا ھے

یہاں "چلتا ھے" ذو معنی ھے۔ یعنے جاری ھے اور رخصت ھوتا ھے۔

اسی عہد میں اس طرز کے اور بھی کئی شاعر گزرے ھیں۔ مثلاً یکرو شاگرد آرزو، محمد اسمعیل بیتاب شاگرد یکرنگ، شہاب الدین ثاقب، محمد مراد، عاجز وغیرہ یہ سب لوگ اس صنعت پر فریفتہ تھے۔

پوشاک، خوراک، تعمیر غرض زندگی کے ھر شعبے کے متعلق ھر عہد میں کوئی نہ کوئی جدت ایسی نکل آتی ھے جس کا عام رواج ھو جاتا ھے۔ کوئی ذھین یا صاحب اثر شخص اس کی ابتدا کرتا ھے اور بیسوں اس کے مقلد اور پیرو پیدا ھو جاتے ھیں۔ یہی چیز رفتہ رفتہ فیشن ھو جاتی ھے اور اس عہد کا ذوق کہلانے لگتی ھے۔ ادبیات میں بھی یہی ھوتا ھے۔ چنانچہ عہد محمد شاھی میں ایہام گوئی ایک فیشن ھو گئی تھی۔ لوگوں کو اس کا ایسا چسکا پڑ گیا تھا کہ ایہامی شعروں کی سب سے بڑھ کر داد ملتی تھی۔ اس لئے چھوٹے بڑے شاعر سب اُسی طرف ڈھل گئے۔

ایہام کے استعمال میں ان لوگوں نے طرح طرح کی نزاکتیں پیدا کی ھیں۔ مثلاً

مشابہت صوت۔ یعنی دو لفظ ھیں تو مختلف لیکن بولنے میں اُن کی آواز یکساں ھے، اس سے بھی ایہام پیدا کیا ھے۔ جیسے

یکرنگ پاس اور سجن کیا ھے کچھ بساط   رکھتا ھے دو نین جو کہو تو نظر کرے

اس میں نظر اور نذر کی مشابہت صوت سے ایہام پیدا ھوتا ھے۔

باد صبا سے زلف معطر کی ھم تلک   مدت ھوئی کہ پہنچی نہیں ھے خبر اتر

حسرت شاگرد مظہر کا شعر ھے۔

کب کرے میرے عشق کو آرے   اس کو تو ھم سے عار آتا ھے

آرے یعنی بالے ۔

کبھی دو مختلف لفظوں کو ملا کر ایہام پیدا کیا جاتا ھے ۔ جیسے

(حسرت)
ھوئی ھے کل سے گم کیلی مرے طالع کہاں کیونکر [۱] نجومی فتحیابی اس سیاہ کو کب کو کو کب ھے

اس شعر میں کو کہو کا بگاڑ ھے اور کب سے مل کر کوکب ھو گیا ۔

دل رشک کی جلن سیں پھپو لا ھوا پیا کیوں غیر سیں بلا کے کہا تم نیں آب لا (آبرو)

،، آب لا ،، یعنی آبلہ ۔

تیرے غنچہ دھن کی دیکھ لالی اینٹھے تھا کلی کے گوش مالی

گوش اور مالی دو جدا جدا لفظ ھیں ، ان کے ملنے سے گوشمالی ھوا جس سے ایہام نکلتا ھے ۔

بعض اوقات لفظ کے ایک جز یا کسی قدر تغیر و تبدل سے ایہام کی صفت پیدا کی جاتی ھے ۔ جیسے

وہ پختہ کار کب پڑھتا ھے نامہ نہیں پکا کہ اوں میں ھاتھ خامہ

خامہ کے جز خام سے ایہام پیدا کیا گیا ھے ۔

لب سیں ھر مصرا ھوا ھے اوسکا مصری کی ڈلی آبرو نیں شعر میں جب سیں سرا ھے تیرے ھونٹ

مصرع کو مصری کی مناسبت سے مصرا کر دیا ھے ۔

نہیں ھیں ھونٹھ ترے پان سے سرخ ھوا ھے خون ھمارا آ کے لبریز (مضمون)

لبریز کے جز اول لب سے ایہام پیدا کیا گیا ھے ۔

یہ سچ ھے کہ رواج میں برے بھلے کی تمیز نہیں ھوتی اور ذوق کے معاملے میں چون چرا کی گنجائش نہیں ، لیکن جس چیز کی بنا حقیقت پر نہیں اُسے پائیداری نصیب نہیں ھوتی ۔ ایہام کا دور دورہ کچھ دنوں تو خوب رہا ، مگر آخر کو مردود ٹھیرا اور نئے سخنور اسے غیر فطرتی

---

[۱] بمعنے کنجی

سمجھ کر اس سے کنارہ کش ہونے لگے۔ چنانچہ قائم اپنی بیزاری کو ان الفاظ میں ظاہر کرتا ھے ,, این ستم کہ شاعران ابتدائی زمانۂ محمد شاہ باعتقاد خود تلاش الفاظ تازہ و ایہام نمودہ شعر را از مرتبۂ بلاغت انداختند تا بمعنی چہ رسد ، غرض نا گفتہ بہ ،،۔ سب سے پہلے اس طلسم کو مرزا جان جاناں مظہر نے توڑا۔ چنانچہ مصحفی اپنے تذکرے میں لکھتے ھیں —

,, در دور ایہام گویان اول کسے کہ شعر ریختہ بہ تتبع فارسی گفتہ اوست ،،۔ اس کے بعد لکھتے ھیں ,, فی الحقیقت نقاش اول ریختہ باین و تیرہ باعتقاد فقیر مرزاست ، بعدہ تتبعش بہ دیگران رسیدہ ،، [۱] —

قدرت اللہ شوق اپنے تذکرے میں لکھتے ھیں —

,, دیگر بیند اول کسے کہ طرز ایہام گوئی را ترک نمودہ ریختہ را در زبان اردوے معلی شاھجہان آباد کہ الحال پسند خاطر عوام و خواص وقت گردیدہ مروج ساختہ ، زبدۃ العارفین قدوۃ الواصلین واقف رموز حجاب اکبر کاشف کنوز طریقۂ پیغمبر مرزا جانجاناں متخلص بہ مظہر مردے است فرشتہ صفت عاوی نسب .....،، [۲] —

حکیم ابو القاسم میر قدرت اللہ قاسم اپنے تذکرہ مجموعۂ نغز میں اس بارے میں یوں رقم پرداز ھیں —

,,حق این است کہ ایجاد طرز و انداز وے نمودہ و اندراس رویۂ ایہام دوئی ساز وے فرمودہ،، [۳] -

مرزا صاحب کی نفاست طبع اور سلامت ذوق کے سب قائل ھیں۔ وہ نہایت خوش تقریر ، نازک مزاج اور صاحب کمال بزرگ تھے ۔ فقر و درویشی میں جو اعلیٰ مرتبہ انہیں حاصل ھے ، شاعری اور خوش گوئی میں ان کا درجہ اس سے کچھ کم نہیں ۔ آن کے گوناگوں کمالات کی وجہ سے کسب فیض کے لئے دور دور سے لوگ ان کی خدمت میں حاضر ھوتے تھے ۔ اور شاعری پر ان بڑا احسان ھے ۔ انہوں نے اردو شاعری کو ایہام کی دلدل سے نکال کر خوش گوار فضا میں پہنچا دیا۔

---

[۱] تذکرہ ھندی صفحہ ۳۰۲ [۲] تذکرہ .... قلمی [۳] مجموعۂ نغز جلد دوم صفحہ ۹۸ ؛ —

اُن کے کلام اور اُن کے ذوق کے اثر سے دلی کی شاعری کا رنگ بالکل بدل گیا ـ

یہی وجہ تھی کہ اُس وقت کے شعرا ایہام گوئی ترک کر کے سیدھے رستے پر پڑ گئے ـ علاوہ اُن کے شاگردوں (مثلاً یقیں ، حزیں ، فقیہ دردمند ، حسرت وغیرہ) کے دوسروں نے بھی اُن کا اتباع کیا ۔ یہاں تک کہ کہنہ سال اور کہنہ مشق شاعر حاتم بھی پرانی روش سے دست بردار ہو گیا اور اس نے اپنے کلام سے اس قسم کے اشعار خارج کر کے ایک مختصر دیوان ،، دیوان زادہ ،، کے نام سے مرتب کیا ۔ اس کے بعد سے ہمارے شعرا ایہام گوئی سے بیزاری ظاہر کرنے لگے ۔ حاتم کہتا ہے ـ

کہتا ہے صاف و شستہ سخن بس کہ بے تلاش حاتم کو اس سبب نہیں ایہام پر نگاہ

سودا کا شعر بھی اس کی تصدیق کرتا ہے ـ

یک رنگ ہوں آتی نہیں خوش مجکو دورنگی منکر سخن و شعر میں ایہام کا ہوں میں

لیکن اس کا چسکا ایسا پڑ گیا تھا کہ خود مرزا صاحب علیہ الرحمہ کے شاگرد جو نئی طرز کے بانی ہوئے ہیں کبھی کبھی پرانے رنگ میں شعر کہہ جاتے تھے ـ مثلاً

مجھے پالا مشیت کے جو پالے میں پڑا جب کا لرزتا تب سیں ہوں سردی سیں رہتا ہوں رضائی میں (یقیں)

رضائی کا لفظ اس شعر میں مشیت کی رعایت سے آیا ہے یعنے رضا کی مناسبت کے لئے ـ

سونے سے سونا ہوے دل سونا نہ منگ حق سیں یقیں جس کو خدا کا شوق ہے سونا کرے سونا طلب

،، سونا کرے ،، یعنے وہ نہ کرے ـ

کب کرے میرے عشق کو آرے اُس کو تو ہم سے عار آتا ہے (حسرت)

سن پت نرھگی تیری ٹھٹھہ تیں مجھ سیں مت کر صورت تری نہ دیکھوں تجھ بارہا کہا ہوں (حسرت)

اس میں حسرت نے ایہام کی کئی صورتیں استعمال کی ہیں ـ

سن پت ایک مقام کا نام ہے اور پت کے معنے عزت کے بھی ہیں ـ اسی طرح ٹھٹھہ مقام

کا نام بھی ہے اور دل لگی کے معنے میں بھی آتا ہے ۔ صورت میں سورت (شہر) سے مشابہت آواز پائی جاتی ہے ۔ بارہا ایک مقام کا بھی نام ہے ۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ لوگوں میں اس کا شوق بھی پھر بھی کچھ کچھ باقی تھا ۔ میر کا یہ شعر خلاف واقعہ نہیں بلکہ اس کی کچھ اصلیت پائی جاتی ہے ۔

کیا جانوں دل کو کھینچے ہیں کیوں شعر میر کے ۔ کچھ طرز ایسی بھی نہیں ایہام بھی نہیں

خیر یقین اور حسرت نے تو اسی دور میں پرورش پائی تھی جس میں ایہام گوئی کا جنون تھا ، اگر انہوں نے چند شعر اس رنگ میں کہ دیے تو کچھ مضائقہ نہیں ، لیکن عجیب بات یہ ہے کہ سودا اور میر حسن جیسے باکمال اور حقیقی شاعر بھی اس سے نہیں بچے ۔ میر حسن فرماتے ہیں ۔

مجھ جل جاؤں گا میں رشک سے مت دیکھ آئینہ ۔ دکھاتے غیر کو منہ آرسی تجھ کو بھی آئی نا

مژگاں سے جھاڑتے ہیں جو اس گلی کے تنکے ۔ رہتے ہیں ہم دوانے روز ازل سے تنکے
اک دم میں بھوت ہیں وہ اک دم میں ہیں فرشتہ ۔ ہم آشنا ہوئے ہیں دو چار دن سے جن کے

کیا ڈھنگ ہوویں اب کے دیکھیں تیرے حسن کے ۔ صحرا کو پھر یہ نکلا مجنوں کے حال بن کے

سودا کے اشعار ملاحظہ ہوں ۔

حکاک کا پسر بھی مسیحا سے کم نہیں ۔ فیروزہ ہووے مردہ تو دیوے ہے وہ جلا
دبکے ہے اس قدر تو مجھے دیکھ کر رقیب ۔ چوہے کی سانت جائے ہے نظروں سے یہ بلا
غم سے خزاں کے خون جگر چھٹ اب اے نسیم ۔ غنچے گلوں کے کچھ نہیں کھاتے انہیں کھلا

اے لالچی تو کیسہ غیروں کا مت ٹٹولے ۔ جو کچھ تو چاہے یک شب مجھ پاس آ کے سولے
انصاف کچھ بھی یا رو ہے عشق کے نگر میں ۔ دل غم سے آب ہووے اور چشم موتی رولے
دھقان پسر وہ ہم سے یوں صلح کب کرے ہے ۔ بوٹوں کے کھیت اوپر جب تک نہ جنگ ہولے

لیکن سودا کے ذوق کی داد دینی پڑتی ہے کہ کہنے کو تو وہ یہ دو غزلیں کہہ گئے لیکن دونوں کے مقطعوں میں اس کلفت کو دور کردیا جو ان غزلوں کے پڑھنے سے ہوتی تھی ۔

ھو شاد اس غزل سے روح آبرو کی سودا   تو اس زمیں میں نادان طور اپنا کیوں نہ بولے

اور اس کے بعد ھی وہ دوسری غزل اس بحر اور قافیے میں اپنے رنگ میں لکھتا ھے تاکہ الزام رفع ھو جائے۔ دوسری غزل کا مقطع یہ ھے۔

اسلوب شعر کہنے کا تیرا نہیں ھے یہ   مضمون و آبرو کا ھے سودا یہ سلسلا

سودا نے اسطرح اپنی بریت کرلی۔ میر صاحب بھی کبھی کبھی اس صنعت کے پھند سے میں آپھنستے ھیں۔ لیکن ان بزرگوں کا کبھی کبھی دو چار اس قسم کے شعر کہہ دینا یا تو محض اتفاق ھے یا بغرض تفنن، اس لیے ان کو اس سے بری سمجھنا چاھئے۔ لیکن لکھنؤ کی شاعری میں ایك دور آتا ھے جس میں شعرا نے صنائع کا استعمال اس افراط اور بے اعتدالی سے کیا ھے کہ دور محمد شاھی بھول جاتا ھے۔ لیکن یہ تاریخ ادب اردو کا دوسرا باب ھے جس کا ذکر ھم پھر کبھی کریں گے۔

صنعت ایہام جب التزام کے ساتھہ برتی جاتی ھے تو شعر شعر نہیں رھتا تك بندی ھو جاتا ھے۔ جس دور کا ھم نے ذکر کیا ھے وہ اردو شاعری پر ایك بد نما دھبا ھے۔ لیکن انصاف شرط ھے، اس ضمن میں ایك فائدہ بھی ھوا ھے۔ ایہام گو شعرا نے اس دھن میں الفاظ کی جستجو میں ساری زبان کو چھان مارا اور اپنی زبان اور بول چال کے وہ وہ الفاظ تلاش کرکے نکالے جن سے ھمارا ادب کبھی روشناس نہیں ھوا تھا۔ ان بزرگوں کا کلام محقق زبان اور لغت نویس کے لیے ایك بے بہا ذخیرہ ھے۔ گو یہ فائدہ ضمنی ھے لیکن ایك لحاظ سے بہت بڑا فائدہ ھے اور ھمیں ان بزرگوں کے احسان کا اعتراف کرنا پڑتا ھے۔

The following from Radhakrishna's *Philosophy of Rabindranatha* will, we are sure, help the reader to understand Veda rightly. ' Nature is not antagonistic to spirit—it is there for the purpose of being used by the spirit. It is fuel for the flame of the spirit. The Taittiriya Upanishad calls matter *annam* or food, a means for the manifestation of spirit-energy. Only through Nature can spirit realise itself. If we adopt the right attitude to Nature we feel the pulse of spirit throbbing through it. A true seer sees in natural facts spiritual significance. The poetic temper hears the voice of spirit crying a loud in nature...Water does not merely cleanse his limbs but it purifies his heart: for it touches his soul. The earth does not merely hold his body but it gladdens his mind: for its contact is more than a physical contact, it is a living presence. When a man does not realise his kinship with the world, he lives in a prison-house whose walls are alien to him. When he meets the eternal spirit in all objects then he is emancipated, for then he discovers the fullest significance of the world into which he is born, then he finds himself in perfect truth and his harmony with the All is established. By the help of the *Gayatri* verse, the epitome of all the Vedas, we try to realise the essential unity of the world with the soul of man; we learn to perceive the unity held together by the One Eternal Spirit whose power creates the earth, sky and the stars, and at the same time irradiates our minds with the light of a consciousness that moves in unbroken continuity with the outer world' (pp. 18–19). Rabindranatha is a modern poet: the Vedic Rishis were poets of the most ancient times. 'O grant my prayer that I may never lose the bliss of the touch of the One in the play of the many' says Rabi, and the Vedic Rishi prayed ' Ever conscious of abiding in Thee may we be always of blissful, happy, joyous mind'. Rabindranatha tells men 'to meet the eternal spirit in all objects' but Vedic Rishis practised this throughout their lives meeting the Eternal Spirit in rain and sunshine, in storm and calm, in wind and fire, in rivers and mountains, in plants and waters, in the whole of Nature and beyond it. The whole trend of the Veda, the entire spirit of the Veda, and the chief purpose of the Veda is to teach man how to meet the Eternal Spirit in everything in nature, how to substitute God in the place of Nature, how to be ever conscious of the presence and power, glory and grace, beauty and benignity of God whenever he looks at the beauteous face of Nature! Yet these same ancientmost poets who were the first to perceive, proclaim and teach the Immanence of God as well as His transcendence—these great souls who by their example first showed how to see God in everything and everything in God are regarded as the most worldly while they are really the most spiritual of men by modern scholars who admire Geeta and Rabindranatha!!

PRINTED AND PUBLISHED BY V. M. PHILIP, AT THE DIOCESAN PRESS, MADRAS—1934. C1315

give place to one of praise and appreciation of Veda. We lay the blame of attacking Veda not upon Geeta but upon its admirers who have misinterpreted praise as scorn trying to place Geeta above Veda, Smriti above Shruti, the Word Remembered above the Word Revealed. We attribute this misinterpretation to their prejudice against Veda due to their ignorance of the real nature of that ancient-most Scripture as the most spiritual and deepest revelation of God to man. Geeta which re-echoes and amplifies the Isha and other Upanishads which themselves expound some of the spiritual truths found in Veda which from beginning to end teaches man to see and realise God in everything and everything in God—Geeta which is thus only a second-rate reflection of some Vedic Ideals is, in the eyes of these biassed interpreters of Geeta, greater and higher than Veda; just as Krishna son of Vasudeva and Devakee, a human being however great he may be, is, in their view, greater and higher than the Supreme Being, God. We have shown above that just as in the Veda many Rishis, impersonating Devas, such as Indra, speak as their representatives; so Krishna, imitating those Rishis, and impersonating God, speaks in Geeta as representing God. Not knowing this the commentators and translators of Geeta have raised Krishna, a human being after all, above God Himself just as later on Buddhists raised the Buddha above Brahma, the Supreme Being.

In section VII we have taken up for consideration the points of difference between Veda and Geeta which, although few, are of far-reaching significance and value. One point, for instance, is the unique method of condensation which we find nowhere else but in Veda alone and according to which one and the same mantra conveys four-fold meaning embracing the four planes of matter, mind, morals and spirit (or the inorganic, organic, and super-organic including the social and spiritual planes). This one point is of such great value that it has given rise to other points of difference some of which we have noticed in that section. Another important point of difference is that of outlook on Nature and world which are regarded by Veda as the necessary field serving as a proper training-ground for the discipline and development of Jeevas (individual souls) so that they may attain to perfection and divine bliss of immortality. Geeta does not appear to follow this Vedic doctrine fully and consistently as in some places it upholds it but in other places seems to go against it. We must study Nature, says the Veda, before we can learn anything about ourselves and God. Geeta is not so very clear on this point as Veda. Whereas in Veda, Nature and World are regarded as quite necessary for the full development, discipline and training of Jeevas (living beings), in Geeta they are looked down as at best something like a necessary evil to be got rid of as soon as possible—essentially a pessimistic view of life which is altogether absent in the Veda. The almost celestial freshness and glow of enthusiastic outburst of joy with which Vedic Rishis greet the sight of Nature and her brilliant phenomena called Devas (the Benign Bright Ones) is so unique and characteristic of Veda that we in vain seek for it in Geeta or anywhere else in the literature of the World. To the great havoc caused by the Flood coming in between Veda and all the other ancient remains of literature that have come down to us, may to some extent be attributed this refreshingly unique feature of Vedic Optimism. But we cannot explain it wholly in this way, for although Veda contains no reference to the great Flood and is therefore interglacial (pre-Flood) still natural calamities other than the deluge were not unknown to Vedic Rishis, as Veda refers to frequent geologic, atmospheric and seismic disturbances of great power causing loss and destruction to life and property. Thus the absence of a pessimistic view of life in Veda is to be, or rather has to be, ascribed to the pure undiluted lofty form of Monotheism which the Vedic Rishis not only professed but lived in their holy lives. For a firm belief in God cannot but be optimistic through and through in outlook. Pessimism cannot live and thrive in a mind in which is rooted a strong faith in God. The Vedic Rishis who loved God dearly did also dearly love His Work the world as also their duty towards it and God.

New Testament. But now it has been established beyond doubt that the doctrine of Bhakti, like many other Geetaic doctrines, can be traced, step by step, to the Veda, and that if there was any borrowing at all between the two, then, probably the New Testament was the borrower through Buddhism from Hinduism. In this cannettion the following quotations from Prof. Macdonel, Radhakrishnan and Dr. Bhandarkar will show how the Geetaic doctrine can be traced to Veda:—

Prof. Macdonel says—'Varuna's character in the Veda resembles that of the divine Ruler in a monotheistic belief of an exalted type.' Prof. Radhakrishnan in his Indian Philosophy says—'The Theism of the Vaishnavas and the Bhagavatas with its emphasis on Bhakti is to be traced to the Vedic worship of Varuna with its consciousness of sin and trust in divine forgiveness. The Vedas assume a very close and intimate relationship between men and gods. The life of man had to be led under the very eye of God. The Vedic religion does not seem to be an idolatrous one, there were then no temples for gods. Men had direct communion with gods without any mediation. They were looked upon as friends of their worshippers; Father Heaven, Mother Earth, Brother Agni—these are no idle phrases. Religion seems to have dominated the whole life. The dependence on God was complete. The people prayed for even the ordinary necessities of life: "Give us this day our daily bread" was true to the spirit of the Vedic Aryan. It is the sign of the truly devout nature to depend on God for even the creature comforts of existence. As we have already said we have the essentials of the highest theism in the worship of Varuna. If Bhakti means faith in a personal God, and for Him dedication of everything to His service and the attainment of Moksha or freedom by personal devotion surely we have all these elements in Varuna worship. Sin in the Vedas is alienation from God. The will of God is the standard of morality. Human guilt is shortcoming. We sin when we transgress God's Law. The gods are the upholders of Rita, the moral order of the world. The law of which Varuna is the custodian is called Rita. It stands for Law in general and the immanence of Justice'. Now we give Dr. Bhandarkar's views:—'Thus the Bhagavadgeeta is the result of the development of the religious and philosophic speculation that prevailed before the rise of Buddhism... And during the period when the Rig Veda poetry was composed love for God or gods was often an abiding sentiment in the heart of the poet as is evident from the words "Dyaus is My Father, Aditi is father, mother, son. Be gracious to us as a father to son." In this manner all the points that constitute the monotheistic religion of the Geeta are to be found in the older religious literature.' From all this we see that Geeta is pre-Buddhistic and has got most of its doctrines from Veda, as we have shown above by giving parallel ideas from both.

Thus in the first and the third sections of this paper we have set forth the great antiquity of Veda and the historic background of Geeta and in the fourth, fifth and seventh sections, the nature and chief features of Veda and Geeta, in the fifth section, under about 14 subsections have been set forth the identical ideas, similar thoughts and parallel passages found common to Veda and Geeta, proving how almost the whole field covered by the Geetaic Doctrines is Vedic in character, and showing how very little, like the concept of Avataras, in Geeta is un-Vedic. And even this concept of Avataras can be traced to those Vedic Hymns in which Rishis speak as impersonating or representing such Devas as Indra, Vak (Divine revelation), etc., Krishna impersonating Divine Inspiration and Arjuna representing the troubled human soul. Viewed in this light the entire Geetaic Teaching can be traced to Veda. How then can we consistently say that Geeta speaks of Veda in scornful terms? About this we have dealt in the following section VI, which discusses one of those passages in Geeta in which translators and commentators of Geeta see self-contradictory references to Veda. We have shown therein that, had these people followed the rules of logic and grammar strictly then the scornful tone which they see in Geeta about Veda would vanish and

Nature's resources, called Devas or Shining Ones, that modern scholars call it secular and unspiritual, not knowing the fact that Vedic spirituality is the very life and soul of Vedic secularity sustaining and uplifting it every moment. 'Be in the world, work in the world, look upon it as the sacred love-gift and handiwork of God, study and master it, but be ever conscious of His love and grace, and make this God-consciousness the very fulcrum, as it were, of thy entire being and becoming'—this we may say is the message of the Veda, noble and sublime, to humanity. Veda wants people to live in and study and master the world and thus make it a stepping-stone to ascend Godwards by developing all their faculties duly in order to become the worthy immortal sons of God. Divine communion, friendship, association and sonship is the sublime ideal Veda places before man by teaching him how to substitute God in the place of Nature and its phenomena. Veda is optimistic through and through and its noble teachings and lofty ideals bear no trace of the pessimistic idea of a conflict between secularity and spirituality. Veda in fact tells us how to have a happy blending of both these as they are complementary, aiding each other and not contradictory or antagonistic in the least. We have to live in the world if we want at all to grow spiritually. Nature affords finest opportunities for us to grow in moral strength and spiritual vigour, not to speak of intellectual power or physical might. Nature is the hand-maid of real genuine spirituality if we know how to utilise her, and Veda teaches us how to do this.

Says Sri Sankara in his commentary on the Vedanta Sutras: 'God is the revealer of the vast body of Scripture beginning with the Rig Veda which is all-comprehensive and all-enlightening.' That the Rig Veda is the oldest Scripture of mankind all learned men are practically unanimous. Says Professor Max Muller: 'In the Veda all possible shades of the human mind have found their natural reflection. It is the first word spoken by the Aryan man. It belongs to the history of the world and to the history of India. We see in the Vedic Hymns the first revelation of Deity, the first expressions of surprise and suspicion, the first discovery that behind this visible and perishable world there must be something invisible, imperishable, eternal or divine. "We have become so accustomed to . . . . that we hardly consider how mysterious is that instinct which suggested to the first poets the extraordinary variety of rhythm which we find in the Veda. But there is a charm in these primitive strains discoverable in no other class of poetry. Every word retains something of its radical meaning, every epithet tells, every thought inspite of its most intricate and abrupt expressions, is, if we once disentangle it, true, correct, and complete" (pp. 552-4 History of Anc. Sans. Literature). Whatever be the age when the collection of our Rig Veda Samhita was finished, it was before that age *that the conviction had been formed that there is but One, One Being, neither male nor female, a Being raised high above all the conditions and limitations of personality and of human nature, and nevertheless the Being that was really meant by all such names as Indra, Agni, nay, even by the name of Prajapathi, the Lord of Creation. In fact, the Vedic Poets had arrived at a conception of the Godhead which was reached once more by some of the Christian Philosophers at Alexandria, but which even at present is beyond the reach of many who call themselves Christians.*' Says Victor Cousin 'When we read with attention the poetical and philosophical movements of the East, abave all those of India which are beginning to spread in Europe we discover there so many truths, and truths so profound, and which make such a contrast with the meanness of the results at which the European Genius has sometimes stopped that we are constrained to bend the knee before the East, and to see in this cradle of the human race the native land of the highest philosophy'. From all this it is clear that the Veda is the earliest all-comprehensive universal, non-sectarian Scripture of mankind; and Geeta is only such a reflection from the Veda as the moon gets from the sun.

Many a writer from the West was struck with the similarity the Geetaic doctrine of Bhakti showed to Christianity and it was said that Geeta borrowed its Bhakti from the

We have dealt with this special feature of the Veda as well as its great antiquity in the preceding sections of this paper. We shall now see what Geeta says of Veda in this respect. 'I shall now tell thee of that state which Veda-knowers call the Imperishable and Immutable, which strivers freed from all entanglements enter, and desiring which men lead a life of Brahmacharya (a pure life devoted to the study of Brahma, Veda, Nature and God)' viii, 11. 'Only the knowledge of Nature and God I regard as true Knowledge. Hear me tell thee what Kshetra is, and of what sort it is; what changes it undergoes, whence and how it is and works; and also who its Knower is and what His powers are. This has been sung by Rishis in many and different ways, in various hymns' (of the Veda) xiii, 2, 3, 4. Here Krishna tells Arjuna in clear terms that Veda deals with the same true knowledge of Nature and God as well as the Supreme Goal of man which he is just going to briefly place before Arjuna. Then he touches upon these matters (Nature, God, and true saving knowledge of which, he says, Veda deals in various and manifold ways) and concludes the chapter thus. 'They who thus know by the eyes of wisdom and spirit the distinction between body and soul and Nature and God and also the deliverance of souls from bondage—such reach the Supreme' (xiii, 34). Again in ii, 45, 46 Krishna says: 'The Vedas deal with all sorts of conditions, high, higher and highest, but rise thou above the lower grades to the highest and be steadfast therein. For a learned and enlightened Brahmin will be able to find in all the Vedas as much use, worth and value as men do in a reservoir (of water) into which water runs from all directions.' In all these verses we see how Geeta speaks in the highest terms of Veda although there are detractors of Veda who mistranslate them. Ignorance of the real nature of Vedic revelation as the deepest spiritual treasure ever vouchsafed to mankind has given rise in their minds to a strong prejudice against that earliest sacred scripture. Their charge against it is that it deals with secular ritual and is not spiritual in character. We have shown in our books *Vedic Teachings and Ideals*, *Gospel of the Vedas* that this charge of theirs is utterly unfounded, and that the Vedas are spiritual as well as secular, leading man step by step from Nature to God. The Vedic Rishis dedicated everything to God, they prayed to Him for everything invigorating and ennobling, they clung to Him, they longed and yearned for Him, they regarded and remembered Him as their nearest Kith and Kin, as their dearest friend, father, mother, guardian, champion, path-finder, master, purifier, vivifier, comforter, and bliss-giver. God to them was a Living Reality, more real than their own lives, nearer and dearer than their earthly kith and kin and possessions. In every act, in every sound, and in every motion they remembered Him, heard His voice and saw His finger. The Veda containing ardent outpourings and yearnings of the human heart for the Universal Divine Heart, in almost every situation, fervent supplications of the human soul to the Universal Soul, is secular indeed!

But of one thing we are certain that the spirituality of so-called spiritual people who despise the world and its things is not the ideal of spirituality the Veda places before mankind. Veda bases its ideal of spirituality on a sound secular basis. The world is not a snare nor an obstacle placed in our path Godwards, but it furnishes the necessary field to serve as the best training-ground for the development of all the faculties of man so that he may thereby perfect himself and become fit for holding communion with God. We have to study and master the laws of Nature and then those relating to mind and morals and spirit before we can know anything about God. This is the Vedic Doctrine which tells us to look upon the world as the sacred handiwork of God and His Love-Gift to us, His children to be fully and duly utilised by us for perfecting ourselves. We are not to run away from the world but to be in it and master it in order to rise higher in our ascent Godwards. According to this Vedic view-point the world is too little with us and not too much. To some extent Geeta follows this Vedic Doctrine, we think, although there are persons who think otherwise. But about Veda in this respect we are quite certain. The Veda lays so much stress on the full utilisation of

and heavens etc.', (x. 119). Now Krishna's utterances when he represents God or God's Revelation in Geeta resemble remarkably the utterances of the Rishis in Veda impersonating Devas, only a few of which we have given above. If we take Arjuna to represent the noble human soul who finds himself placed in grave perplexing plight, and if we take Krishna to represent the Divine Voice of Conscience, or much better, Vak the Divine Word of Revelation, then Geetaic utterances embodying most valuable advice to a noble perplexed soul become quite intelligible without the necessity of seeking the aid of Pantheism, or Avatara. In fact we have hinted at this at the very outset. To us the charm of Geeta lies not in its fantastic notions about Avatara or Pantheism but only in its ever-memorable words of true help, aid and succour addressed to a languishing soul at the most critical juncture by one representing the Divine Voice, Word of God, Revelation, and Conscience, all combined.

VIII. Summary and Conclusion

